No. 02

THE

NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

# PROCEEDINGS
# OF
# THE SPECIAL COMMITTEE OF THE WHOLE HOUSE HELD IN CAMERA TO CONSIDER THE QADIANI ISSUE

## OFFICIAL REPORT

*Tuesday, the 6th August, 1974*

(*Contains Nos. 1—21*)

CONTENTS


| | | Pages |
|---|---|---|
| 1. | Books for Reference during Cross-examination | 209–210 |
| 2. | Method of contacting the Attorney-General | 210 |


PRINTED BY THE MANAGER, PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN PRESS, ISLAMABAD.
PUBLISHED BY THE NATIONAL BOOK FOUNDATION, ISLAMABAD.

No. 02

# THE
# NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

## PROCEEDINGS
## OF
## THE SPECIAL COMMITTEE OF THE WHOLE HOUSE HELD IN CAMERA TO CONSIDER THE QADIANI ISSUE

---

## OFFICIAL REPORT

---

*Tuesday, the 6th August, 1974*

---

*(Contains Nos. 1—21)*

---

| | | |
|---|---|---|
| 3. | Interpretation/Confirmation of Documents/Writings | 210–211 |
| 4. | Women's Representation on Questions Committee | 211–213 |
| 5. | Repetition of Oath by the Witness | 214 |
| 6. | Cross-examination of the Qadiani Group Delegation | 214–250 |
| 7. | Evasive or Incorrect Replies by the Witness | 250–257 |
| | | *Pages* |
| 8. | Citation of Fatwas and their Reputations | 257–258 |
| 9. | Cross-examination of the Qadiani Group Delegation | 258–299 |
| 10. | Arrangement for Production of Books and References | 300–303 |
| 11. | Cross-examination of the Qadiani Group Delegation—*(Continued)* | 303–340 |
| 12. | Photographs of the Mosque in Ijebuode, Nigeria and its captions | 341–344 |
| 13. | Supply of copies of the Proceedings, relating to Cross-examination to Members/ Attorney-General | 344–345 |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

---

## PROCEEDINGS
## OF
## THE SPECIAL COMMITTEE OF THE WHOLE HOUSE
## HELD IN CAMERA

---

*Tuesday, the 6th August, 1974*

---

The Special Committee of the Whole House of the National Assembly of Pakistan met in Camera in the Assembly Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at the ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Sahibzada Farooq Ali) in the Chair.

---

## RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

---

**Mr. Chairman:** Should we start?

**Members:** Yes.

**Mr. Chairman:** They may be called.

*(Pause)*

جناب چیئرمین: ابھی باہر بیٹھیں۔

---

## BOOKS FOR REFERENCE DURING CROSS-EXAMINATION

**Mr. Chairman:** Mr. Attorney General, would you agree with me if the books are placed near you for reference?

**Mr. Yahya Bakhtiar** (Attorney-General of Pakistan): They are available.

**Mr. Chairman:** All are available?

**Mr. Yahya Bakhtiar** (Attorney-General of Pakistan): They are available.

**Mr. Chairman:** And the reference____which you put to the witness____may be shown that this is it.

And there should be least disturbance near the Attorney-General.

---

## METHOD OF CONTACTING THE ATTORNEY-GENERAL

**Mr. Chairman:** Two honourable members have been........

**Ch. Jahangir Ali:** Mr. Chairman, Sir,...........

**Mr. Chairman:** Just a mimute.................. requested to collect the chits. One is Maulana Zafar Ahmad Ansari and the other is Mr. Aziz Bhatti. The chits should be delivered to these honourable members. And, during the recesses, they can discuss with the Attorney-General. And any honourable member can discuss any matter with the Attorney-General in the recess but, when cross-examination is going on, there should be no disturbance, and specially no whispering around this area. Although I would not like whispering from this end or from that end, but around this area whispering should not be.

Yes, Ch. Jahangir Ali.

---

## INTERPRETATION OF DOCUMENTS OR WRITINGS

**Ch. Jahangir Ali:** Mr. Speaker, Sir........... oh! Mr. Chairman, Sir, interpretation of a document or a writing is not the job of a witness, I would therefore, request. Sir, that the witness should not be allowed to interpret the writings. It is the job of the presiding officer or the Judge, Sir, or this honourable committee, to give interpretation to the writings. He should be confronted only with this..............

**Mr. Chairman:** Yes.

**Ch. Jahangir Ali:**........... 'whether you admit the existence of this writing in your so and so'..........

**Mr. Chairman:** This is what is settled. You are the judges. You can draw any inference out of this..........

**Ch. Jahangir Ali:** Sir, he is wasting unnecessarily the time in giving interpretation——what was the interpretation before the Munir Committee, what was the statement before the Munir Committee....

**Mr. Chairman:** Ch. Sahib whenever any such difficulty arises, the Attorney-General can ask the Chair that this is unnecessary.

**Ch. Jahangir Ali:** All right. That is the better way.

**Mr. Chairman:** Begum Nasim Jahan.

**Begum Nasim Jahan:** A.............

**Mr. Chairman:** I have entirely left the matter in the hands of the Attorney-General. He can seek the protection of the Chair. He can seek the clarification or anything, whatever he needs.

Yes.

---

## WOMEN'S REPRESENTATION ON QUESTIONS COMMITTEE

**Begum Nasim Jahan:** Mr. Chairman, Sir, I am on a matter of clarification. Have women been given any representation on the Questions Committee?

**Mr. Chairman:** Pardon?

**Begum Nasim Jahan:** Have women been given any representation on the Questions Committee?

**Mr. Chairman:** The scope was so narrow: the scope was only five members to sit in the Questions Committee.

**Begum Nasim Jahan:** Sir, I...............

**Mr. Chairman:** The Steering Committee has got representation of one..........

**Begum Nasim Jahan:** Yes, Sir, I know.

**Mr. Chairman:** .... Begum Shireen Wahab; and the Questions Committee had to comprise out of the Steering Committee.

**Begum Nasim Jahan:** Mr. Speaker......Mr. Chairman, Sir, may I make a humble submission?

**Mr. Chairman:** Yes.

**Begum Nasim Jahan:** I consulted Begum Shireen Wahab about this thing and she said that the committee - The Questions Committee - was not formed when she was present. Now, Sir, I am fully aware - I don't want to be irrelevant and I don't want to waste your time and the time of the House.

Now the witness has made a very important statement in his examination-in-chief or in his dep...., you know, in what he deposed before the House. Now his link in this chain is that because the Holy Prophet of Islam (May peace of God be upon him) did not have a male issue, therefore, the female line cannot carry on his tradition. Therefore, we have to had a Roohani male issue carrying on his tradition.

Now, Sir, this is also an important issue in the case because it is an important link and also it hits the status of women. Now, a man who claims to represent one crore of muslims all over the world, I just want to...........

**Mr. Chairman:** I request the hon'able member to be patient.

ابھی ان کو نہ آنے دیں۔

**Begum Nasim Jahan:** Sir,...........

**Mr. Chairman:** Please stop them. Yes.

**Begum Nasim Jahan:** Sir, I just wanted - I never want to be irrelevant and I hope you will correct me when I am irrelevant - But whatever comes in the examination-in-chief is subject to cross examination. That is what I was told. May be I am wrong. But, Sir, I feel that this is a very important link and an important chain. There should be a woman on the Questions Committee, who should vet the questions.

**Mr. Chairman:** I will discuss the matter with the convener of the Questions Committee, because the Questions Committee came out of the Steering Committee.

**Begum Nasim Jahan:** Well, thank you, Sir, I am very grateful.

**Mr. Chairman:** Yes, I will just bring.......... I will convey the feelings of the honourable member to the Chairman of the Committee.

**Begum Nasim Jahan:** Sir, they all are supporting me.

**Mr. Chairman:** Yes, the entire House supports you. No, no, it has to go from the Steering Committee.

Now I will request the members, if they are prepared, we may call the witnesses.

They may be called.

*(The Delegation entered the Chamber)*

**Mr. Chairman:** I will request the honourable members to be attentive.

Mr. Attorney-General, you can proceed.

---

## REPETITION OF OATH BY THE WITNESS

**Mr. Chairman:** The Oath?

**Mr. Yahya Bakhtiar:** It may not be repeated, Sir, it is the same.

**Mr. Chairman:** Yes, it is. All right, the witness may take the oath. Otherwise, Rao Sahib, it is a continuing process; it is a continuing process.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** It is not necessary, Sir, at all.

**Mr. Chairman:** It is not necessary. Yes, it s a continuing process.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** It is a formality; that you have applied.

**Mr. Chairman:** It is cross-examination. It may be carried to one day, two days, three days. It is a continuing process. And the oath is for the entire examination.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** This is just a formality.

**Mr. Chairman:** No, then we have to go on for oath daily.

Yes, Mr. Attorney-General to continue.

---

## CROSS-EXAMINATION OF THE QADIANI GROUP DELEGATION

**Mr. Yahya Bakhtiar** (Attorney-General of Pakistan): Mirza Sahib, I don't want to waste your time or the time of the House. It is valuable. But, for the purpose of clarification, I will repeat one or two questions again because I am not sure what the reply was yesterday.

You said, Sir, that there are two categories of kafirs: One category is kafirs who fall outside the pale of Islam. Rather does it? Am I correct in understanding you?

مرزا ناصر احمد (گواہ، سربراہ جماعت احمدیہ، ربوہ): جی، میں اس کی وضاحت کر دیتا ہوں۔ کل میں نے یہ عرض کی تھی ____ جیسا کہ پہلے بھی سلف صالحین، بزرگوں نے یہ وضاحت کی ہے ____ کہ ''ایمان دون ایمان''۔ ایمان کے بھی درجات ہیں اور ''کفر دون کفر''۔ کفر کے بھی درجات ہیں۔ ابن تیمیہ بڑے مشہور ہمارے عالم ہیں اور اہل حدیث کے نزدیک امام ہیں ۔ وہ لکھتے ہیں اپنی کتاب 'کتاب الایمان' میں:

الکفر کفران احدھما ینکل عن الملہ و الاخر لا ینکل عن الملتہ۔ کہ کفر کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ کفر جو ملت اسلامیہ سے خارج کر دیتا ہے اور ایک وہ کفر جو ملت اسلامیہ سے خارج نہیں کرتا۔ جو کفر ملت اسلامیہ سے خارج نہیں کرتا وہ کفر بھی ہے اور اس کو ہم......یعنی ملت اسلامیہ سے خارج نہیں کرتا لیکن جماعت احمدیہ کے محاورہ میں دائرہ اسلام سے خارج کر دیتا ہے۔'دائرہ اسلام' اور ہے اور 'ملت اسلامیہ' اور ہے۔ تو جو کفر دائرہ اسلام سے خارج کرتا ہے لیکن ملت اسلامیہ سے خارج نہیں کرتا، اس کے لئے ہمیں سیاسی تعریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات پر مبنی بنانی چاہیے۔ اور وہ کفر جو ملت اسلامیہ سے خارج کر دیتا ہے......مثلاً کلمہ طیبہ کا انکار......کلمہ طیبہ کے انکار کے بعد ملت اسلامیہ میں نہیں رہتا۔ دائرہ اسلام کا سوال نہیں 'ملت اسلامیہ' میں ہی نہیں رہتا وہ۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Now, Sir, if......... shall I ask or you want to complete this?

مرزا ناصر احمد: ہاں جی ہیں جی؟

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Shall I ask you further question?

**Mirza Nasir Ahmad:** Yes.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Now, Sir, if a Muslim, as I submitted yesterday, accepts all the Prophets but does not accept Hazrat Isa as a Nabi, in which category he comes of kafir? Outside Daera-e-Islam (دائرہ اسلام) or outside Daera-e-Millat (دائرہ ملت) ?

مرزا ناصر احمد: جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت سے انکاری ہے ایسے لوگوں کو ہم دو قسموں میں منقسم کریں گے۔ ایک وہ جن کو یہ علم نہیں کہ قرآن کریم یہ مطالبہ کرتا ہے کہ ان کی نبوت کا اقرار کیا جائے۔ عوام جو ہیں ان کو قرآن کریم ناظرہ بھی نہیں آتا۔ ان میں سے اگر کسی شخص کے دماغ میں یہ بات ہو کہ عیسیٰ علیہ السلام کا انکار کوئی ایسی اہم بات نہیں ہے تو وہ ایسا شخص جو عدم علم کی وجہ سے، ان پڑھ ہونے کی وجہ سے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کا انکار کرتا ہے وہ ملت اسلامیہ سے خارج نہیں ہوتا، اگرچہ دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔

لیکن وہ شخص جو خدا کے حضور کھڑا ہو کے بغاوت کا ''ابیٰ واستکبرا'' کی طرح اعلان کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں جانتا ہوں کہ قرآن عظیم ہم سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ پہلے تمام انبیاء پر ایمان لاؤ اور قرآن عظیم اس مطالبے کے سات____ خود بتاتا ہے____ کہ انبیاء علیہم اسلام میں سے وہ ہیں جن کا ذکر نام لے کر قرآن عظیم میں بیان ہوا ہے اور وہ ہیں جن کا ذکر قرآن کریم میں بیان نہیں ہوا۔ تو ایک کو مجملاً جو بھی نبی آئے ہیں ہم ان پر ایمان لاتے ہیں، اور ایک کو تفصیلاً یعنی وہ تمام انبیاء جن کا نام قرآن کریم میں آیا ہے ان پر ہم ایمان لاتے ہیں____ جو بغاوت کر کے، باغیانہ طریق اختیار کر کے ''ابیٰ واستکبرا'' کے نتیجہ میں کہتا ہے کہ خدا حکم دیتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو نبی مانو، میں نہیں مانتا، تو وہ ملت اسلامیہ سے خارج ہو گیا۔

لیکن جو پہلی کیٹگری ہے وہ ملت اسلامیہ سے خارج نہیں ہوئی، دائرہ اسلام سے خارج ہو گئی۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! جو مسلمان مرزا غلام احمد کو نبی نہیں مانتے، وہ بھی دو کیٹگریز ہیں ان کی؟

مرزا ناصر احمد: وہ بھی دو کیٹگریز ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اسی طرح؟

مرزا ناصر احمد: یعنی..... ہاں، بالکل۔ یعنی ایک وہ لوگ ہیں جو ___ بعض دفعہ ہمیں بھی شبہ پڑتا ہے لیکن ہم تو انسان ہیں عالم غیب نہیں کہ یہ سمجھ گئے ہیں مگر انکار پر اصرار کر رہے ہیں ___ اگر واقع میں وہ ایسے ہیں تو ملت اسلامیہ سے خارج ہیں۔ لیکن جن کو یہ علم نہیں اور وہ انکار کر رہے ہیں، وہ دائرہ اسلام سے خارج ہیں لیکن ملت اسلامیہ سے خارج نہیں۔ اسی وجہ سے ہمارے بانیٔ سلسلہ، آپ کے جو نائبین تھے ___ اس وقت تیسرا نائب میں یہاں بیٹھا ہوں ___ ہم میں سے کسی نے بھی کسی جگہ ایک دفعہ بھی، جن کو عام محاورے میں لوگ کہہ دیتے ہیں غیر احمدی، ان کو غیر مسلم نہیں کہا۔ کہا ہی نہیں ___ لٹریچر میں ہمارے وہ ہے ہی نہیں کہ وہ غیر مسلم ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: 'غیر مسلم' کا مطلب 'ملت سے باہر' ہوگا؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، یعنی کہا ہی نہیں، ایک دفعہ بھی نہیں کہا گیا۔ وہ ملت اسلامیہ سے باہر نہیں لیکن دائرہ اسلام سے خارج ہے ___ یہ دو ہم کرتے ہیں، یہ دو فرق کر رہے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ان دو کیٹگریز سے آپ کے تعلقات میں کچھ فرق ہے کہ دونوں سے ایک جیسے تعلقات رکھتے ہیں آپ؟ دو کیٹگریز کے کافر ہیں: ایک ملت سے باہر ہیں، ایک دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں جی، ہاں جی، ٹھیک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ کے تعلقات ان دونوں سے ایک جیسے ہیں یا مختلف ہیں؟

مرزا ناصر احمد: میں سمجھ گیا ہوں، سوال میں سمجھ گیا ہوں۔ مختلف ہیں۔ ایک سے ہمارا انسانیت کا تعلق ہے، جو انسان اور انسان کے درمیان ہونا چاہیے، کیونکہ انسان اور انسان کا رشتہ ملت کا رشتہ نہیں ہے۔ یہ وہ رشتہ ہے جو ملت کا تو نہیں لیکن قرآن کریم نے بڑا زور دے کے اس رشتہ کو قائم کیا:

قُل انما انا بشر مثلکم

اُس کے......اس میں مخاطب سارے بشر ہیں، اور اپنی انسانی اقدار میں ان کے آپس میں تعلقات ہیں۔ کچھ عقل نے قائم کئے اور حقیقتاً، بنیادی طور پر اسلام نے قائم کئے۔

وہ لوگ جو باغیانہ راہ اختیار کر کے انکار کرتے ہیں اور ہمارے نزدیک ملت اسلامیہ سے خارج ہو جاتے ہیں، ان کے ساتھ ہمارے تعلقات انسان اور انسان کے تعلقات ہیں۔ وہ بھی پیار اور محبت کے تعلقات ہیں۔

لیکن جو ملت اسلامیہ سے خارج نہیں، لیکن دائرہ اسلام سے خارج ہیں، ان کے ساتھ تو ہمارے بہت گہرے تعلقات ہیں۔ ان سے تو اتنا پیار ہمارے دل میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیدا کیا بانیٔ سلسلہ احمدیہ نے کہ ان کے لئے بھی ہمارے دل میں پیار، تڑپ ہے۔ آپ نے فرمایا:

اے دل تو نیز خاطر ایناں نگہدار<br>
کافر کنند دعوئی حب پیمبرم

تو یہ فرق ہے ہر دو میں۔

جناب یحییٰ بختیار: میں آپ کی توجہ مرزا بشیر الدین محمود صاحب کی ایک تحریر یا تقریر کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ وہ فرماتے ہیں کہ جی:

''حضرت مسیح موعود نے غیر احمدیوں کے ساتھ صرف وہی سلوک جائز رکھا ہے جو نبی کریمؐ نے عیسائیوں کے ساتھ کیا۔ غیر احمدی سے ہماری نمازیں الگ کی گئیں۔ ان کو لڑکیاں دینا حرام قرار دیا گیا۔ ان کے جنازے پڑھنے سے روکا گیا۔ اب باقی کیا رہ گیا ہے جو ہم ان کے ساتھ کر سکتے ہیں؟ دوقسم کے تعلقات ہوتے ہیں___ ایک دینوی اور دوسرا دنیاوی۔ دینی تعلقات کا سب سے بڑا ذریعہ عبادت کا اکھٹا ہونا ہے، اور دنیاوی تعلقات کا بھاری ذریعہ رشتہ ناطہ ہے۔ تو یہ دونوں ہمارے لیے حرام قرار دیئے گئے۔ اگر کہو کہ ہم کو ان کی لڑکیاں لینے کی اجازت ہے تو میں کہتا ہوں کہ نصاریٰ کی لڑکیاں لینے کی بھی اجازت ہے۔ اور اگر یہ کہو کہ غیر احمدیوں کو سلام کیوں کیا جاتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ حدیث سے ثابت ہے کہ بعض اوقات نبی کریمؐ نے یہود تک کو سلام کا جواب دیا''۔

(Review of Religion, Page 129)

مرزا ناصر احمد: جی سوال کیا ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: میں عرض کر رہا ہوں کہ یہ تعلق جو انہوں نے کہا ہے کہ ان سے بالکل کوئی تعلق نہیں رہتا، یہ دونوں کیٹگریز کے لئے ہے یا ایک کیٹگری کے لئے ہے جن کو وہ کافر سمجھتے ہیں___ غیر احمدی؟ The word is not even used. The word, Sir, is not used-Kafir- at all. Non-Ahmadi, who does not accept Mirza Ghulam Ahmad......غیر احمدی۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، غیر احمدی، میں نے بتایا، کہ دوقسم کی کیٹگریز میں آ جاتے ہیں۔ یہ وہ ہیں جو پہلی کیٹگری میں ہیں، جو باغیانہ رویہ اختیار کرتے ہیں اور جانتے ......یہ سمجھنے کے بعد کہ بانیٔ سلسلہ اپنے دعویٰ میں سچے ہیں، پھر بھی انکار کرتے ہیں۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** In other words, Sir,........

مرزا ناصر احمد: لیکن وہ غیر احمدی جو دوسری کیٹگری میں ہیں ان کے متعلق نہیں کہتے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** In other words, you allow your girls to marry the other categories of non-Ahmadies?

مرزا ناصر احمد: نہیں، ان کی...... 'allow' جو ہے ناں لفظ......

**Mr. Yahya Bakhtiar:** I mean you have no objection. I could put it that way.

مرزا ناصر احمد: ہاں، اس کی وضاحت ہونی چاہیے تھی۔ ہماری objection جو ہے وہ اس بنیاد کے اوپر ہے کہ ہمارے خلاف یہ فتویٰ دیا گیا ہے کہ ان کی لڑکیاں نہیں لینی۔ اور جو وہابی یا بریلوی یا دیو بندی یا اہل حدیث یا اہل قرآن اپنے فتویٰ کے خلاف احمدی بچی سے شادی کرتا ہے، ہمارا تجربہ یہ ہے کہ وہ دونوں کی زندگیاں تلخ ہو جاتی ہیں، اس وہابی خاوند کی بھی اور اس احمدی لڑکی کی بھی، اسلئے ہم object کرتے ہیں۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Not as a matter of faith but as a matter of expediency you refuse?

مرزا ناصر احمد: شرعی نہیں ہے۔ یہ فتویٰ ایک تو شریعت کا فتویٰ ہے ناں......

جناب یحییٰ بختیار: اگر یہ علماء فتویٰ نہ دیتے......

مرزا ناصر احمد: یہ شرعی فتویٰ نہیں......جیسے یہ ایک......یہ جو ہے رشتہ ناطہ کا سوال:

''یہ شخص (یعنی بانیٔ سلسلہ ____ یہ میں اپنی طرف سے کہہ رہا ہوں) یہ شخص مرتد ہے اور اہل اسلام کو ایسے شخص سے ارتباط رکھنا حرام ہے۔ اسی طرح جو لوگ اس پر عقیدہ رکھتے ہیں وہ بھی کافر ہیں اور ان کے نکاح باقی نہیں رہے۔ جو چاہے ان کی عورتوں سے نکاح کرے''۔

تو ان فتوؤں کے بعد ازدواجی زندگی کا جو پیار اور حسن سلوک کا جو معاشرہ اور حالات پیدا ہوتے ہیں وہ نہیں ہو سکتے۔ اس واسطے یہ شرعی فتویٰ نہیں۔ لیکن we object to it.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** نہیں , you object to it because relations will not be happy. But if an Ahmadi marries a non-Ahmadi girl, the relations will be all right? It will be happy? Further it is............

**Mirza Nasir Ahmad:** No, we don't like...........

نہیں، نہیں،......

**Mr. Yahya Bakhtiar:** It is what Mirza Sahib says کہ عیسائیوں کی طرح ان کی لڑکیوں سے بھی شادی کر سکتے ہیں۔

**Mirza Nasir Ahmad:** It would be happier than that in the previous case.

اس واسطے کہ ہمارا جو ہے احمدی نوجوان، اُس سے ہم توقع رکھتے ہیں ___ ضروری نہیں کہ وہ ہماری توقع پوری کر دے ___ اس سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ تمام حقوق اپنی بیوی کے ادا کرے گا جو اسلام نے اس پر عائد کئے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اور آپ غیر احمدیوں سے یہ توقع نہیں کرتے؟

مرزا ناصر احمد: اس فتویٰ کے بعد میں توقع نہیں کرتا۔

جناب یحییٰ بختیار: اچھا۔ مرزا صاحب!..................

مرزا ناصر احمد: اور یہ فتویٰ جو ہے یہ اس کا حوالہ نوٹ کر لیں تا کہ...... یہ اشاعت السُّنہ، جلد ۱۳، صفحہ ۵ کے اوپر ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی دونوں کیٹگریز کے جو مسلمان ہیں، جہاں تک شادی کا تعلق ہے، یہ عیسائیوں کی طرح ٹریٹ ہوں گے؟

مرزا ناصر احمد: جہاں تک شادی کا تعلق ہے تو پہلی کیٹگری جو ہے......

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو clear ہے جی۔

مرزا ناصر احمد: وہ تو عیسائیوں کی طرح ٹریٹ ہوں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: دوسری کیٹگری جو ہے؟

مرزا ناصر احمد: جو دوسری کیٹگری ہے اس پر شرعی کوئی نہیں فتویٰ۔

جناب یحییٰ بختیار: شرعی نہیں، but in fact آپ نہیں کرتے؟

مرزا ناصر احمد: شرعی کوئی نہیں فتویٰ۔

جناب یحییٰ بختیار: اور نماز کے بارے میں؟

مرزا ناصر احمد: نماز کے بارے میں انہوں نے یہ بھی فتویٰ دے دیا۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Supposing there is no Fatwa at all; but what is your faith, what is your belief?

**Mirza Nasir Ahmad:** No, why suppose a thing which does not exist?

**Mr. Yahya Bakhtiar:** But, Sir, supposing there had been no Fatwa at all.............

**Mirza Nasir Ahmad:** In that realm of unreality you might issue any Fatwa.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No, but supposing...........

**Mirza Nasir Ahmad:** Why suppose unreality?

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No, but you think that the only reason is Fatwa?

مرزا ناصر احمد: میرا دماغ بڑا کمزور ہے۔ میں جو غیر حقیقی چیزیں ہیں وہ تخیل میں ہی

جناب یحییٰ بختیار: میں آپ سے پھر گزارش کرتا ہوں کہ پہلے تو یہ اگر فتویٰ نہ ہوتا......

مرزا ناصر احمد: اگر فتویٰ نہ ہوتا تو حالات ہی یہ نہ ہوتے۔ اور اگر فتویٰ نہ ہوتا تو یہ شادی، بیاہ، جنازہ، نماز پڑھنا، یہ حالات ہی نہ ہوتے۔ ان فتاویٰ نے پہل کر کے تو سارے حالات پیدا کر دیئے۔

جناب یحییٰ بختیار: ویسے عقیدے کے لحاظ سے آپ کو کوئی اعتراض نہیں ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ جو اس قسم کے فتوے دے ان کے ساتھ......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، اگر فتوے نہ دے؟

مرزا ناصر احمد: اگر فتوے نہ دے اور وہ......اس کا..........سلوک ہی اس کے ساتھ اور ہو جائیگا۔

جناب یحییٰ بختیار: تو آپ یہ فرمائیے کہ جو آدمی فتویٰ دے....

مرزا ناصر احمد: جو آدمی فتویٰ دے یا جو خاموشی سے اس کا ساتھ دے اور......

جناب یحییٰ بختیار: اور جو فتویٰ نہ دے اس کے ساتھ بھی وہی سلوک؟ یا مختلف ہو گا؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، آپ کنفیوز(confuse) کر دیتے ہیں ایشو (issue)۔ ایک ہے فتویٰ۔ ایک شخص فتویٰ نہیں دیتا لیکن اس کے پیچھے لگتا ہے، مفتی کے، اور آپ ان دو کو علیحدہ علیحدہ کر دیتے ہیں۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** I will put it in a different way: If a person is not aware of Fatwa, but he believes it is his faith.......

**Mirza Nasir Ahmad:** He has blind faith in his religious leader who has issued the Fatwa.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No, no, not in the Maulvi, Sir. What I was submitting is that a Muslim feels and he has his faith that after the Holy Prophet Muhammad صلی اللہ علیہ وسلم no other Prophet of any category or kind can come. This is his...........

مرزا ناصر احمد: آں، یہ ٹھیک ہے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** After that, he has never even heard of Mirza Ghulam Ahmad, he never heard of any Fatwa..........

مرزا ناصر احمد: یہ ان......دو مہینے جو گذرے ہیں پیچھے، اس کے بعد تو ہم نہیں کہہ سکتے کہ اس نے کبھی سنا نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: میں سمجھتا ہوں کہ شاید سب نے......فرض کیجئے قائد اعظم نے نہیں سنا......

مرزا ناصر احمد: کس نے؟

جناب یحییٰ بختیار: ................قائد اعظم نے ان فتووں کے بارے میں نہیں سنا: his faith was that one other Prophet would come.........

مرزا ناصر احمد: ان کے اتنے گہرے تعلقات احمدیوں کے ساتھ تھے کہ آپ کی supposition میرے نزدیک غلط ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، فتووں کا میں کہہ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، فتووں کا میں بھی کہہ رہا ہوں۔ عبدالحمید بدایونی صاحب، حامد بدایونی صاحب نے اجلاس لاہور میں ان سے اس معاملہ پر بحث کی ہے اور آپ کہتے ہیں کہ ان کو علم نہیں تھا؟

جناب یحییٰ بختیار: انہوں نے فتویٰ دیا ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں انہوں نے قرارداد پیش کی تھی۔ انہوں نے قرارداد پیش کی۔

جناب یحییٰ بختیار: قائداعظم نے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، حامد بدایونی صاحب نے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، انہوں نے تو فتویٰ دیا۔ قائداعظم نے بھی کوئی فتویٰ دیا؟

مرزا ناصر احمد: قائداعظم کے سامنے انہوں نے یہ قرارداد پیش کی تھی، اس واسطے قائداعظم صاحب کو ان فتاویٰ کا علم تھا۔ اس وقت صرف یہ بات ہو رہی ہے کہ علم تھا یا نہیں تھا۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ کا یہ خیال ہے کہ انہوں نے اس کو سپورٹ(support) کیا؟

مرزا ناصر احمد: میرا یہ خیال ہے کہ انہوں نے اس کفر کے فتوے کے خلاف کوئی فتویٰ صادر نہیں کیا۔

جناب یحییٰ بختیار: اچھا جی، اگر کوئی آدمی سن نہیں سکتا، دیکھ نہیں سکتا،......

مرزا ناصر احمد: موفوع القلم اس کو کہتے ہیں ہماری زبان میں۔

جناب یحییٰ بختیار: اس کے بارے میں بھی آپ یہی کہتے ہیں کہ اس نے repudiate نہیں کیا؟

مرزا ناصر احمد: اس کو ہم مرفوع القلم کہتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ بھی کافروں کی اس کیٹگری میں آ جاتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: وہ......

جناب یحییٰ بختیار: اس نے تو نہیں مانا۔

مرزا ناصر احمد: وہ مرفوع القلم ہے۔ اس کے اوپر کوئی شرعی حکم لگتا ہی نہیں جو پاگل ہے، جس کے حالات اس قسم کے ہیں،......

جناب یحیٰی بختیار: جس شخص نے......

مرزا ناصر احمد: ......کوئی مواخذہ نہیں ہے۔ اسلام کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے مواخذہ ہی نہیں کرے گا۔

جناب یحیٰی بختیار: اور اگر کوئی بچہّ ہو چھ سال کا، دو سال کا، چھ مہینے کا وہ تو کوئی repudiate نہیں کرسکتا جی فتوے کو؟ چھوٹا بچہّ چھ مہینے کا......

**Mirza Nasir Ahmad:** On both sides..........

**Mr. Yahya Bakhtiar:** ..........he cannot repudiate; he is not capable of repudiation جی.

مرزا ناصر احمد: یہ تو موٹی بات ہے۔ اپنے والدین کے مذہب کے اوپر بچے ہیں۔ اگر جب وہ جوان کے ہو جائے تو پھر وہ repudiate کر دے تو وہ اپنے ماں باپ کے مذہب سے علیحدہ ہو جاتا ہے اور اگر نہ کرے تو ان کے ساتھ چلتا ہے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Now, Sir, I will ask you another question, if you dont mind. In tribal society, a brother is responsible for the sins and crime of his brother but, in Islam and in civilized society, I am responsible for my crime, for my sin, and not for my brother's crime or my brother's sin. Is it correct or not?

مرزا ناصر احمد: لا تَزِرُ وَازِرَتہ وِ زرَا اُخریٰ

ہر شخص اپنے اعمال کا خود جوابدہ ہے اللہ تعالیٰ کے سامنے،قرآن کریم کہتا ہے۔

ہاں،......

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No, if the child's father has committed the sin of not accepting..... from your point of view.......... Mirza Ghulam Ahmad as Nabi..........

مرزا ناصر احمد: اور وہ اپنے گھر میں......

**Mr. Yahya Bakhtiar:** ......... his six month's old child, are you punishing him also for the sin of his father?

**Mirza Nasir Ahmad:** No, we won't punish the boy.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Has not Mirza Bashir-ud-din said:

''اس کا جنازہ بھی مت پڑھو جیسے عیسائی بچوں کا جنازہ نہیں پڑھتے۔''

**Mirza Nasir Ahmad:** جنازہ نہ پڑھنا is not a punishment.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** But why?

**Mirza Nasir Ahmad:** It is not a punishment; I tell you why.
نماز جنازہ متفقہ طور پر آئمہ فقہ کے نزدیک فرض کفایہ ہے۔ یہ فرض نہیں ہے، یہ فرض کفایہ ہے۔ اور فرض کفایہ فقہ میں اس فرض کو کہتے ہیں کہ اگر امت مسلمہ کے چند آدمی اس فرض کو ادا کر دیں تو کسی پر گناہ نہیں ہے۔ اگر اس بچے کا بیس آدمی یا دس آدمی جنازہ پڑھ لیتے ہیں تو وہ لوگ جو جنازہ نہیں پڑھتے وہ کسی گناہ کے مرتکب نہیں ہو رہے۔ یہ فتویٰ ہے ہماری فقہ کا، اور متفقہ فتویٰ۔ جو گناہ ہی نہیں ہے وہ punishment کیسے بن گئی؟

**Mr. Yahya Bakhtiar:** My question was: the way you treat muslims of different categories, who don't belong to Ahmadis' school of thought, any distinction do you make between the two categories? جو دائرہ اسلام سے خارج ہیں، اور جو ملت اسلامیہ سے خارج ہیں، ان دو کیٹگریز کی آپ نے وضاحت کی۔ میں پوچھتا ہوں کہ کس sense میں ان دونوں میں آپ......

مرزا ناصر احمد: یہ دو کیٹگریز کی جو وضاحت کی میں نے ، وہ صرف دسواں حصہ کی، باقی نو حصے باقی ہیں۔ وہ آپ اگر سن لیں؟

**Mr. Yahya Bakhtiar:** نہیں جی ......... we are here; because we want the issue to be clarified.

مرزا ناصر احمد: یہ نماز پڑھنے کا تھا ناں سوال۔ اب یہ سن لیں باقی حصے نو جو ہیں، یا کم و بیش نو۔ یہ ایک فتویٰ ہے:

''یہ فتوے دینے والے صرف ہندوستان کے علماء ہی نہیں بلکہ جب وہابیہ دیوبندیہ کی عبارتیں ترجمہ کر کے بھیجی گئیں تو افغانستان، خیوا، بخارا، ایران، مصر، روم، شام اور مکہ معظمہ و مدینہ منورہ وغیرہ تمام دیار عرب و کوفہ و بغداد شریف غرض تمام جہان کے علماء اہل سنت نے بالا تفاق یہ فتویٰ دیا ہے''

فتویٰ یہ ہے:

''وہابیہ دیوبندیہ اپنی عبارتوں میں تمام اولیاء، انبیاء، حتیٰ کہ حضرت سید الاولین و آخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اور خاص ذات باری تعالیٰ شانہ کی اہانت و ہتک کرنے کی وجہ سے قطعاً مرتد و کافر ہیں اور ان کا ارتداد کفر میں سخت سخت اشد درجہ تک پہنچ چکا ہے۔ ایسا کہ جو ان مرتدوں اور کافروں کے ارتداد و کفر میں ذرا بھی شک کرے وہ بھی انہی جیسا مرتد اور کافر ہے اور جو اس شک کرنے والے کے کفر میں شک کرے وہ بھی مرتد و کافر ہے۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ ان سے بالکل ہی محترز، مجتنب رہیں۔ ان کے پیچھے نماز پڑھنے کا تو ذکر ہی کیا اپنے پیچھے بھی ان کو نماز نہ پڑھنے دیں اور نہ اپنی مسجدوں میں گھسنے دیں نہ ان کا ذبیحہ کھائیں اور نہ ان کی شادی غمی میں شریک ہوں۔ نہ اپنے ہاں ان کو آنے دیں۔ یہ بیمار

ہوں تو عیادت کو نہ جائیں۔ مریں تو گاڑانے توپنے میں شرکت نہ کریں۔ مسلمانوں کے قبرستان میں جگہ نہ دیں۔ غرض ان سے بالکل احتیاط و اجتناب رکھیں...... پس وہابیہ و دیوبندیہ......"

**Mr. Chairman:** It is already in the Mahzar Nama; it need not be read; it is part of Mahzar Nama at page.........

**Mirza Nasir Ahmad:** The question is repeated.

**Mr. Chairman:** ....... at page 154.

**Mirza Nasir Ahmad:** I beg..........

**Mr. Chairman:** Yes?

**Mirza Nasir Ahmad:** ......... to submit that I may be allowed to repeat..........

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No, no, if he wants to emphasize that, I have no objection.

**Mirza Nasir Ahmad:** If you repeat the question, I will have to repeat the answer.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Certainly. Certainly.

مرزا ناصر احمد: "پس وہابیہ دیوبندیہ سخت اشد مرتد و کافر ہیں ایسے کہ جو ان کو کافر نہ کہے خود کافر ہو جائیگا۔ اس کی عورت اس کے عقد سے باہر ہو جائے گی اور جو اولاد ہو گی وہ حرامی ہو گی۔ اور از روئے شریعت ترکہ نہ پائے گی۔"

اس اشتہار میں جن علماء کے نام ہیں ان میں سے چند ایک یہ ہیں: سید جماعت علی شاہ صاحب، حامد رضا صاحب، قادری نوری رضوی بریلوی، محمد کرم دین، محمد جمیل احمد بدایونی، وغیرہ، بہت سے علماء کے نام ہیں۔

ایک رخ یہ بھی ہے تصویر کا۔ ان کے بچوں کے متعلق بھی وہی ہے فتویٰ جس کے متعلق آپ مجھ سے وضاحت کروانا چاہتے ہیں۔ اور یہ اس سے کہیں زیادہ سخت ہے۔ اور یہ بہت سارے حوالے ہیں۔ میں ساروں کو چھوڑتا ہوں تاکہ وقت ضائع نہ ہو۔ یہاں آ چکے ہیں۔

اہل حدیث کے پیچھے نماز پڑھیں تو اس کے متعلق بریلوی آئمہ ہمیں غیر مبہم الفاظ میں خبردار کرتے ہیں کہ:

"وہابیہ وغیرہ مقلدین زمانہ باتفاق علمائے حرمین شریفین کافر مرتد ہیں۔ ایسے کہ جو ان کے اقوال ملعونہ پر اطلاع پا کر انہیں کافر نہ جانے یا شک ہی کرے خود کافر ہے۔ ان کے پیچھے نماز ہوتی ہی نہیں۔ ان کے ہاتھ کا ذبیحہ حرام۔ ان کی بیویاں نکاح سے نکل گئیں ان کا نکاح کسی مسلمان کافر یا مرتد سے نہیں ہو سکتا۔ ان کے ساتھ میل جول، کھانا پینا، اٹھنا بیٹھنا، سلام کلام سب حرام۔ ان کے مفصل احکام کتاب مستطاب حسام الحرمین شریف میں موجود ہیں۔"

یہ اہل حدیث کے متعلق نماز کا ذکر ہو رہا ہے، پیچھے نماز پڑھنے کے۔ باقی اس کے حوالے میں چھوڑتا ہوں۔

بریلویوں کے متعلق نماز جہاں تک پڑھنے کا سوال ہے، دیو بندی علماء یہ شرعی حکم ہمیں سناتے ہیں:

"جو شخص اللہ جل شانہ، کے سوا علم غیب کسی دوسرے کو ثابت کرے اور اللہ تعالیٰ کے برابر کسی دوسرے کا علم جانے وہ بیشک کافر ہے۔ اس کی امامت اور اس سے میل جول محبت و مودت سب حرام ہیں"۔

یہ فتاویٰ رشیدیہ، حضرت مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا ہے جو ان کے مرشد ہیں ان کا ہے یہ فتویٰ۔ اور میں صرف ایک ایک فتوے کو صرف بتا رہا ہوں تا کہ معاملہ جو ہے صاف کر سکوں۔ پرویزیوں اور چکڑالویوں کے متعلق نماز پڑھنے کے سلسلے میں یہ فتویٰ ہے:

''چکڑالویت حضورؐ سرور کائنات علیہ التسلیمات کے منصب و مقام اور آپ کی تشریحی حیثیت کی منکر اور آپ کی احادیث مبارکہ کی جانی دشمن ہے۔ رسول کریم ﷺ کے ان کھلے ہوئے باغیوں نے رسولؐ کے خلاف ایک مضبوط محاذ قائم کر دیا ہے۔ جانتے ہو! باغی کی سزا کیا ہے؟ صرف گولی۔''

شیعہ حضرات کے متعلق، ان کے پیچھے نماز ہوتی ہے یا نہیں:

''بالجملہ ان رافضیوں تبرائیوں کے باب میں حکم یقینی قطعی اجماعی یہ ہے کہ وہ علی العموم کفّار مرتدین ہیں۔ ان کے ہاتھ کا ذبیحہ مردار ہے۔ ان کے ساتھ مناکحت نہ صرف حرام بلکہ خالص زنا ہے۔ معاذ اللہ مرد رافضی اور عورت مسلمان ہو تو یہ سخت قہر الٰہی ہے۔ اگر مرد سنی اور عورت ان خبیثوں کی ہو جب بھی نکاح ہرگز نہ ہوگا محض زنا ہوگا۔ اولاد ولد الزنا ہوگی۔ باپ کا ترکہ نہ پائے گی اگرچہ اولاد بھی سنی ہی ہو۔ کہ شرعاً ولد الزنا کا باپ کوئی نہیں۔ عورت نہ ترکہ کی مستحق ہوگی نہ مہر کی کہ زانیہ کے لئے مہر نہیں۔ رافضی اپنے کسی قریب حتیٰ کہ باپ بیٹے ماں بیٹی کا بھی ترکہ نہیں پا سکتا۔ سنی تو سنی کسی مسلمان بلکہ کسی کافر کے بھی یہاں تک کہ خود اپنے ہم مذہب رافضی کے ترکہ میں اس کا اصلاً کچھ حق نہیں۔ ان کے مرد عورت، عالم، جاہل، کسی سے میل جول، سلام کلام سخت کبیرہ اشد حرام۔ جو ان کے ملعون عقیدوں پر آگاہ ہو کر بھی انہیں مسلمان جانے یا ان کے کافر ہونے میں شک کرے باجماع تمام آئمہ دین خود کافر بے دین ہے اور اس کے لئے بھی یہی سب احکام ہیں جو

ان کے لئے مذکور ہوئے۔ مسلمان پر فرض ہے کہ اس فتویٰ کو بگوش ہوش سنیں اور
اس پر عمل کر کے سچے پکے سنی بنیں۔"

(فتویٰ مولانا شاہ مصطفیٰ رضا خان۔ بحوالہ رسالہ ردّ الرافضہ)

یہ تو اس میں آگئے ہیں۔ یہاں یہ سوال نہیں کہ احمدی وہابیوں دیو بندیوں وغیرہ کے پیچھے نماز کیوں نہیں پڑھتا یا ان کی شادیاں جو ہیں ان کو کیوں مکروہ سمجھا جاتا ہے۔ اس سے کہیں زیادہ سخت فتوے موجود ہیں۔ تو ساروں کو اکٹھا رکھ کے کوئی فیصلہ کرنا چاہیے ہمیں۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Sir, I ask you that you don't say prayer because of the Fatwa or because of the matter of your own faith? Because if I don't accept Mirza Ghulam Ahmad as Nabi..........

مرزا ناصر احمد: یہ جو میں نے فتوے پڑھے ان میں تو نبی ماننے یہ نہ ماننے کا سوال ہی نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: میں کہہ رہا ہوں کہ آپ ان کو کس کیٹگری میں فتووں میں شمار کرتے ہیں؟ جو بالکل دائرہ اسلام سے خارج کر دیتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: یہ تو وہ بتائیں گے ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ کے نظریہ سے؟

مرزا ناصر احمد: یہ جو فتوے میں نے پڑھے ہیں؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی۔

مرزا ناصر احمد: یہ تو جنہوں جنہوں نے فتوے دیے ہیں، میں کیسے بتا دوں کہ وہ کیا کرتے ہیں؟

جناب یحییٰ بختیار: لیکن آپ جو سٹڈی کر رہے ہیں.....

مرزا ناصر احمد: میں نے جو سٹڈی کیا ہے، وہ جو میرا استدلال ہے ______ مجھے اللہ تعالیٰ نے عقل دی ہے ______ میں اس یقین پر قائم ہوں کہ میرے استدلال کے وہ پابند نہیں ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ پابند نہیں ہیں، مگر آپ کے نقطۂ نظر سے یہ دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتے ہیں یا ملت اسلامیہ سے؟

مرزا ناصر احمد: میں تو ______ حسن ظن کی طرف مائل ہوتا ہے میرا دماغ۔ اس لئے میرا دماغ اس طرف جاتا ہے کہ ان کے نزدیک بھی دائرہ اسلام سے خارج ہوتے ہیں، ملت اسلامیہ سے خارج نہیں ہوتے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور جو فتوے آپ کے متعلق، احمدیہ جماعت کے متعلق دیے ہیں علماء نے، وہ کس قسم کے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: جو علماء بیٹھے ہیں آپ......

جناب یحییٰ بختیار: آپ کے پوائنٹ آف ویو سے......

مرزا ناصر احمد: میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔

جناب یحییٰ بختیار: ......وہ آپ کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں یا......

مرزا ناصر احمد: وہی بتائیں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......ملت اسلامیہ سے؟

مرزا ناصر احمد: ان کے متعلق میں کیسے بتا دوں؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، آپ نے کہا کہ......

مرزا ناصر احمد: باقیوں کے متعلق تو میں نے کہا ہے کیونکہ میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں تھا۔ جب میں اپنے متعلق بات کروں گا تو سمجھا جائیگا کہ I am prejudiced against........ in favour of myself.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No. Sir, you said yesterday that the Fatwa boomerangs. Now........

مرزا ناصر احمد: وہ میرا جنرل آئیڈیا یہ ہے کہ اس کو، ان فتاویٰ کو معقولیت دینے کے لئے، معقولیت کا رنگ پہنانے کے لئے اور اسلام کے شیرازہ کو متحد رکھنے کے لئے ہم اس

طرف، ہمیں اس کی طرف مائل ہونا چاہیے کہ یہ فتاویٰ دائرہ اسلام سے خارج کرتے ہیں، ملت اسلامیہ سے خارج نہیں کرتے ______ ہمارے متعلق بھی اور آپس کے متعلق بھی۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Sir, I again want to ask ______ because this reply was not clear to me ______ as to why the Janaza prayer of a child of six months.........

مرزا ناصر احمد: جو بچے کا جنازہ ہے......

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی۔

مرزا ناصر احمد: ......وہ فرض ہی نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، فرض نہ سہی۔ احمدی، بچے کا پڑھ لیں گے؟ کہتے ہیں: اس کا مت پڑھو، اس کو ایسے ہی جیسے عیسائی کا پڑھتے ہیں، ہندو کا پڑھتے ہیں......

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں۔ وہ تو جو آپ حوالہ دیتے ہیں ناں، نہ میں اس کی تردید کرتا ہوں، نہ تصدیق کرتا ہوں، اس واسطے کہ جب تک میں اصل نہ دیکھوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ دیانتداری سے میرے ساتھ متفق ہوں گے کہ یہ مجھے تصدیق کرنی چاہیے نہ تردید کرنی چاہیے۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو ٹھیک ہے، اگر آپ اس سے انکار کرتے ہیں تو اس کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، نہ میں تصدیق کرتا ہوں، نہ تردید کرتا ہوں۔

جناب یحییٰ بختیار: اگر آپ اس کو تصدیق کر دیں، اس کے بعد میں کہوں گا۔

مرزا ناصر احمد: میں تو نہ تصدیق کرتا ہوں، نہ تردید کرتا ہوں، جب تک کہ اوریجنل کو refer نہ کروں۔

(مداخلت)

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، آپ verify تو کر سکتے ہیں۔ نہیں تو ہم آپ کے سامنے پیش بھی کر سکتے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، پیش تو ضرور کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کا حق ہے۔ کون چھینتا ہے آپ سے؟

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Now, Sir, I draw your attention to the collection of speeches and addresses of Mirza Bashir-ud-din Mohammad Ahmad Sahib.

مرزا ناصر احمد: کیا نام ہے اس کا؟

جناب یحییٰ بختیار: 'انوار خلافت' page 93 -

**Mirza Nasir Ahmad:** Page?

جناب یحییٰ بختیار: 93:

''اب ایک اور سوال رہ جاتا ہے کہ غیر احمدی تو حضرت مسیح موعود کے منکر ہوئے۔ اس لئے ان کا جنازہ نہیں پڑھنا چاہیے۔''

Now, Sir, here I will respectfully say that no question of Fatwa has come. Here is a clear injunction on them.

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: ''لیکن اگر کسی غیر احمدی کا چھوٹا بچہ مر جائے تو اس کا جنازہ کیوں نہ پڑھا جائے؟ وہ تو مسیح موعود کا مکفر نہیں''

Sorry, I don't know.

مرزا ناصر احمد: ''مکفر نہیں''

جناب یحییٰ بختیار: ہاں۔

میں یہ سوال کرنے والے سے پوچھتا ہوں کہ اگر یہ بات درست ہے تو پھر ہندوؤں اور عیسائیوں کے بچوں کا جنازہ کیوں نہیں پڑھا جاتا اور کتنے لوگ ہیں جو

ان کا جنازہ پڑھتے ہیں؟ اصل بات یہ ہے کہ جو ماں باپ کا مذہب ہوتا ہے شریعت وہی مذہب کا بچے کا قرار دیتی ہے۔ پس غیر احمدی کا بچہ بھی غیر احمدی ہوا۔ اس لئے اس کا جنازہ بھی نہیں پڑھنا چاہیے۔ پھر میں کہتا ہوں کہ بچہ تو گہنگار نہیں ہوتا۔ اس کے جنازے کی ضرورت ہی کیا ہے۔ بچے کا جنازہ تو دعا ہوتی ہے۔ اس کے پسماندگان کے لئے۔ اور اس کے پسماندگان ہمارے نہیں بلکہ غیر احمدی ہوتے ہیں۔ اس لئے بچے کا جنازہ نہیں پڑھنا چاہیے۔ باقی رہا کوئی ایسا شخص جو حضرت صاحب کو تو سچا مانتا ہے لیکن ابھی اس نے بیعت نہیں کی یا اہمیت کے متعلق غور کر رہا ہے اور اس حالت میں مر گیا تو مر گیا۔ اس کو ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ کوئی سزا نہ دے لیکن شریعت کا فتویٰ ظاہری حالات کے مطابق ہوتا ہے۔ اسلئے ہمیں اس کے متعلق بھی یہ کرنا چاہیے کہ اس کا جنازہ نہ پڑھیں''۔

<u>مرزا ناصر احمد</u>: جی۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** So, this is a part of the reference.

<u>مرزا ناصر احمد</u>: ہاں، یہ ٹھیک ہے۔ یہ سوال جسٹس منیر کی انکوائری میں کیا گیا تھا خود حضرت خلیفہ ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے، اور انہوں نے اس کا جو جواب دیا وہ میں سنا دیتا ہوں:

''کیا آپ نے 'انوار خلافت' کے صفحہ ۵۳ پر کہا ہے......''

آگے وہی اقتباس ہے جو آپ نے پڑھا۔

''جواب: ہاں۔ لیکن یہ بات میں نے اسلئے کہی تھی کہ غیر احمدی علماء نے یہ فتویٰ دیا تھا کہ احمدیوں کے بچوں کو بھی مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہ ہونے دیا جائے۔ واقعہ یہ ہے کہ احمدی عورتوں اور بچوں کی نعشیں قبروں سے اکھاڑ کر باہر

پھینکی گئیں۔ چونکہ ان کا فتویٰ اب تک قائم ہے اسلئے میرا فتویٰ بھی قائم ہے۔
البتہ اب ہمیں بانیٔ سلسلہ کا ایک فتویٰ ملا ہے جس کے مطابق ممکن ہے غور وخوض
کے بعد پہلے فتوے میں ترمیم کر دی جائے''

یہ جو ہے کہ احمدی بچوں کو دفن نہیں کیا گیا، اس کے متعلق یہ 20 اگست 1915 کا
واقعہ ____ الفضل، 19 اکتوبر 1915 ____ یہ واقعہ جو ہوا ہے بچے کے متعلق، وہ
ہے:

''مالا بارؔ کے ایک احمدی کے۔ ایس۔ حسن کا چھوٹا بچہ فوت ہو گیا۔ ریاست کے
راجہ صاحب نے حکم دے دیا کہ چونکہ قاضی صاحب نے احمدیوں کے متعلق کفر کا فتویٰ
دے دیا ہے اس لیے ان کی نعش مسلمانوں کے کسی قبرستان میں دفن نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ
وہ بچہ اس دن دفن نہ ہوا۔ دوسرے دن شام کے قریب مسلمانوں کے قبرستان سے دو میل
دور اس کی نعش کو دفن کر دیا گیا۔''

اور اب یہ ابھی ان پچھلے دنوں میں گوجرانوالہ میں ایک بچی فوت ہوئی، اس کو دفن نہیں
ہونے دیا۔ قائد آباد میں ایک احمدی فوت ہوا، اس کو دفن نہیں ہونے دیا اور قبر اکھاڑ کر
نعش کو باہر پھینک دیا۔ ان حالات میں آپ بتائیں کیا فتویٰ ہونا چاہیے؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، میں فتویٰ نہیں کہہ رہا۔ ایک آدمی غلطی کرتا ہے تو
جواب تو نہیں ہوتا کہ دوسرا بھی غلطی کرے؟

مرزا ناصر احمد: ایک آدمی غلطی کرتا ہے تو دوسرے آدمی پر فرض ہو جاتا ہے کہ فتنے
میں نہ پڑے اور دوسروں کو بھی فتنے سے بچائے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، بچے کا جنازہ پڑھنا فتنے میں پڑنے کے برابر ہوتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: جب وہ کہتے ہیں کہ ہمارے پیچھے ہمارا جنازہ نہ پڑھو ہمیں نہیں
کہتے، شیعوں کو بھی یہی کہا ہے کہ کوئی شیعہ ہمارا جنازہ نہ پڑھے۔ بات یہ ہے کہ جو کچھ

کہا گیا ہے ایک دوسرے کے خلاف، سارا سامنے رکھ کر پھر مسئلہ جو ہے وہ حل ہوتا ہے۔ یعنی شیعہ تک کو یہ کہا گیا کہ ہمارے پیچھے نماز نہ پڑھیں، نماز نہ پڑھنے دو اپنے پیچھے۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! یہ عیسائیوں اور ہندوؤں نے تو کوئی فتوے نہیں دیئے تو آپ کے خلاف؟ نہیں، سوال پیدا ہوتا ہے۔

مرزا ناصر احمد: ٹھہرو جی۔ عیسائیوں نے اور ہندوؤں نے مسلمانوں کے خلاف پچھلے چودہ سو سال میں کوئی فتویٰ نہیں دیا؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، آپ کے خلاف، particularly؟

مرزا ناصر احمد: ہم مسلمان ہیں۔ اگر انہوں نے پچھلے چودہ سو سال میں فتویٰ کے بعد فتویٰ اسلام کے خلاف دیا ہے تو اسکو سب لوگ آپ بھول گئے؟

جناب یحییٰ بختیار: تو ان کو اور باقی مسلمانوں کو آپ ایک ہی کیٹگری میں ٹریٹ کرتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: ہم اپنے آپ کو اور باقی مسلمانوں کو ایک کیٹگری میں ٹریٹ کرتے ہیں جہاں تک ہندوؤں اور عیسائیوں کے فتاویٰ کا تعلق ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں۔ جہاں تک نماز، دفن کرنے اور جنازے کا تعلق ہے، آپ باقی مسلمانوں کو اور عیسائیوں کو اور ہندوؤں کو ایک کیٹگری میں سمجھتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، وہ شرعی اور مذہبی طور پر نہیں شکل......نماز نہ پڑھنے کی شکل میں وہ ایک ہیں۔ شرعی فتوے کے لحاظ سے نہیں ایک۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! میرا سوال یہ تھا کہ تعلقات جہاں تک ہیں غیر مسلموں سے اور مسلموں سے، ان میں کیا فرق ہے آپ کا؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ فرق میں بتا دیتا ہوں......

جناب یحییٰ بختیار: جہاں تک شادی رشتہ ہے، آپ نے کہا نہیں ہوسکتا......

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، جنازے کے متعلق فرق کو میں بتا دیتا ہوں، بڑا واضح......

جناب یحییٰ بختیار: ......عبادت نہیں ہوسکتی......

مرزا ناصر احمد: جنازے کے متعلق میرا، جماعت احمدیہ کے تیسرے خلیفہ کا یہ فتویٰ ہے کہ جنازہ فرض کفایہ ہے اور چونکہ دوسرے دیوبندی، بریلوی، اہل حدیث اور دوسرے جو فرقے ہیں انہوں نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ یہ ہمارے پیچھے بھی نہ نماز پڑھیں، امامت بھی نہ کرائیں نماز کی، اس واسطے ہمیں فتنے سے بچنا چاہیے اور نہیں پڑھنی چاہیے۔ لیکن......، 'لیکن' کے بعد کی جو بات ہے وہ سوچیں۔

ایک مسلمان ہوائی جہاز میں سفر کر رہے تھے کہ ڈنمارک میں جب جہاز نے لینڈ کیا تو وہ فوت ہو چکے تھے جہاز میں۔ اور وہاں سوائے احمدیوں کے جنازہ پڑھنے والا کوئی نہیں تھا۔ اور انہوں نے وہاں غلطی کی۔ اور جب میرے پاس معاملہ پہنچا تو میں بڑا سخت ناراض ہوا اور ہینس جو ڈنمارک کے رہنے والے ہیں، عیسائیوں سے مسلمان ہوئے، اب احمدی ہو چکے ہیں، انہوں نے مجھے پہلی دفعہ انہوں نے بتایا کہ یہ واقعہ ہوا ہے۔ میں نے انہیں کہا یہ تو بڑا ظلم ہوا ہے۔ اس لئے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتنی محبت ہمارے دل میں پیدا کی ہے کہ کوئی شخص جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہوتا ہے وہ لاوارث نہیں رہے گا۔ اور اگر ایسا کوئی واقعہ ہو تو احمدیوں کا فرض ہے کہ نماز جنازہ پڑھائیں۔

لیکن عیسائیوں کے متعلق ہمارا یہ فتویٰ نہیں ہے اور یہ فرق ہے ان دو فتووں میں۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ آپ نے amend کیا اس کو؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، amend نہیں کیا، میں نے، پہلا ہی جب واقعہ ہوا، میں نے اس کو نمایاں کیا۔

جناب یحییٰ بختیار: clarify کیا؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، نمایاں کرنا اور چیز ہے، amend کرنا اور چیز ہے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Sir, in which category do you put persons who belong to Lahori school of thought, what they call, who........

مرزا ناصر احمد: جی۔ یہ میرا خیال ہے پہلے ہم نے......میں نے وضاحت کی تھی۔ یاد نہیں مجھے۔ ہر وہ شخص جو خود کو احمدی کہتا ہے احمدی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور وہ اگر مرزا غلام احمد کو نبی نہیں سمجھتا، محدث سمجھتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: جب وہ کہتا ہے کہ میں احمدی ہوں تو وہ احمدی ہے۔ جو شخص اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہے وہ مسلمان ہے۔ وہ بڑے دائرے کے اندر جو ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مگر آپ ان کو......

مرزا ناصر احمد: ......احمدی کس طرح کہتے ہیں؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ کیٹگری اس میں نہیں لائیں گے؟ کفر کی کس کیٹگری میں؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، کفر کی کیٹگری میں تو آ جائیں گے وہ۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ کہہ رہا ہوں نا جی......

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، وہ ملت اسلامیہ سے خارج نہیں ہوں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: مگر وہ دائرہ اسلام سے خارج ہوں گے؟

مرزا ناصر احمد: دائرہ اسلام سے ہمارے نزدیک وہ خارج ہیں۔ لیکن ملت اسلامیہ سے بالکل نہیں خارج۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** That is what I wanted to clarify.

مرزا ناصر احمد: ہاں، اس واسطے نہیں......ایک فرق ہے ناں......وہ احمدی بھی ہیں ہمارے نزدیک۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، میں اس واسطے پوچھتا ہوں کہ انہوں نے تو کوئی فتویٰ نہیں دیا آپ کے خلاف؟

مرزا ناصر احمد: انہوں نے ہمارے خلاف نہیں فتویٰ دیا۔ انہوں نے......

جناب یحییٰ بختیار: انکار کیا ہے صرف؟

مرزا ناصر احمد: ان لوگوں میں سے ہیں جن کو مقام بانیٔ سلسلہ کے سمجھنے کے زیادہ مواقع تھے دوسروں کی نسبت۔ یہ فرق ہے ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی۔ نہیں، مگر انہوں نے صرف انکار کیا ہے؟

مرزا ناصر احمد: انہوں نے انکار کیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: فتویٰ نہیں دیا کفر کا آپ کے خلاف؟

مرزا ناصر احمد: انہوں نے، ہاں، کفر کا فتویٰ نہیں دیا۔ نہیں، وہ اور چیز ہے۔ ایک ہے کفر کا فتویٰ دینا۔ ایک ہے انکار کرنا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہی میں کہہ رہا تھا کہ کفر کی دو کیٹگریز ہیں۔ آپ کہہ رہے تھے کہ انہوں نے فتوے دیئے اس لئے ہم انہیں کافر کہتے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، دو وجوہات ہیں، دو کیٹگریز نہیں۔ یعنی دائرہ اسلام سے خارج کرنے کے باوجود ملت اسلامیہ میں شامل سمجھنے کے لئے دو مختلف وجوہات، دو سے زیادہ وجوہات......

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، ہاں، وجوہات جو بھی سمجھے، مگر یہ کہ......

مرزا ناصر احمد: وجوہات دو ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: 'کیٹگریز' میں اس واسطے کہہ رہا ہوں کہ ایک دائرہ اسلام سے خارج، دوسرا ملت اسلامیہ سے خارج۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، یہ تو اس لحاظ سے غیر مواخذین، اور دوسرے وہ لوگ جو ناسمجھی کی وجہ سے ______ اِبیٰ و استکبار کے نتیجے میں نہیں ______ انکار کرنے والے ہیں، وہ دائرے ______ وہ ملت اسلامیہ سے خارج نہیں ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: دونوں؟

مرزا ناصر احمد: لیکن یہ احمدی بھی ہیں۔ میں یہ بتا رہا ہوں کہ ہم ان کو یہ نہیں کہتے، صرف اس وجہ سے کہ مثلاً انہوں نے خلافت کی بیعت نہیں کی یا سارے دعاوی کو انہوں نے نہیں سمجھا، ہم ان کو یہ نہیں کہتے کہ تم احمدیت سے نکل گئے ہو۔ ہم ان کو احمدی کہتے ہیں۔ یہ help کرتا ہے ناں سمجھنے میں۔ ہم دونوں کو مسلمان ہی......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، میں یہ کہہ رہا ہوں، پوزیشن clear اس واسطے مجھے ہو رہی ہے کہ آپ نے ایک وجہ تو یہ بتائی کہ چونکہ مسلمانوں کے علماء نے......

مرزا ناصر احمد: ......فتاویٰ دیئے تھے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......فتاویٰ دیئے تھے اس وجہ سے ان کے......

مرزا ناصر احمد: ......ان کے اوپر لوٹ آئے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......آپ نے یہ فتوے دیئے کہ ان سے نمازیں مت پڑھو، رشتے مت کرو،......

مرزا ناصر احمد: لیکن یہ وہ دوسرا......

جناب یحییٰ بختیار: مگر یہ دوسری کیٹگری جو ہے وہ بھی ہے......

مرزا ناصر احمد: لیکن یہ دوسری وجہ جو آپ نے شروع کی تھی کہ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نہیں مانتا تو اس کا کیا ہے۔ تو اس کا میں نے بتایا تھا کہ دو صورتیں بنتی ہیں۔ وہ ان کی شکل یہ بھی بنتی ہے ناں۔ ان کے حصے میں......

جناب یحییٰ بختیار: لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ یہ تو صرف اسی وجہ سے ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ صرف اسی وجہ سے ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، صرف اسی وجہ سے؟ فتوؤں کی وجہ سے نہیں؟

مرزا ناصر احمد: اس سے معلوم ہوا کہ وہ کفر کی جو دوسری وجہ ہے وہ بھی اسی قسم کی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: مگر دونوں وجوہ جو ہیں، ابھی جو باقی مسلمان ہیں انہوں نے فتوے بھی دیئے اور انکاری بھی ہیں۔ دائرہ اسلام سے خارج ہیں، ملت سے خارج نہیں؟

مرزا ناصر احمد: لیکن دونوں کا نتیجہ ایک ہی نکلتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ایک ہی نکلتا ہے؟ اور یہاں اگر صرف......(مداخلت) میں نے وہی بات کہی ہے مرزا صاحب کہ اگر فتوے نہ بھی ہوتے تو ریزلٹ یہی ہوتا......

مرزا ناصر احمد: ہاں، ریزلٹ یہی ہوتا۔

جناب یحییٰ بختیار: ......کہ جو مرزا صاحب کو نبی نہیں مانتا، اس سے انکاری ہے، وہ کافر ہے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں،......

جناب یحییٰ بختیار: اسے lesser کیٹگری کہہ لیجئے، milder کیٹگری کہہ لیجئے۔

مرزا ناصر احمد: اگر وہ......نہیں، نہیں،......"جو کفر دون کفر" ہم کہتے ہیں کہ ملت اسلامیہ سے خارج نہیں، مسلمان ہے، دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ لیکن ان کی جو پوزیشن بنتی

ہے، ہمارے ان کے ساتھ تعلقات ہوتے ہیں، مختلف ہوتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سمجھتے ہیں کہ باوجود اس اختلاف کے احمدیوں کے پیچھے نماز پڑھ لینی چاہیے۔ تو ہم یہ کہتے ہیں کہ کوئی پابندی نہیں ہے کہ دیو بندی کے پیچھے احمدی نماز نہ پڑھے، لیکن آں صلعم نے جو امامت کے متعلق شرائط بتائی ہیں وہ شرائط پوری ہونی چاہئیں، وہ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عائد کردہ ہیں۔ اور ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ کہتے ہیں کہ احمدیوں کا جنازہ پڑھنا جائز ہے، باوجود انکار کے۔ تو ہم کہتے ہیں کہ ان کا جنازہ پڑھنا بھی جائز ہے، نماز جنازہ جائز ہے۔ یہ مزید تفصیلات ہیں۔ سارا ل کے ایک نتیجہ نہیں نکالتا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، میں صرف یہ پوچھ رہا تھا کہ جہاں تک ان کا تعلق ہے، انہوں نے فتویٰ نہیں دیا، مگر یہ بھی اسی کیٹگری میں ہیں۔ جس میں باقی مسلمان ہیں، آپ کے نقطۂ نظر سے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، اس فرق کے ساتھ کہ ان کو ہم احمدی کہیں گے اور باقیوں کو ہم احمدی نہیں کہیں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: لیبل سے تو کوئی فرق نہیں پڑتا ناں جی؟

مرزا ناصر احمد: نہیں بڑا پڑتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: احمدی وہ کہیں اپنے آپ کو......

مرزا ناصر احمد: اگر ہم یہ کہیں مثلاً_____ فرق اسطرح پڑتا ہے_____ کہ مثلاً اگر ہم کہیں کہ تم احمدی نہیں تو ہماری یہ نامعقول agressiveness ہو گی۔ یہ تو فرق پڑ گیا ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں جی، میں کہتا ہوں کہ جہاں تک treatment کا تعلق ہے......

مرزا ناصر احمد: نہیں، جہاں تک treatment کا تعلق ہے یہ ہے کہ ان کے پیچھے نماز پڑھی جاسکتی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ ان کے پیچھے نماز پڑھ لیں گے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔ جنازہ بھی ہوتا ہے۔ یہ فرق ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: باقی مسلمانوں کے ساتھ نہیں ہے یہ؟

مرزا ناصر احمد: باقی مسلمانوں کا......وہ نماز جنازہ نہ پڑھنے کے ابھی میں نے فتوے آپ کو سنائے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، وہ تو آپ نے سنائے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: یہ فرق ہے ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں،......

مرزا ناصر احمد: اگر کوئی شخص، اگر کوئی ایک individual ......بہت سارے اس وقت ہمارے ملک میں بھی، دنیا میں بھی ایسے مسلمان ہیں، جب ان سے آپ پوچھیں کس sect سے، فرقہ سے تعلق ہے، تو کہتے ہیں ہمارا کسی فرقہ سے تعلق نہیں ہے، ہم مسلمان ہیں سیدھے سادے۔

جناب یحییٰ بختیار: تو مرزا صاحب! پوزیشن یہ ہو گئی ناں جی کہ جو انکار کرتا ہے مرزا صاحب کی نبوت سے اس کے پیچھے آپ نماز پڑھ سکتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: جو انکار کرتا ہے اس کے پیچھے ہم نماز پڑھتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی،

مرزا ناصر احمد: پڑھ رہے ہیں عملاً۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی۔ اور جنہوں نے فتوے دیئے ہیں ان کے پیچھے نہیں پڑھتے؟

مرزا ناصر احمد: یہی شکل بن گئی، ہاں تو یہ شکل بن گئی۔

جناب یحییٰ بختیار: قائد اعظم کے پیچھے بھی اسی لئے نماز نہیں پڑھی گئی؟ ان کی نماز جنازہ نہ پڑھی گئی کیونکہ کسی نے فتوے دیئے تھے، انہوں نے ان کو repudiate نہیں کیا؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، قائد اعظم ہمارے جو تھے بڑے..... بڑی انہوں نے خدمت کی ہے پاکستان کی اور اس خطے کے مسلمانوں کی۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزا دے۔ وہ شیعہ تھے۔

جناب یحییٰ بختیار: ٹھیک ہے جی، ہم تو ایک مسلمان سمجھتے تھے ان کو۔ آپ......

مرزا ناصر احمد: آپ سمجھتے ہوں گے۔ لیکن یہ جو فرقوں کے اتنے بڑے بڑے فتوے، اتنی موٹی موٹی کتابیں ہیں......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، فرقوں کے..... مجھے اتنا علم ہے کہ لندن میں میں سٹوڈنٹ تھا۔ سارے مسلمان اسلامک کلچرل سنٹر میں اکٹھے ہوئے ______ شیعہ، سنی، دیوبندی، وہابی، چکڑالوی ____ except Ahmadis. And I was shocked, and I could not understand. That explanation I want to know.

مرزا ناصر احمد: اس کا explanation تو......

جناب یحییٰ بختیار: غائبانہ ہوا جنازہ؟

مرزا ناصر احمد: ہاں نہیں۔ اس کا explanation تو بالکل اور نوعیت کا ہے۔ احمدیوں میں اس وقت تک کوئی ایسا نہیں جو جماعت سے کٹ کے ہوا میں (inaudible) میں drift کر رہا ہو، جس طرح کنکوا کٹ جاتا ہے۔ لیکن وہابیوں میں، دیو بندیوں میں، بریلویوں میں، ہزاروں لاکھوں ایسے آدمی ہیں جو ان کی فقہ سے کٹ چکے ہیں اور فتاویٰ سے کٹ چکے ہیں۔ مگر آپ یہ کہتے ہیں ہمارے..... میں وہاں دوروں پر جاتا رہا ہوں۔

ہماری مساجد میں ساری دنیا کے، مختلف عربی بولنے والے ممالک کے لوگ آتے اور عیدوں میں شامل ہوتے ہیں اور نمازوں میں شامل ہوتے ہیں۔ کوئی اختلاف ہی نہیں وہاں نظر آ رہا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، نوابزادہ لیاقت علی خان کی وفات کے بعد، شہادت کے بعد again, in Quetta, there was غائبانہ نماز جنازہ......

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ تو میں نے پہلے......

**Mr. Yahya Bakhtiar:** ........ All the Muslims of Quetta town got together and said prayers, but Ahmadis kept aloof.

مرزا ناصر احمد: قائداعظم شیعہ تھے۔

جناب یحییٰ بختیار: لیاقت علی شیعہ نہیں تھے،

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، میں ویسے ____ میں ____ نہیں، وہ تو کسی اور فرقے کے ساتھ تعلق رکھتے ہوں گے۔ میرا پوائنٹ یہ ہے کہ جو کسی فرقے کی طرف خود کو منسوب کرتا ہے، ہمارا یہ حق نہیں کہ ہم یہ کہیں کہ شیعہ کی طرف منسوب تو ہوتا ہے لیکن ان کے عقائد سے 'الف' باغی ہے۔ یہ میرا حق نہیں ہے۔ اور نہ میں سمجھتا ہوں کسی اور کا حق ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ......

مرزا ناصر احمد: تو جس وقت......اب ہم حسن ظن ہی کر کے......ان کو اپنے ہی فرقے کا باغی نہیں سمجھتے اور فرقے کا فتویٰ یہ ہے کہ نماز نہیں پڑھنی۔ تو جنہوں نے پڑھی اگر تو، ان سے آپ پوچھیں کہ آپ نے فتوے یہ دیئے ہوئے ہیں شیعوں کے متعلق، اور ان پر عمل نہیں کر رہے، اس کو explain کرو۔ ہماری تو explanation کا کوئی سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ ہم، صحیح یا غلط، ایک عقیدہ پر قائم ہیں اور قیامت تک بھی......

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو یہ کہتے ہیں جی کہ کسی ایک نے فتویٰ دے دیا...... کسی الیکشن کے جوش میں یا کسی بات میں......تو who takes it seriously ۔ وہ یہ کہیں گے۔

مرزا ناصر احمد: یہ فتاویٰ رشیدیہ الیکشن سے کہیں پہلے کے ہیں فتاویٰ۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں بات کرتا ہوں، مثال کے طور پر۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، تو وہ مثال تو آپ کہیں اور سے لے آتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی جہاں تک تعلقات کا تعلق ہے، relationship, treatment ، شیعہ سنی، آپس میں یہ انہوں نے فتوے نہیں دیئے کہ لڑکیوں سے شادی نہیں کر سکتے۔

مرزا ناصر احمد: کتنے پیار کا ہے ہمارا relationship ۔ میں میں......آپ نے مجھ سے پوچھا تھا اس ضمن میں میں نے بتایا تھا میں بڑا لمبا عرصہ پرنسپل رہا ہوں۔ قطع نظر اس کے کہ بچہ احمدی ہوتا تھا یا نہیں، میری اپنی پرنسپل کی ذمہ داریوں کے متعلق اپنی تھیوری تھی۔ میں رات کے دو دو بجے تک اس بچے کے سرہانے بورڈنگ میں رہا ہوں جو زیادہ serious بیمار ہو گیا، اور جماعت سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ میں نے ان جماعت اسلامی کے طلبہ کو 1952-53 میں وظائف دے کے اور ہر طرح کی سہولتیں مہیا کر کے ان کو بی۔اے۔ کروایا اور فسادات میں وہ ان گروہوں میں شامل ہوتے تھے۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو ٹھیک ہے، مرزا صاحب! As a matter of kindness, you do it to a Hindu, a Christian, a Jew, who is an able boy and a deserving boy; somebody is ill, somebody needs your help, وہ تو humanity ہے۔

مرزا ناصر احمد: اور وہ humanity کہاں گئی جنہوں نے سینکڑوں مکانوں اور دکانوں کو جلا دیا اور لوٹ لی اور آدمیوں کو مار دیا؟

جناب یحییٰ بختیار: ان کو کوئی نہیں defend کرتا۔

مرزا ناصر احمد: کس نے آواز اٹھائی؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، کوئی نہیں......

مرزا ناصر احمد: ان کے خلاف آواز کس نے اٹھائی؟

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No. nobody is defending them.

**Mirza Nasir Ahmad:** But nobody condemned them.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Nobody condemned the Rabwah incident either....... *(Interruption)* who was responsible for this daily condemnable incidents?

**Mirza Nasir Ahmad:** What was the Rabwah incident?

**Mr. Yahya Bakhtiar:** All right, so we don't go to that.

مرزا ناصر احمد: نہیں، تیرہ13 بچوں کو ضربات خفیفہ۔ کیا اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ سینکڑوں مکانوں اور دکانوں کو جلا دیا جائے؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، بالکل نہیں۔ I agree with you, they should be punished..........، اس کا سوال نہیں ہے

**Mirza Nasir Ahmad:** نہیں they should or should not.........

**Ch. Jehangir Ali:** Mr. Chairman, Sir, may I draw your attention? No discussion should take place between questions and their answers.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Shall we adjourn? And then we............

**Mr. Chairman:** Yes, we adjourn to meet again at 12:00______ twenty-five minutes' break. The delegation is permitted to withdraw. بارہ بجے پورے

The honourable members may keep sitting.

*(The delegation withdrew from the Chamber)*

**Mr. Chairman:** The Special Committee of the House is adjournment for the break, upto 12.00.

---

EVASIVE OR INCORRECT REPLIES BY THE WITNESS

پروفیسر غفور احمد: جسطرح چل رہا ہے......

جناب چیئر مین: ہاں؟

پروفیسر غفور احمد: یہ جسطرح ڈسکشن چل رہا ہے......

جناب چیئر مین: ہاں؟

پروفیسر غفور احمد: میری گزارش یہ ہے کہ ایک سوال کرنے کے بعد ان کا جواب لینے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

**Mr. Chairman:** I will request the Attorney-General to be attentive. Muhammad Haneef Khan, just a minute. Attorney-General being........yes.

پروفیسر غفور احمد: میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ ایک سوال جب پوچھتے ہیں تو پھر وہ اس کو سائیڈ ٹریک کرتے ہیں، evade کرتے ہیں، بہت سی دوسری باتیں بیان کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ اس پر ذرا غور کرنے کی ضرورت ہے کہ ایک ہی سوال کو کتنا ہم آگے تک بڑھائیں اور کتنا ہم......

**Mr. Chairman:** The answer should be taken.

پروفیسر غفور احمد: لیکن اس میں ایک اور چیز ہے کہ جس طرح انہوں نے بتایا ہے ______ جعفر صاحب نے ______ حالیہ واقعات کی یہ باتیں آئیں کہ بچوں کو ذبح کیا گیا، ڈنمارک کا واقعہ مجھے معلوم ہے کہ بالکل غلط ہے......

**Mr. Chairman:** These are not.........

<u>پروفیسر غفور احمد:</u> کوئی واقعہ اس طرح کا نہیں ہے۔ ریکارڈ پر ایک چیز آ رہی ہے، اس کو refute بھی نہیں کیا گیا ہے۔ تو میں یہ گزارش کروں گا کہ اس میں کچھ تھوڑا سا دیکھا جائے۔ ڈنمارک کا پوچھا جائے کب کا واقعہ ہے یہ، کہاں کا واقعہ ہے، کون عورت تھی وہ، اور کہاں وہ شائع ہوا ہے؟ اسلئے کہ مجھے یہ بات معلوم ہے ____ خود وہاں کے لوگ ملے ہیں ____ کہ وہاں مسلمان بے حساب تعداد میں ہیں اور احمدی تھوڑے ہیں۔ بعد میں جب معلوم ہوا ہے تو ان کے ساتھ انہوں نے قطع تعلق کیا ہے، لوگوں نے، اس وجہ سے، یہ واقعات آتے ہیں ریکارڈ پر تو سننے والا سمجھتا ہے کہ شاید یہ صحیح ہے۔

**Mr. Chairman:** Yes, Mr. Attorney-General.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Sir, I said everything will be on the record. The members are judges. They will see, they will form their own opinion, they can draw their own inferences. But if, at this stage when the witness is giving evidence, anybody tries to stop him, that will give an excuse that the National Assembly of Pakistan did not give him a proper hearing, he was stopped from answering questions. So, it does not matter if it takes a little more time. We should bear, put up with that. That is my request.

**Professor Ghafoor Ahmad:** The incident of Denmark - he may be asked to give documentary evidence.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** I know, Sir, because he is avoiding; and that the record will show; and you are the judges. I have asked the question again and again, and again and again he avoided the reply because he has got no reply. And you know that but let the record speak for itself. But if we stop him or the Chairman stops him, then he can have a legitimate excuse that the National Assembly did not give him a proper hearing. It is a very important issue. So, it makes no difference. I get tired, you get tired, but we stay for a day more. Let him talk; let him say whatever he wants to say. Already he has made a grievance that he wanted to submit a further statement but sufficient time was not given. So, my request is: let us put up with him. Let him say whatever he wants.

**Mr. Chairman:** Ch. Jehangir Ali's, suggestion may also be kept in view.

مولانا غلام غوث ہزاروی: جناب!......

جناب چیئر مین: جی، میں آپ......ابھی ایک سیکنڈ۔ Ch. Jehangir Ali's suggestion may also be kept in view. He has also suggested certain things. The honourable member can talk to the Attorney-General just in recess. آپ recess میں بات کر لیں ان سے۔ جی، مولانا نعمت اللہ!

مولوی نعمت اللہ: جی عرض یہ ہے کہ اٹارنی جنرل صاحب نے جو ان کو کہا کہ قائد اعظم کے اوپر نماز جنازہ آپ نے نہیں پڑھی تو جب تک اس کا صحیح جواب نہ دے اس وقت تک......Inaudible

جناب چیئر مین: اس کا جواب دے دیا ہے کہ وہ شیعہ تھے۔ وہ کہتے ہیں، انہوں نے کہا ہے کہ ہمارے عقیدے کے مطابق______ہم اپنے عقیدے پر قائم ہیں اور شیعہ کے......

مولوی نعمت اللہ: اس نے تو ادھر اُدھر کی باتیں شروع کیں اور ہم نے نہیں سنا کہ جواب کیا دیا۔

جناب چیئر مین: نہیں، نہیں، جواب آ گیا ہے، اس کا جواب آ گیا ہے۔

مولوی نعمت اللہ: جواب دینا چاہیے تھا کہ یہ بات ہے، یہ بات ہے، یہ بات ہے۔ جب تک تفصیل کے ساتھ معلوم نہ ہو تو ہم کیا کر سکتے ہیں؟

مولوی مفتی محمود: جناب والا!

جناب چیئر مین: مولانا مفتی محمود!

مولوی مفتی محمود: جب یہ تکفیر کے فتوے کا ذکر ہو رہا تھا، جنازے کی نماز کا ذکر ہو رہا تھا، تو دو کیٹگریز بنائے اس نے۔ اس کے بعد انہوں نے مختلف عبارتیں پڑھیں اور

مسلمانوں کے فرقوں کے درمیان میں جو تکفیر کا مسئلہ تھا وہ ساری عبارتیں پڑھتا گیا۔ وہ بالکل سوال سے متعلق بات نہیں تھی۔ تو وہ جو سوال سے بالکل غیر متعلق کوئی بات کہتے ہیں تو اس کو کم از کم روکنا چاہیے کہ سوال کے......

جناب چیئر مین: وہ (اٹارنی جنرل) اگر objection کریں گے تو میں اس کے خلاف اقدام کروں گا۔

مولانا غلام غوث ہزاروی!

مولانا غوث بخش ہزاروی: صدر محترم!......

جناب چیئر مین: ابھی خان لیاقت علی والا سوال جو ہے وہ پینڈنگ ہے۔ قائد اعظم کے متعلق انہوں نے کہا ہے کہ وہ کیونکہ شیعہ تھے اس واسطے ہم نے ان کا جنازہ نہیں پڑھا۔

مولوی نعمت اللہ: نہیں، تفصیل کے ساتھ تو ہم کو معلوم نہیں ہوا۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Sir, I asked about Quaid-i-Azam; he said he was Shia. Then I asked: What about Nawabzada Liaqat Ali Khan? His reply was same to that. I am coming to that.

**Mr. Chairman:** Yes, he is coming...... ابھی تو یہ

مولوی مفتی محمود: لیاقت علی تو سنی تھا۔ اس کا بھی نہیں پڑھتے، اس کا بھی۔ کوئی فرقہ تو آخر ہے۔ لیاقت علی خان تو سنی تھے، اس کی بھی نہیں پڑھتے۔

جناب چیئر مین: وہ ان کو pin-point کر رہے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: میں ان سے اور سوال بھی پوچھ رہا ہوں اس پر جی، نماز اور قائد اعظم کے جنازے پر اور سوال پوچھ رہا ہوں میں۔

جناب چیئر مین: اچھا، مولانا غلام غوث ہزاروی!

مولانا غلام غوث ہزاروی: جناب! مجھے اس بات میں ذرا تامل ہے کہ جو کچھ ہو رہا ہے آیا یہ بالکل صحیح ہو رہا ہے؟ اس میں شک نہیں کہ ان کو موقع دینا چاہیے، اور یہ سوال نہ ہونا چاہیے کہ ہم کو موقع نہیں دیا، ہم کو وقت نہیں دیا، یا صفائی کا موقع نہیں ملا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ جب انہوں نے کہا کہ مسلمان بچے کا جنازہ نہیں کیا جا سکتا، کیا تم عیسائی بچے کا جنازہ پڑھتے ہو؟ اب یہ ایک سوال تھا، میں نے لکھ کر دیا، وہ یہ تھا کہ آیا مسلمان بچے کا جنازہ جو نہ پڑھنے کا حکم دیا ہے، عیسائی کے بچے کی طرح، کیا اس مسلمان کو تم دونوں کیٹگریوں کے لحاظ سے ______ اسلام سے اور ملت سے ______ خارج کرتے ہو یا نہیں؟ سوال یہ ہے کہ عیسائیوں کو دونوں سے خارج کرتے ہیں......

جناب چیئرمین: مسٹر عنایت الرحمٰن عباسی!

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی: میں جناب! ایک میں......

مولانا غلام غوث ہزاروی: عیسائیوں کو، میں عرض کرتا ہوں، وہ دونوں سے خارج کرتے ہیں۔ملت سے بھی اور اسلام سے......

جناب چیئرمین: اس پر تو مولانا! آپ بحث کر سکتے ہیں۔ اس پر آپ بحث کر سکتے ہیں۔ جواب آ گیا ہے گواہ کا۔

مولانا غلام غوث ہزاروی: دوسری بات میں عرض کروں کہ جب اس نے یہ بیان کیا......

جناب چیئرمین: یہ تو بحث کی باتیں ہیں ناں۔

مولانا غلام غوث ہزاروی: ......کہ فلاں اور فلاں جگہ کے علماء نے علمائے دیو بند کے خلاف فتوے دیئے ہیں......

جناب چیئرمین: مولانا! یہ بحث کی باتیں ہیں۔ اس وقت جو باتیں ہم کرتے ہیں، recess میں، وہ پروسیجر کی، ضابطہ کی کرتے ہیں۔ یہ بحث کی باتیں جو ہیں یا اپنے دلائل

کی باتیں جو ہیں یا سوالوں کی باتیں ہیں، یہ تو آپ اپنے بیان میں کہیں گے یا ان (اٹارنی جنرل) کو کہہ دیں۔ ہاں یہ ہے کہ ضابطے میں اگر کسی قسم کا کسی کو اختلاف ہے......

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی: میں جناب اس ضمن میں......

مولانا غلام غوث ہزاروی: بہرحال، ان فتاویٰ کے بارے میں جو انہوں نے پیش کیے......

جناب چیئرمین: یہ......

مولانا غلام غوث ہزاروی: ......علمائے دیوبند پر چھوٹے الزام لگے۔ اس کا جواب حضرت مولانا......

جناب چیئرمین: جی، مولانا! یہ بحث کی بات ہے۔ یہاں ہم ابھی صرف ضابطے کی بات کریں گے۔ یہ آپ اپنی تقریر میں بحث کریں گے جی۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: میں کیا کروں جی؟

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی: یہی میں......یہی میں......

جناب چیئرمین: ان کو روکیں ناں جی۔

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی: یہی میں گزارش کرنے والا تھا جناب والا! کہ کیا اس ساری کارروائی کے بعد اس پر بحث و مباحثہ ہوگا؟

جناب چیئرمین: ہاں جی۔

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی: تو جب بحث ہوگی تو ہر ایک ممبر کا یہ حق ہے۔ ڈنمارک کا واقعہ اگر انہوں نے غلط بیان کیا ہے......

جناب چیئرمین: یہی، یہ بات عباسی صاحب! میں خود کہہ رہا ہوں۔

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی: جنازے کا واقعہ اگر غلط بیان کیا ہے تو اپنیspeeches میں اس کی پورے طریقے سے تردید کر دیں۔

جناب چیئرمین: یہی بات میں نے عرض کر دی ہے کہ یہاں صرف ضابطے کی ڈسکشن ہوا کرے گی، ضابطے کے متعلق۔

جی، مسٹر عبدالحمید خاں جتوئی!

چوہدری جہانگیر علی: مسٹر چیئرمین! میں ضابطے کے متعلق ہی ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب عبدالحمید جتوئی: جناب چیئرمین! ہمیں کل سے پتہ لگا ہے کہ ہم اس ہاؤس میں جج بنے ہیں اور ہم فیصلہ کریں گے۔ میں سمجھتا ہوں ہماری پوزیشن وہی ہے جیسے کہ کسی نان ایڈووکیٹ کو ہائی کورٹ کا جج بنا دیا جائے اور وہ فتویٰ دے اور اس جج کا جو فتویٰ ہے، جج کی حیثیت سے ــــــــ میری تو عرض یہ ہے کہ یا تو ہم اسلام کے ماہر ہوں، اسلامیات پڑھے ہوئے ہوں، یا پروفیسر ہوں اسلامیات کے، تو پھر ہم سے فتوے کی امید رکھی جا سکتی ہے۔ لیکن ایسے حالات میں ہمارے لئے as a lay-man بڑا مشکل ہے کہ ہم جج بنیں۔

جناب چیئرمین: آپ نے فتویٰ نہیں دینا، آپ نے فیصلہ کرنا ہے۔

جناب عبدالحمید جتوئی: فیصلہ کرنا ہے؟

جناب چیئرمین: فیصلہ کرنا ہے۔

جناب عبدالحمید جتوئی: فیصلہ کرنے کا اس آدمی کو کیسے حق آپ دیتے ہیں جس کو فیصلے کے قانون کا پتہ نہ ہو؟

چوہدری جہانگیر علی: مسٹر چیئرمین!......

جناب عبدالحمید جتوئی: انتہائی زیادتی ہے ہمارے ساتھ۔

جناب چیئرمین: یہ پھر بعد میں فیصلہ کریں گے۔

چوہدری جہانگیر علی!

چوہدری جہانگیر علی: مسٹر چیئرمین، ایک پروسیجرل بات میں یہ عرض کرتا ہوں جناب والا! میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں جناب والا!......

**Mr. Chairman:** I adjourn the House to meet at 12.00. The rest will be dicussed later on.

---

*[The Special Committee of the whole House adjourned to meet at 12:00 noon.]*

---

*[The Special Committee of the whole House reassembled after the Break, Mr. Chairman (Sahibzada Farooq Ali) in the Chair.]*

---

CITATION OF FATWAS AND THEIR REPUTATIONS

چوہدری غلام رسول تارڑ: جناب چیرمین! میں آپ کی اجازت سے جناب اٹارنی جنرل صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ جو فتوے پڑھے گئے ہیں، مرزا صاحب نے یہاں پڑھے ہیں فتوے، ان کی تردید علمائے دین نے جو کی ہوئی ہے وہ اگر کسی ان ممبران یا مولانا صاحب کے پاس ہو تو ان کی بابت چونکہ تسلی کرنی چاہیے، اگر تردید ہے تو یہاں جو بیان ہوا ہے اس کا اثر کچھ اچھا نہیں ہوگا۔ اسلیئے میں گزارش کروں گا اگر عزیز بھٹی صاحب کے پاس ہوں تو ان کو دے دیں تا کہ وہ......

جناب چیئرمین: مولانا عزیز بھٹی صاحب کو پہنچا دیں ناں۔

جناب عبدالعزیز بھٹی: سر! یہ مولانا مفتی محمود صاحب نے دیا تھا۔ انہوں نے کہا جی کہ تردید ہوئی ہے اور وہ citation بھی دے ہوئی ہے۔ کلیمنزی کیلئے دیا ہے انہوں نے۔ جب اٹارنی جنرل صاحب مناسب موقع سمجھیں گے تو پوچھ لیں گے۔

*(At this stage the Delegation entered the Chamber)*

---

## CROSS-EXAMINATION OF THE QADIANI GROUP DELEGATION

**Mr. Chairman:** Yes, the Attorney-General.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Sir, I was asking you a question about Namaz-e-Janaza and explanation given on behalf of the Ahmadia Jamaat, about Ch. Zafarullah not joining in the janaza prayer of Quaid-e-Azam. Is......

مرزا ناصر احمد: یہ، یہ آفیشل ہے یا کسی نے دیا ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: میں آپ کو بتاتا ہوں جی۔ ٹریکٹ نمبر ۲۲ بعنوان ''احراری علماء کی راست گوئی کا ایک نمونہ'' الناشر مہتمم نشرواشاعت، نظامت دعوت وتبلیغ، صدر انجمن احمدیہ، ربوہ، ضلع جھنگ۔ whether you call it official or not

مرزا ناصر احمد: آں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: ''چوھدری محمد ظفر اللہ خان صاحب پر ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ آپ نے قائد اعظم کا جنازہ نہیں پڑھا۔ تمام دنیا جانتی ہے کہ قائد اعظم احمدی نہ تھے۔ لہذا جماعت احمدیہ کے کسی فرد کا ان کا نماز جنازہ نہ پڑھنا کوئی قابل اعتراض بات نہیں۔''

This was the reason given officially or unofficially, as you may......

مرزا ناصر احمد: یعنی'' قائد اعظم کا جنازہ نہ پڑھنا قابل اعتراض بات نہیں'' یہ اس کا explanation یہ اعتراض ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: ''کیونکہ وہ غیر احمدی تھے''

مرزا ناصر احمد: نہیں۔ ''قابل اعتراض نہیں'' اس پر اعتراض ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، میں کہتا ہوں کہ is this explanation a correct explanation from your point of view?

مرزا ناصر احمد: ''قابل اعتراض نہیں'' کا مطلب یہ ہے کہ......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، ''چونکہ وہ غیر احمدی تھے''۔ آپ نے ایک دفعہ کہا کہ وہ شیعہ تھے تو اس پر clarification میں چاہتا ہوں کہ that was the reason or the reason was that he was not Ahmadi?

مرزا ناصر احمد: وہ شیعہ تھے اور شیعہ حضرات کا بھی فتویٰ ہے کہ احمدیوں کا جنازہ نہیں پڑھنا۔ ہے نا فتویٰ۔ او جب ان کا یہ فتویٰ ہے تو یہ فتنہ اور فساد والی بات ہے۔ میں نے آپ کو یہ بتایا تھا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، ٹھیک ہے وہ۔ پھر میں نے نوابزادہ لیاقت علی خان کا پوچھا تھا۔ وہ تو شیعہ نہیں تھے۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں نے آپ سے یہ عرض کی تھی کہ جماعت احمدیہ اور دوسرے مختلف جو فرقے ہیں ان میں یہ فرق ہے کہ بہت سے دیوبندی _____ مثلاً دیوبندی والدین کی اولاد drift away کر گئی ہے اپنے موقف سے _____ تو احمدیوں میں ایسے کم ہیں۔ ہیں، بالکل استثناء۔ مثلاً دس ہزار میں ایک ہوگا یا لاکھ میں ایک ہوگا۔ لیکن وہاں بہت ہیں۔ تو سوال یہ ہے کہ ان سے پوچھنا چاہئے، پڑھنے والوں سے، کہ تمہارے فرقے کا فتویٰ یہ ہے کہ تم نے نہیں پڑھنا، تو کیوں پڑھا تم نے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ پوچھتا ہوں کہ آپ کا فتویٰ جو ہے _____ نہیں پڑھنا _____ اسی وجہ سے ہے کہ وہ غیر احمدی ہیں؟

مرزا ناصر احمد: اس وجہ سے ہے کہ وہ شیعہ مذہب سے۔ فرقے سے تعلق رکھتے تھے۔ اور شیعوں کا یہ فتویٰ ہے کہ احمدیوں کا جنازہ نہیں پڑھنا، اور ہمارے فتوے سے پہلے کا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور نوابزادہ لیاقت علی خان، سنّی تھے، ان کی بھی یہی وجہ ہے کہ انہوں نے فتوے دیئے تھے؟

مرزا ناصر احمد: سنّی جو ہے وہ اس کے مختلف فرقوں کے مجموعوں کو بعض دفعہ کہا جاتا ہے۔ تو اگر پتہ لگ جائے کہ وہ وہابی تھے یا بریلوی تھے یا اہل حدیث تھے یا اہل قرآن تھے، تو پھر ان کا فتویٰ آپ کو بتا دیتے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں مرزا صاحب! یہ پوچھنا چاہتا تھا کہ ایک تو یہ ہوا کہ آپ کو معلوم ہوا کہ یہ فلانے فرقے سے تعلق رکھتے ہیں، اس فرقے نے آپ کے خلاف فتویٰ دیا تھا، اس لئے آپ ضروری نہیں سمجھتے، جائز نہیں سمجھتے، کہ ان کے جنازہ میں شریک ہوں......

مرزا ناصر احمد: مناسب نہیں سمجھتے تھے، فتنے کی بات ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: دوسری بات یہ ہے کہ ''کیونکہ غیر احمدی ہیں''۔ فتویٰ ہو یا نہ ہو۔ یہاں جو explanation دی گئی ہے ''کیونکہ قائداعظم غیر احمدی تھے''۔

مرزا ناصر احمد: یہ جو explanation کا آپ استدلال کر رہے ہیں، میرے نزدیک وہ استدلال غلط ہے، اس واسطے کہ عام طور پر ہم کہہ دیتے ہیں کہ غیر احمدی ہے، لیکن ہمارے دماغ میں یہ ہوتا ہے کہ کسی نہ کسی ایسے فرقے سے تعلق ہے جو ہم سے پہلے فتویٰ دے چکے ہیں نماز نہ پڑھنے کا۔ اور چوہدری صاحب نے خود اس کا جواب دیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی، میں نے پڑھا ہے وہ۔

مرزا ناصر احمد: چوہدری صاحب کا......

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، پڑھ کر سنا دیجئے۔

مرزا ناصر احمد: چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے 1953ء میں تحقیقاتی عدالت کے سامنے اس سوال کا خود جواب دیا تھا کہ "قائد اعظم کا جنازہ پڑھانے والے شبیر احمد عثمانی صاحب مجھے مرتد سمجھتے تھے"۔ جو امام تھے، جنازہ پڑھانے والے، شبیر احمد عثمانی، وہ اس وقت جس وقت انہوں نے نماز جنازہ کی امامت کی، چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کو مرتد سمجھتے تھے۔ "اس واسطے ان کے پیچھے میں نے نہیں پڑھا" اور وہ لوگ ہم میں پیدا ہوئے ہیں جو قائد اعظم کو کافر اعظم کہتے ہیں......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، وہ تو خیر......

مرزا ناصر احمد: ......اور اس قسم کے حوالے ہیں۔ ہاں ٹھیک ہے، وہ چھوڑ دیتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: میں، وہ نہیں، میں آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ یہ تو ٹھیک ہے چوہدری صاحب کے پوائنٹ آف ویو سے کہ مولانا شبیر احمد عثمانی نے ان کے خلاف فتویٰ دیا تھا، ان کو کافر سمجھتے تھے، اس لئے، وہ نماز جنازہ پڑھا رہے تھے، چوہدری صاحب اس میں شامل نہیں ہوئے۔ کیا احمدیہ جماعت نے کسی جگہ، پاکستان میں، دنیا میں، غائبانہ جنازہ قائد اعظم کا پڑھا اپنے کسی امام کے پیچھے؟

مرزا ناصر احمد: میرے علم میں نہیں۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Thank you.

اب ایک اور explanation یہ دی گئی تھی چوہدری صاحب کے جنازہ میں شامل نہ ہونے کے بارے میں ــــــ یہ "الفضل" 28 اکتوبر، 1952ء:

”جب قادیانی امت پر مسلمانوں کی جانب سے اعتراض کیا گیا کہ قائد اعظم مسلمانوں کے محسن تھے اور تمام ملت اسلامیہ نے ان کا جنازہ پڑھا ہے تو جماعت احمدیہ نے جواب دیا کہ کیا یہ حقیقت نہیں کہ ابو طالب بھی قائد اعظم کی طرح مسلمانوں کے بہت بڑے محسن تھے؟ مگر نہ مسلمانوں نے ان کا جنازہ پڑھا، نہ رسولؐ خدا نے“۔

مرزا ناصر احمد: اس کا حوالہ کیا ہے؟

جناب یحیٰی بختیار: یہ ”الفضل“ 28 اکتوبر، 1952ء۔

مرزا ناصر احمد: چوھدری ظفر اللہ خان صاحب کے اپنے بیان کے بعد یہ قیاس آرائیاں کوئی وزن نہیں رکھتیں۔

جناب یحیٰی بختیار: نہیں جی، میں یہ کہتا ہوں......

**Mr. Chairman:** No, no, just a minute........

مرزا ناصر احمد: یہ آفیشل نہیں ہے۔

**Mr. Chairman:** ........ The question is whether this writing is admitted or not? This is the question. First the witness has to say.

**Mr. Yahya Bakhtiar** (To Mr. Chairman): Sir, I have read it out and the witness has said that it has got no value after Ch. Zafarullah Khan's.......

**Mr. Chairman:** That is an opinion of the witness. The witness can express his opinion..........

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No, but that is for the ............

**Mr. Chairman:** .......but the witness has to say whether the writing is admitted or not.

**Mr. Yahya Bakhtiar** (To Mirza Nasir Ahmad): So, you don't agree with this?

مرزا ناصر احمد: ہاں، میں سمجھتا ہوں کہ ظفر اللہ خان صاحب کے اپنے بیان کے بعد یہ ساری قیاس آرائیاں سمجھنی چاہئیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اور یہ جو......

مرزا ناصر احمد: یہ غلط تھا۔

جناب یحییٰ بختیار: جس نے یہ کہا ہے......

مرزا ناصر احمد: ......وہ درست نہیں کہا۔

جناب یحییٰ بختیار: ......درست نہیں کہا کہ ابو طالب اور قائد اعظم کو ایک کیٹگری میں رکھنا ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، بالکل۔ بالکل۔ درست نہیں کہا۔ مجھے اب بھی سن کے تکلیف ہوئی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! اگر ایک مسلمان ایک شرعی نبی کو نہیں مانتا، اور ایک غیر شرعی نبی کو نہیں مانتا، ان میں کچھ فرق پڑتا ہے؟ یا same کیٹگری؟

مرزا ناصر احمد: قرآن عظیم نے فرمایا ہے:

لا تفرقو بین اَحدٍ من رُسل

یہ تعلیم دی ہے کہ ہم رسول رسول میں کوئی فرق نہیں کرتے۔ یہ قرآن کریم کی آیت کا ایک ٹکڑا ہے جو میں نے پڑھا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: خواہ وہ شرعی ہو یا غیر شرعی؟

مرزا ناصر احمد: جی ہاں۔ کوئی ذکر شرعی اور غیر شرعی کا نہیں۔

لا تفرقو بین اَحدٍ من رُسل

جناب یحییٰ بختیار: یہ شرعی نبیوں کے بارے میں نہیں کہا گیا؟

مرزا ناصر احمد: نہیں بالکل نہیں۔ کوئی یہاں قیاس.....آگے پیچھے فرق کیا ہی نہیں گیا ہے۔ ''رسل'' صرف ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: کیا قرآن شریف میں ''دائرہ اسلام'' اور ''ملت اسلامیہ'' کا کوئی فرق بتایا گیا ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں۔ ''دائرہ اسلام'' کا ذکر ہی نہیں کیا گیا۔ ''ملت اسلامیہ'' کا ذکر ہے قرآن کریم میں۔

جناب یحییٰ بختیار: ''ملت اسلامیہ'' کا تو ہے۔ ''دائرہ اسلام'' کا تو کوئی ذکر نہیں؟

مرزا ناصر احمد: ''دائرہ اسلام'' کا قرآن کریم میں میں نے کہیں نہیں پڑھا۔ اور......

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو ٹھیک ہے جی مگر......

مرزا ناصر احمد: ملته ابراهیم هو سمٰکم المسلمین

ملت ابیکم ابراهیم

یہ ہے وہ:

و جاهدو حق جهادہٖ۔ هوا جیتکم ما جعل علیکم فی الدین من حرج۔ ملت ابیکم ابراهیم هو سمکم المسلمین من قبل و فی هذا لیکون الرسول شهیدا علیکم و تکون شهداء علی الناس۔ و اَقیمو الصلوٰۃ وا آتی الزکوٰۃ وعتصمو بالله هومولکم فنعم المولیٰ و نعم النصیر "

تو یہ خدا تعالیٰ نے یہاں فرمایا ہے کہ خدا تعالیٰ نے تمہیں مسلمان کا نام دیا اور ملت کا نام دیا۔ یہ ملت مسلمہ......

جناب یحییٰ بختیار: ''دائرہ اسلام'' کا کوئی ذکر نہیں؟

مرزا ناصر احمد: میرے علم میں کوئی نہیں۔ یعنی کسی نے ممکن ہے کو استدلال کیا ہو۔ لیکن یہ تو ہے ہی نہیں قرآن کریم میں لفظ۔

جناب یحییٰ بختیار: تو کیا فرق ہے ''دائرہ اسلام'' اور ''ملت'' میں، آپ کے نقطۂ نظر سے؟

مرزا ناصر احمد: یہ تو میں نے صبح کے اس میں بیان کیا تھا فرق کہ:

ایمان دون ایمان

جناب یحییٰ بختیار: یعنی دائرہ اسلام سے آپ جو آدمی خارج سمجھتے ہیں، اس کو ملت اسلامیہ سے خارج نہیں سمجھتے؟ ایسا ہو سکتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: ایسا ہو سکتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ آپ......

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، ہر وہ شخص جو ملت اسلامیہ کا فرد ہے، کسی کے اعتقاد کے مطابق وہ دائرہ اسلام میں بھی ہے، لیکن جو دائرہ اسلام میں ہے وہ ہر شخص ملت اسلامیہ میں نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اور جو شخص دائرہ اسلام سے خارج ہے، وہ اس کے باوجود مسلمان ہے؟

مرزا ناصر احمد: جو دائرہ اسلام سے خارج ہے وہ ملت اسلامیہ کا فرد ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں۔ اس کے باوجود مسلمان بھی ہے۔

مرزا ناصر احمد: اس کے باوجود مسلمان ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: مسلمان بھی ہے؟ وہ کافر بھی ہے اور مسلمان بھی؟

مرزا ناصر احمد: بعض جہت سے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** ........ what is 'kafir'?

مرزا ناصر احمد: بعض جہت سے کافر ہے اور بعض جہت سے مسلمان بھی ہے۔ بہت سے آیات ہیں اس کے متعلق۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، وہ یہ میں عرض......

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ مرزا صاحب! مرزا بشیر الدین محمود صاحب کا ایک حوالہ ہے۔ یہ میں آپ کو سناتا ہوں۔ انہوں نے کہا ہے جی کہ:

''اب جبکہ یہ مسئلہ بالکل صاف ہے کہ مسیح موعود کے ماننے کے بغیر نجات نہیں ہو سکتی تو کیوں خواہ مخواہ غیر احمدیوں کو مسلمان ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے؟''

Now, how can you call them Muslims when here it is said that:

ان کو کیوں مسلمان بنانے کی کوشش کی جاتی ہے؟

مرزا ناصر احمد: آپ نے خود جواب دے دیا ہے۔ میں نے پڑھ کے سنایا تھا کہ آپ کی مراد 'ملت' ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، میں نے ابھی مسلمان کے لئے آپ سے پوچھا۔ آپ نے کہا وہ کافر ہونے کے باوجود مسلمان ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، وہ مسلمان ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: تو یہاں مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ ان کو مسلمان بنانے کی کوشش کیوں کرتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: دائرہ ملت اسلامیہ میں شامل کرنے کی کیوں کوشش کرتے ہیں۔ یہ مراد لیتے ہیں ہم۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، انہوں نے کہا کہ مسلمان بنانے کی کیوں کوشش کرتے ہیں۔ I want to explain the word "Musalman" here

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، ''مسلمان بنانے'' سے مراد یہ ہے کہ ان کو دائرہ ملت اسلامیہ میں کیوں شامل کر رہے ہو، دائرہ اسلام میں کیوں شامل کر رہے ہو، دائرہ اسلام میں کیوں شامل کر رہے ہو۔

جناب یحییٰ بختیار: ٹھیک ہے جی، میں نے صرف آپ کو..... توجہ میں نے دلا دی آپ کی۔

مرزا ناصر احمد: اور ویسے حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے یہ دعویٰ کیا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے الہاماً یہ دعا سکھلائی ہے:

''رب اصل امت محمدؐ'' صلی اللہ علیہ وسلم

اور دوسرے سب مسلمانوں کو جو روئے زمین پر ہیں جمع کرو 'علیٰ دین واحد' تو جس کو ہم الہاماً، الہام کا فقرہ سمجھتے ہیں اس میں امت واحدہ اور ملت کا ذکر ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہاں لفظ 'مسلمان' تھا جو کہ میں نے آپ سے پوچھا کہ......

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ اسلام جو ہے، ایمان جو ہے وہ 'ایمان دون ایمان' ہے ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، وہ ٹھیک ہے۔ I have followed your explanation. نہیں، وہ تو آپ نے کہا ہے کہ کیٹگریز دو ہیں۔ ملت میں رہتے ہوئے بھی ایک آدمی دائرہ اسلام سے خارج ہو سکتا ہے......

مرزا ناصر احمد: ہاں جی۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ کافر ہے مگر اُس کیٹگری کا نہیں جو کہ منکر ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں۔ جی۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** That is clear now. The word 'Muslim', about that I wanted some clarification.

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ 'دائرہ اسلام' جب ہم کہتے ہیں تو وہ مسلم اور وہی explanation ہو گا۔

جناب یحییٰ بختیار: میرا تو اندازہ یہ تھا اور جو میری سمجھ تھی اس کے مطابق ، جو آدمی دائرہ اسلام سے خارج ہوا وہ مسلمان نہیں۔ That is how I understood; perhaps that is how an ordinary man will understand: he is outside the pale of Islam, that means, he is not a Muslim.

مرزا ناصر احمد: نہیں، لیکن ہماری تعریف تو بن گئی ناں......

**Mr. Yahya Bakhtiar:** You have different interpretation?

تو اب میں 'مسلمان' کی تعریف پوچھ رہا تھا؟

مرزا ناصر احمد: تو وہ تو 'دائرہ اسلام' اور 'مسلمان' دونوں جو ہیں وہ تو اسی کے مطابق چلے گا سارا۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ کہتے ہیں کہ جو دائرہ اسلام سے باہر رہا، کافر ہوا، پھر بھی مسلمان ہو سکتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: جو کافر ہوا؟

جناب یحییٰ بختیار: ہو سکتا ہے ناں جی؟ میں نے......

مرزا ناصر احمد: نہیں، ایک چیز ظاہر کر دیں، مسئلہ سمجھ آ جائے گا۔ وہ کافر ہوا بعض پہلوؤں سے، پھر بھی وہ بعض پہلوؤں سے مسلمان ہے اور ملت اسلامیہ میں داخل ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی کافر ہونے کے باوجود وہ مسلمان ہو سکتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: تو پھر یہاں میں نے مرزا بشیر الدین صاحب کا یہ جو حوالہ دیا، اس میں وہ کہتے ہیں......

مرزا ناصر احمد: اس میں یہی مراد ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: کہ ''مسلمان بنانے کی کوشش کیوں کرتے ہیں؟''

مرزا ناصر احمد: ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: دیکھیے، میں پھر پڑھتا ہوں:

''جب کہ یہ مسئلہ بالکل صاف ہے کہ مسیح موعود کے ماننے کے بغیر نجات نہیں ہو سکتی تو کیوں خواہ مخواہ غیر احمدیوں کو مسلمان ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں؟''

What I am respectfully submitting is that you are trying to prove that they are Muslims and Mirza Sahib says: do'nt try to prove they are Muslims.

**Mirza Nasir Ahmad:** I beg to differ.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** If I am right or wrong.........

**Mirza Nasir Ahmad:** I beg to differ.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No, no, that I think,...........

**Mirza Nasir Ahmad:** Different interpretation آپ ایک اسکا استدلال کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہی چیز ہے جو میں نے بیان کی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور دوسری بات یہ ہو جاتی ہے جی کہ جو مسلمان ہے، باوجود اس کے کفر کے، اس کیٹگری میں جو آپ نے رکھی ہے، اس کی نجات ہو سکتی ہے یا نہیں ہو سکتی؟

مرزا ناصر احمد: یہ جو ہے ناں نجات کا مسئلہ، یہ بہت گہرا بھی ہے، بہت وسیع بھی ہے۔ تو میں کوشش کروں گا کہ چند فقروں میں اسے بیان کر دوں......

**Mr. Yahya Bakhtiar:** نہیں جی , I mean, a far as I am concerned, the Committee really wants to solve this issue in the amicable manner. You take your time. Please don't..........

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں مختصراً یہ کہوں گا کہ نبی کریم صل اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نجات کا انحصار انسان کے اعمال صالح پر نہیں، اللہ تعالیٰ کی بخشش پر ہے۔ بلکہ ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا کہ آپ کی نجات کا بھی؟ آپ نے کہا میری نجات کا بھی۔ اللہ تعالیٰ کی اپنی بخشش جو ہے وہ مجھے نجات دے گی۔ میرے اپنے اعمال کا_____ میرے اپنے اعمال کے نتیجے میں نجات مجھے نہیں ملے گی۔ تو نجات کا فیصلہ کرنا، اگر نجات خدا تعالیٰ کی مرضی پر ہے، تو انسان کا کام ہی نہیں فیصلہ کرنا۔ انسان ظاہر پر حکم لگا دیتا ہے بعض دفعہ۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں ، یہ درست آپ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کی بخشش ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کی بخشش کا مرزا صاحب کو پورا علم ہے کہ کس کو ملے گی، کس کو نہیں؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، کسی کو نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یہاں.....نہیں، I want a clarification

مرزا ناصر احمد: جب یہ بنیادی ہمارا ہے مسئلہ، اور ایمان، تو جب کوئی فقرہ ایسا کہا جائے جس میں کچھ اشتباہ ہو تو اس کو اصل کی طرف لوٹانا چاہیئے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Sir, I want the clarification. Here it is said:

''اب جبکہ یہ مسئلہ بالکل صاف ہے کہ مسیح موعود کے نہ ماننے کے بغیر نجات نہیں ہوسکتی.....''

Impossible; in categorical terms it is stated.

مرزا ناصر احمد: یہ میں نے بتایا ہے کہ ظاہر پر حکم کرتا ہے انسان۔ مثلاً ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ انسان کی نجات کا انحصار اس پر ہے کہ وہ اوباشانہ زندگی نہ گزار رہا ہو، کنچنی عورت جو ہے وہ کنچنیوں والی زندگی نہ گزارے۔ یہ ایک عام ایک حکم لگا دیتا ہے آدمی۔ اور حدیث میں یہ آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک کنچنی کو جنت میں اس لئے داخل کیا کہ اس نے اس کی مخلوق _____ بعض جگہ آتا ہے کتا، بعض جگہ بلی _____ کہ وہ پیاسی تھی اور پیاسی مر رہی تھی اور کنچنی نے اپنی جوتی میں اس کو پانی پلایا اور اللہ تعالیٰ نے اس کو بخش دیا اور جنت میں اس کو بھیج دیا۔ لیکن ظاہر میں ہم یہی کریں گے حکم۔ تو یہ میں نے extreme کی مثال دی ہے۔ باقی یہ ہے کہ جو شخص _____ حدیث میں آتا ہے ____ کہ جو شخص یہ کرے وہ مسلمان نہیں رہتا۔ جو چوری کرتا ہے وہ مسلمان نہیں۔ جو نماز چھوڑتا ہے وہ مسلمان نہیں۔ نجات حاصل نہیں کر سکتا۔ تو وہ ظاہر کے اوپر ایک حکم ہے کہ ترغیب ہے لوگوں کو اعمال صالحہ بجا لانے کی۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Sir, I will draw your attention also to 'Anwar-i- Khilafat,' page 90. Here it is stated:

"ہمارا یہ فرض ہے کہ غیر احمدیوں کو مسلمان نہ سمجھیں۔"

مرزا ناصر احمد: یعنی دائرہ اسلام سے خارج سمجھیں۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ آپ کے Quotation ......

مرزا ناصر احمد: وہ تو میں نے تسلیم کر لیا۔

جناب یحییٰ بختیار: ......میں پڑھ کے سناتا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: جی۔

جناب یحییٰ بختیار: "ہمارا یہ فرض ہے کہ غیر احمدیوں کو مسلمان نہ سمجھیں اور نہ ان کے پیچھے نماز پڑھیں۔ ہمارے نزدیک وہ خدا تعالیٰ کے ایک نبی کے منکر ہیں۔"

مرزا ناصر احمد: جی۔

جناب یحییٰ بختیار: تو یہاں بھی وہ کہتے ہیں کہ وہ مسلمان نہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ مسلمان ہیں۔ اس sense میں کہ جو آپ نے explain کیا؟

مرزا ناصر احمد: وہ مِلّت اسلامیہ کا فرد ہونے کی حیثیت سے مسلمان ہیں اور...... ہاں، ملت کے لحاظ سے مسلمان ہیں اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ دو علیحدہ علیحدہ محاورے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ''ہمارا یہ فرض ہے کہ غیر احمدیوں کو مسلمان نہ سمجھیں......''

مرزا ناصر احمد: دائرہ اسلام سے خارج سمجھیں۔

جناب یحییٰ بختیار: دائرہ اسلام نہیں، یہاں تو وہ یہ کہہ رہے ہیں......

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، میرا مطلب ہے وہ اس کا مطلب یہ ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اس کا مطلب یہ ہے کہ جب وہ یہ کہتے ہیں کہ ''مسلمان نہ سمجھیں'' ان کا مطلب ہے'' مسلمان سمجھیں، مگر دائرہ اسلام سے باہر سمجھیں''؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! یہ اسلامی نقطۂ نظر سے ''مرتد'' کیا ہوتا ہے؟ جس کو کہتے ہیں کہ یہ مرتد ہے۔

مرزا ناصر احمد: اسلامی......

جناب یحییٰ بختیار: دائرہ اسلام سے خارج ہوا یا ملت اسلامیہ سے خارج ہوا؟

مرزا ناصر احمد: بات یہ ہے کہ جب آپ مجھ سے پوچھتے ہیں تو میں اپنا مذہب بتاؤں گا ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: اپنے پوائنٹ آف ویو سے، naturally۔

مرزا ناصر احمد: میرے نزدیک ''مرتد'' وہ ہے جو یہ اعلان کرے کہ اسلام سے میرا کوئی تعلق نہیں رہا:

من یّرتدد منکم عن دینہٖ

جناب یحییٰ بختیار: دائرہ اسلام سے نہیں بلکہ ملت اسلامیہ سے خارج ہو جائے گا؟

مرزا ناصر احمد: اسلام سے میں نے نہ دائرہ کہا ہے نہ کچھ۔ جو شخص یہ اعلان کرے کہ اسلام سے میرا کوئی تعلق نہیں رہا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر میرا ایمان نہیں اب......

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو ملت سے باہر ہو گیا ناں جی؟

مرزا ناصر احمد: بالکل باہر ہو گیا۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، یہی ہونا چاہیے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں ہاں۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** He cannot be a Muslim?

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں......میرا......آپ نے میری بات دراصل نہیں سمجھی۔ یہ کبھی مجہول نہیں استعمال ہوا قرآن میں۔ یعنی یہ نہیں کہ زید بکر کو کہے کہ تم دائرہ اسلام سے نکل گئے یا تم نے اسلام چھوڑ دیا......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ، وہ......

مرزا ناصر احمد: ......وہ خود کہے۔ جو شخص یہ اعلان کرتا ہے کہ میں اسلام کو چھوڑتا ہوں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے میرا کوئی تعلق نہیں رہا، میرے نزدیک قرآنی اصطلاح میں صرف وہ مرتد ہے۔ وہ نہیں کہ جن کے اوپر دوسرے فتویٰ دیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی اگر کوئی اور کہے؟

مرزا ناصر احمد: تو پھر قرآن کریم میں اس کا ذکر نظر نہیں مجھے آیا اس لفظ کے نیچے۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی علماء ــــــ خواہ آپ کی جماعت کے ہیں یا کسی جماعت کے ہیں......

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: ان سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: اگر ان کو علم ہو......

مرزا ناصر احمد: نہیں، علم......

جناب یحییٰ بختیار: کہ یہ ایک شخص......

مرزا ناصر احمد: اس میں علم کا سوال ہی نہیں ہے۔ ایک آدمی خود کھڑے ہو کر کہتا ہے......

جناب یحییٰ بختیار: on the matter، نہیں اگر وہ خود نہ کہے......

مرزا ناصر احمد: نہیں، خود نہیں، قرآن کریم کہتا ہے کہ خود کہے۔ یہی تو میں پوائنٹ لے رہا ہوں۔ قرآن کریم نے یہ فرمایا ہے، ہمیشہ مجہول کا لفظ صیغہ استعمال کئے بغیر، کہ جو شخص خود ارتداد عن الاسلام کا اعلان کرے، یعنی یہ اعلان کرے کہ اسلام کے ساتھ اور حضرت خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میرا کوئی تعلق نہیں، قرآن کریم کی اصطلاح میں وہ مرتد ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: میں ابھی......فرض کیجئے ایک شخص ہے، مسلمان ہے، اور وہ اعلان کر دیتا ہے کہ میں اسلام میں ابھی نہیں believe کرتا مرتد ہو گیا؟......

مرزا ناصر احمد: ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: ......اپنے اعلان کے مطابق۔ ایک شخص ہے جو مرزا غلام احمد سے بیعت لے آیا، احمدی ہو گیا، پھر وہ اعلان کر دیتا ہے کہ میں ابھی ان کو نبی نہیں مانتا۔ وہ مرتد ہو گا؟ کہ ملت اسلامیہ سے باہر ہو گا؟ یا دائرہ اسلام سے باہر؟

مرزا ناصر احمد: لفظی معنی میں تو، جس نے اعلان کیا وہ لفظی معنی میں مرتد ہو گیا۔ لیکن قرآن کریم کی اصطلاح میں وہ مرتد نہیں ہوا۔ یعنی یہ دو علیحدہ علیحدہ لفظ ہیں۔ ایک لغوی معنیٰ ہے......

جناب یحییٰ بختیار: 'مرتد' کی بھی دو کیٹگریز ہیں؟

مرزا ناصر احمد: ایک......

(مداخلت)

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Please.

مرزا ناصر احمد: ہر لفظ جو ہے، ہر لفظ جو ہے اس کا......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں،......

مرزا ناصر احمد: میں بتاتا ہوں...... وہ اس چیز کا امکان رکھتا ہے کہ اس کو لغوی معنی میں استعمال کیا جائے یا اصطلاحی معنی میں استعمال کیا جائے۔ میں یہ بات کر رہا ہوں۔ ایک ہیں 'ارتداد' کے معنی قرآن کریم کی اصطلاح میں۔ شروع سے آخر تک آپ پڑھیں اور ساری آیات سامنے رکھیں۔ جہاں 'ارتداد' کا لفظ استعمال ہوا ہے تو وہ قرآن کریم کی اصطلاح ہے اور اس کا یہ مطلب نہیں کہ قرآن کریم اگر کسی لفظ کو عربی کے اصطلاحی معنی میں استعمال کرے تو لغوی معنی میں وہ استعمال ہو ہی نہیں سکتا، نہ کہیں ہوا، اور نہ یہ...... عقل بھی اس کو نہیں مانتی۔ تو جب ہم یہ کہتے ہیں کہ ''اسلام سے ارتداد اختیار کیا'' تو

قرآن کریم کی اصطلاح کے مطابق۔ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ "فرقہ وہابیہ سے ارتداد اختیار کیا" تو وہ لغوی معنی کے لحاظ سے، قرآن کریم کی اصطلاح کے مطابق نہیں۔ اور مثلاً یہ ایک حوالہ ہے حضرت مولانا مودودی صاحب کا:

"کہ جماعت اسلامی سے پلٹ جانا وَ ماھو جہنم وبئس المصیر۔"

تو یہ انہوں نے اپنا کر دیا۔ یہ ان کی اپنی..... لیکن قرآن کریم کی......

جناب یحییٰ بختیار: مرتد، مرتد کہہ دیا اس کو؟

مرزا ناصر احمد: 'ارتداد' کا لفظ استعمال کیا ہے انہوں نے، اپنے فرقہ سے ارتداد کا لفظ استعمال کیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی مرتد ہو گیا پھر تو وہ؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، مرتد ہو گیا۔ لیکن میں یہ بتا رہا ہوں کہ ــــــ ان کے حق میں بات کر رہا ہوں ــــــ ان کا مطلب یہ نہیں ہے کہ قرآن کریم کی اصطلاح میں مرتد ہو گیا۔ ان کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں چھوڑ دیا اس نے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، اگر ــــــ میں آپ سے ڈائریکٹ سوال پوچھتا ہوں ــــــ ایک شخص مرزا غلام احمد صاحب کو نبی مانتا ہے، پھر اس کے بعد میں وہ ان کو......

مرزا ناصر احمد: ......اعلان کرتا ہے کہ میں نہیں مانتا؟

جناب یحییٰ بختیار: ......میں نہیں مانتا۔

مرزا ناصر احمد: تو لغوی معنیٰ کے لحاظ سے وہ مرتد ہے......

جناب یحییٰ بختیار: گردن زدنی اور سزا کے......

مرزا ناصر احمد: ......لیکن اصطلاحی معنیٰ کے لحاظ سے وہ مرتد نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی جو سزا مرتد کو دی ہے اسلام نے، وہ سزاوار نہیں؟

مرزا ناصر احمد: قرآن کی اصطلاح میں جو مرتد ہے قرآن کریم کی سزا صرف اس کے لئے ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ اس کیٹگری میں نہیں آئے گا؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ اس کیٹگری میں نہیں آئے گا۔ اور یہاں ایک اور وضاحت ہونی چاہیے کہ قرآن کریم نے کیا سزا دی ہے مرتد کی؟ جہنم۔ دوسری دنیا کی سزا دی ہے۔ اس دنیا میں مرتد کی کوئی سزا نہیں قرآن کریم میں۔

جناب یحییٰ بختیار: کوئی سزا نہیں؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، کوئی سزا نہیں معین۔ دوسری دنیا کی سزا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: تو دوسری دنیا کی جو سزا ہے وہ اس شخص کے لئے ہے یا نہیں جو مرزا غلام احمد صاحب کو نبی مانے......

مرزا ناصر احمد: قرآن کریم نے جو سزا بتائی ہے وہ کسی ایسے مرتد کے لئے نہیں جو قرآن کریم کی اصطلاح کے مطابق مرتد نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: میں، میں ان کا پوچھ رہا ہوں......

مرزا ناصر احمد: اسی کا میں جواب دے رہا ہوں۔

جناب یحییٰ بختیار: کیونکہ مجھے ایک سوال دیا گیا ہے......

مرزا ناصر احمد: قرآن کریم کی اصطلاح کے مطابق جو مرتد ہے قرآن عظیم نے اس کی جو سزا......جو بھی سزا قرآن کریم نے اس کے لئے بیان کی وہ وہ کسی ایسے مرتد کے لئے نہیں جو لغوی معنیٰ کے لحاظ سے مرتد ہے لیکن قرآن کریم کی اصطلاح کے مطابق مرتد نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مجھے ایک سوال دیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ:

''کیا آپ کے علم میں ہے کہ مرزا غلام احمد صاحب نے عبدالحکیم کو جو پہلے مرزا غلام احمد کا مرید تھا اور پھر اس نے ان سے شدید اختلاف کیا یا ان کی نبوت کی حیثیت ماننے سے انکار کیا تو مرزا غلام احمد نے اسے مرتد قرار دیا؟''

(بحوالہ حقیقت الوحی صفحہ ۱۶۳)

مرزا ناصر احمد: جس نے انکار کیا ہے اس نے وہ وہ......وہ انکار کیا۔ وہ لغوی معنی کے لحاظ سے ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: مرتد اس sense میں کہ یہ آدمی کافر نہیں ہوا؟ کافر یعنی وہ......

مرزا ناصر احمد: وہ دائرہ اسلام سے خارج ہو گیا لیکن ملت اسلامیہ میں شامل ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: 'انوار خلافت' میں مرزا صاحب! صفحہ ۹۴، اس میں مرزا بشیر الدین صاحب کا یہ ایک حوالہ ہے:

''مسلمانوں سے رشتہ ناطہ حرام اور ناجائز ہے''۔

This is a very different category، نہ کرنا on the ground of expediency جیسا آپ نے فرمایا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ تعلقات اچھے نہیں رہتے۔ اور یہاں کہتے ہیں: ''ناجائز'' ''حرام''۔

مرزا ناصر احمد: جو چیز فساد پیدا کرتی ہے وہ ناجائز اور حرام ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: تو یہ تو پھر دوسری کیٹگری ہو گئی ناں جی؟

مرزا ناصر احمد: نہ۔

جناب یحییٰ بختیار: expediency نہیں، عقیدے کی بات ہو گئی؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، ''ناجائز اور حرام'' کی وجہ یہ ہے کہ اس سے کوئی خرابی پیدا ہوتی ہے۔ یہ کہنا کہ جو خرابی پیدا ہونے والی ہے وہ اور چیز ہے اور ناجائز اور حرام کوئی

اور چیز ہے، وہ تو ناجائز اور حرام یہ نتیجہ ہے فساد کا، خرابی کا۔ یہاں کسی جگہ نتیجہ بیان ہوا ہے اور کسی جگہ وجہ بیان ہوئی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: تو اتنے یعنی مسلمانوں سے آپ مختلف ہیں کہ رشتہ ناطہ ناجائز اور حرام ہے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، باقی......

جناب یحییٰ بختیار: آپ سمجھتے ہیں......

مرزا ناصر احمد: شرعی اصطلاح میں نہیں، نمبر ایک۔ دوسرے یہ ہے آپ یہ فقرہ کیسے کہتے ہیں کہ جماعت احمدیہ دوسرے سب سے مختلف ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: یا وہ آپ سے مختلف ہیں؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں،......

جناب یحییٰ بختیار: وہ مختلف سہی۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، میں یہ بات نہیں کہہ رہا۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ یہی چیز آپ شیعوں کے متعلق بھی کہہ سکتے ہیں، یہی چیز آپ دیو بندیوں کے متعلق بھی کہہ سکتے ہیں، یہی چیز آپ وہابیوں کے متعلق بھی کہہ سکتے ہیں، یہی چیز آپ اہل حدیث کے متعلق بھی کہہ سکتے ہیں۔ ہر فرقہ کے متعلق یہی کہہ سکتے ہیں۔ کفر کا یعنی یہ فتویٰ، رشتہ ناطہ ناجائز ہے، یہ صرف سب نے مل کر احمدیوں کے خلاف نہیں دیا بلکہ ہر سب نے مل کے ہر دوسرے فرقے کے متعلق دیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، آپ نے کہا تھا کہ یہ مختلف فرقوں نے ایسے فتوے دیئے ہیں ایک دوسرے کے خلاف کہ ناجائز ہے، حرام ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، سب نے۔

جناب یحییٰ بختیار: کیا سب نے مل کر کسی ایسے فرقے کے خلاف ایسے فتوے دیئے ہیں جیسے آپ کے خلاف؟

مرزا ناصر احمد: سب نے دیئے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: سب مل کے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، بالکل۔

جناب یحییٰ بختیار: ......کہ بریلوی، دیوبندی سارے مل کے کسی ایک کو کہتے ہیں کہ یہ بالکل ......؟ ایسے کوئی فتوے ہیں، unanimous جن کو کہیں more or less unanimous?

مرزا ناصر احمد: بات یہ ہے کہ جو ۱۹۵۳ء میں جسٹس منیر کی انکوائری رپورٹ ہے ناں، اس وقت تک کوئی اکٹھے فتوے دیئے ہی کسی نے نہیں تھے۔ ہمارے خلاف بھی نہیں دیئے تھے۔ اس واسطے اس کے بعد کے فتوؤں کو اجماع کی حیثیت نہیں دی جا سکتی۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، آپ نے کہا کہ مرزا غلام احمد صاحب کے زمانے میں بھی دو سو مولویوں نے فتوے دیئے تھے۔ ابھی تو کوئی......

مرزا ناصر احمد: میں نے یہ تو نہیں کہا کہ اس وقت سارے فرقوں کے صرف دو سو مولوی تھے دنیا میں۔

جناب یحییٰ بختیار: سب نے نہیں تھے دیئے؟

مرزا ناصر احمد: تو جب میں کہتا ہوں کہ دو سو تھے تو سب نے بہرحال نہیں دیئے۔

جناب یحییٰ بختیار: تو آپ نے تو کہا کہ سب مسلمان دائرے سے خارج ہیں۔ میں یہی تو پوچھ رہا تھا آپ سے کہ جنہوں نے فتوے بھی نہیں دیئے آپ ان کو کیوں کافر کہہ رہے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: ایک ہے فتویٰ دینے والا، ایک ہے مفتی کی اتباع کرنے والا۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی وہ سب cover ہو گئے ناں جی؟ کہ کوئی کیٹگری رہ گئی مسلمانوں کی؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، یہ شیعوں کے متعلق بھی کوئی کیٹگری نہیں رہ گئی مسلمانوں کی۔ سب نے فتویٰ دے دیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، آپ نے جو کہا دو سو علماء نے فتوے دیئے، تو آپ نے کہا وہ سب نہیں تھے۔

مرزا ناصر احمد: میں اس کا یہ جواب دے رہا ہوں کہ جو مؤقف آپ جماعت احمدیہ کے متعلق لے رہے ہیں وہی مؤقف ہر دوسرے فرقے کے متعلق کیوں نہیں لے رہے جب فتاویٰ کی حالت ایک جیسی ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: سب نے، میرا خیال ہے، مل کے اس طرح کا فتویٰ نہیں دیا جیسے جماعت احمدیہ کے خلاف دیا ہے۔ individually فتوے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، آپ کا مطلب یہ ہے کہ دیو بندی جمع اہل حدیث جمع وہابی جمع بریلوی، یہ متحدہ فتویٰ نہیں، اور متحدہ فتویٰ یہ ہے کہ ایک عالم دیو بندیوں کا، ایک اہل حدیث کا، ایک بریلویوں کا، ایک وہابیوں کا، ایک ان کا اہل قرآن کا، دوسرے جو ہیں فرقے ان سب کا ایک ایک آدمی مل کے فتویٰ دیں تب وہ متفقہ فتویٰ ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میرا مطلب یہ نہیں تھا جی۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اب یہ بریلوی ہیں، دیوبندی نے ان کے خلاف فتویٰ دیا۔ یہ ٹھیک ہے۔ بریلوی......

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، خالی دیو بندیوں نے نہیں، ہر دوسرے فرقے نے دیا۔

جناب یحییٰ بختیار: سب کے سب نے unanimous فتویٰ دیا؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، بالکل۔ یہ ہمارے پاس حوالے ہیں ان کے۔

جناب یحییٰ بختیار: سب نے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، سب نے دیا۔

جناب یحییٰ بختیار: بریلویوں کو سب نے condemn کیا؟

مرزا ناصر احمد: بریلویوں نے...... ہر اس فرقے نے بریلویوں کو condemn کیا جو بریلوی نہیں کسی دوسرے فرقے سے تعلق رکھتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: جو دیو بندی نہیں ہے، انہوں نے، سب نے......

مرزا ناصر احمد: سب نے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......condemn کیا ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، سب نے کیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور اسی طرح سب نے آپ کو condemn کیا ہے؟

مرزا ناصر احمد: سب نے کیا۔ اور یہ ہمارے بزرگ ______ ہمارے بھی بزرگ ہیں ______ محمد بن عبدالوہاب رحمت اللہ علیہ، جو مرشد ہیں وہابیوں کے، انہوں نے، وہ کیا نام ہے، ''مختصر سیرت رسول'' میں یہ حدیث لکھنے کے بعد کہ میری امت ______ ایک حدیث انہوں نے quote کی کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ میری امت تہتر فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی اور بہتر ان میں سے فی النار ہیں:

كلهم في النار الا واحده

سارے کے سارے سوائے ایک کے جہنمی ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے شرح اس کی یہ کی ہے کہ:

هذه من حمل المسائل من فهمها و فهو الفقيهُ و من عمل بها فهو المسلم

کہ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے جو اس مسئلے کو سمجھے فقیہہ صرف وہ ہے۔ اور جو عملاً ان کو غیر مسلم قرار دے، فی النار قرار دے، مسلمان وہی ہے۔

جناب یحیٰی بختیار: جیسے ۵۳ء میں ____ آپ ابھی فرما رہے تھے کہ اس سے پہلے اس قسم کا فتویٰ نہیں آیا جیسے ۵۳ء میں انہوں نے دیا تھا؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، میں نے یہ کہا کہ اس طرح جو آپ کہہ رہے تھے کہ سارے مل کے، سر جوڑ کے فتویٰ دیں، ۵۳ء تک نہیں دیا تھا ایسا کوئی فتویٰ میرے علم میں......

جناب یحیٰی بختیار: Individually دیتے رہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، Individually۔

جناب یحیٰی بختیار: ۵۱ء یا ۵۳ء......

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہی جو ۵۳ء کے فسادات کے پہلے تک۔

جناب یحیٰی بختیار: اور جو باقی ہیں ان کے خلاف ایسا collective جیسے ۵۳ء میں آپ کے خلاف دیا تھا؟

مرزا ناصر احمد: نہ، ۵۳ء میں بھی ہمارے خلاف collective نہیں، یہ بعد کی چیز ہے۔ ۵۳ء میں وہی مختلف فرقے جو ہیں انہوں نے فتوے لگائے ہیں اپنی اپنی جگہ۔

جناب یحیٰی بختیار: نہیں جی آپ نے کہا کہ ایسے collective پہلے نہیں آئے، پہلے individual تھے پھر collective ؟

مرزا ناصر احمد: ۵۳ء کے بعد کی بات ہے۔ ۵۳ء تک نہیں تھی۔

جناب یحیٰی بختیار: اس کے بعد یہ ہوا؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، اس کے بعد، اب یہ سب اکٹھے ہو جاتے ہیں، بعض دفعہ، واللہ علم۔

جناب یحییٰ بختیار: اور جو ـــــــ یہ کیا وجہ ہے کہ آپس میں، آپ کہتے ہیں، کہ انہوں نے ایک دوسرے کے خلاف کفر کے فتوے دیئے، باوجود اس کے وہ سب فرقوں کے علماء اور representative اکھٹے ہوئے، ۱۹۵۳ء جنوری میں، اور متفقہ طور پہ احمدیوں کو غیر مسلم قرار دیا، وہ کیوں اکھٹے ہوئے؟ وہ کیوں نہیں کہتے کہ بھئی تم بھی کافر، تم بھی کافر، کیوں ان کو کافر کہہ رہے ہو؟ آپ کے متعلق جو تھے وہ اکھٹے ہوئے اور متفقہ طور پر......

مرزا ناصر احمد: اس کا...... یہ سوال مجھ سے جو کر رہے ہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ میں کوئی وجہ سوچوں اپنے دماغ سے؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، میں نے آپ سے پوچھا ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، تب ہی تو میں جواب دے سکتا ہوں۔

جناب یحییٰ بختیار: کوئی distinction کر رہے ہیں وہ؟ کہ آپس میں تو ایک دوسرے کو کافر کہہ دیا مگر اکھٹے ہو کے صرف آپ کو انہوں نے غیر مسلم قرار دیا۔

مرزا ناصر احمد: اس کی وجہ موجود ہے۔ میں حوالہ نکالتا ہوں۔ ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب نے ـــــــ یہ حوالہ ان کا ہے ـــــــ انہوں نے لکھا ہے:

''پاکستان کی ایک یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے مجھ سے حال ہی میں بیان کیا کہ ایک ملائے اعظم اور عالم مقتدر سے، جو کچھ عرصہ ہوا بہت تذبذب اور سوچ بچار کے بعد ہجرت کر کے پاکستان آ گئے ہیں، میں نے ایک اسلامی فرقے کے متعلق دریافت کیا۔ انہوں نے فتویٰ دیا کہ ان میں جو غالی ہیں وہ واجب القتل ہیں، اور جو غالی نہیں وہ واجب التعزیر ہیں۔ ایک اور فرقے کی نسبت پوچھا جس میں کروڑ پتی تاجر بہت ہیں۔ فرمایا کہ وہ سب واجب القتل ہیں۔ یہی عالم ان

تیس بتیس علماء میں پیش پیش اور کرتا دھرتا تھے جنہوں نے اپنے اسلامی مجوزہ دستور میں یہ لازمی قرار دیا کہ ہر اسلامی فرقے کو تسلیم کر لیا جائے، سوائے ایک کے جس کو اسلام سے خارج سمجھا جائے۔ ہیں تو وہ بھی واجب القتل (یعنی دوسرے فرقے) مگر اس وقت علی الاعلان کہنے کی بات نہیں موقعہ آئے گا تو دیکھا جائے گا۔ انہی میں سے ایک دوسرے سربراہ عالم دین نے فرمایا کہ ابھی تو ہم نے جہاد فی سبیل اللہ ایک فرقے کے خلاف شروع کیا ہے۔ (یہ آپ پڑھ لیں۔ تو یہ فقرہ سننے والا ہے: ''کہ ابھی تو ہم نے جہاد فی سبیل اللہ ایک فرقے کے خلاف شروع کیا ہے'') اس میں کامیابی کے بعد انشاء اللہ دوسروں کی بھی خبر لی جائے گی۔''

جناب یحیٰی بختیار: یہ تو مرزا صاحب individual opinion دی آپ نے ایک عالم صاحب کی، or so-called عالم۔

مرزا ناصر احمد: یہ individual opinion ایک ایسے معاملے کے متعلق ہے جس میں collective opinion possible ہی نہیں ہے......

جناب یحیٰی بختیار: نہیں، آپ یہ دیکھیں......

مرزا ناصر احمد: ...... کیونکہ معاملہ یہ ہے کہ ایک کے بعد دوسرے کو لینا ہے۔ تو سارے مل کے یہ فتویٰ کیسے دے سکتے تھے کہ پہلے میری باری، پھر تمہاری باری، پھر تمھاری باری؟......

جناب یحیٰی بختیار: نہیں جی، دستوری......

مرزا ناصر احمد: ...... یہ معاملہ اس قسم کا ہے، یہ موضوع ایسا ہے جس میں ایک ہی کی opinion دی جا سکتی ہے۔ اور دو کی opinion آ گئی اس میں۔

جناب یحیٰی بختیار: نہیں، ایسی collective opinion کہ سارے علماء......

مرزا ناصر احمد: ایسی collective opinion یہ ہو سکتی ہے کہ پہلے شیعوں کو...... آپ ہی شیعہ عالم، دیوبندی عالم، وہابی عالم، اہل حدیث عالم، بریلوی عالم اکھٹے ہو کے سر جوڑیں اور کہیں کہ پہلے وہابیوں کو قتل کریں گے ہم، اور پھر ہم اہل حدیث کو ماریں گے، اور پھر ہم اہل قرآن کے پیچھے پڑیں گے، پھر ہم دیوبندیوں کی خبر لیں گے۔ یہ collectively ہو ہی نہیں سکتا۔

جناب یحیٰی بختیار: یہ Hara-kiri ہو گئی ناں جی، اس کا مطلب ہے کہ اپنے آپ کو مار رہے ہیں وہ؟

مرزا ناصر احمد: میں کہہ رہا ہوں کہ یہ مضمون ہی اس قسم کا ہے جس میں صرف individual opinion ہی دی جا سکتی ہے، collective impossible ہے unthinkable۔

جناب یحیٰی بختیار: یہ ۱۹۵۱ء میں جو سفارشات دی تھیں، دستوری سفارشات مل کے سب طبقوں نے، انہوں نے یہی کہا تھا کہ ہم ایک دوسرے کو مسلمان سمجھیں گے except Ahmadis ......

مرزا ناصر احمد: اسی کے متعلق یہ ہے کہ ابھی تو ایک کی باری ہے۔

جناب یحیٰی بختیار: ...... except Ahmadis۔ ان سب کا ایک ہی view ہے۔

مرزا ناصر احمد: اس کے متعلق یہ ہے کہ ایک سے پوچھا تو اس نے کہا ٹھیک ہے۔ ہم سارے ہیں......

جناب یحیٰی بختیار: ہم ایک فریق کی بات کر رہے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، collectively تو وہ کر ہی نہیں سکتے۔ وہ Hara-kiri جیسا کہ آپ نے کہا ہے، وہ بن جائے گا۔ اور ویسے سارے شامل بھی نہیں تھے۔

شیعہ حضرات نے اعلان کر دیا تھا کہ ہم اس میں نہیں شامل۔ یہ ویسے جو ہے collective فتویٰ، شیعہ حضرات کے متعلق دے چکے علماء مل کے، اور یہ ہفت روزہ ''ترجمان الاسلام'' لاہور، 31، مارچ 1972ء صفحہ 5 کالم نمبر 5 میں آ گیا ہے۔ اگر کہیں تو یہ بھی سنا دیتے ہیں۔ مطالبہ اجتماعی......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ آپ کے اس میں آ چکا ہے، پہلے پڑھ چکے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، اس میں آ چکا ہے، ٹھیک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ جی مرزا غلام احمد صاحب نے ''آئینہ صداقت'' میں ____ یہ ان کی تصنیف ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، نہیں جی، یہ ان کی تصنیف نہیں جی۔ ''آئینہ صداقت'' حضرت مرزا غلام احمد صاحب کی تو نہیں، بانیٔ سلسلہ کی نہیں، کوئی تصنیف نہیں ''آئینہ صداقت''۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ پھر مرزا، ان کی ہو گی، بشیر الدین صاحب کی؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، ہو گی تو آپ بتائیں ناں، کس کی؟ کون مصنف ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: ''آئینہ صداقت'' صفحہ 35۔ مجھے تو یہ بتایا گیا ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں تو کسی نے آپ کو غلط کہا۔

جناب یحییٰ بختیار: اس میں quote کیا گیا ہے مرزا غلام احمد صاحب کو۔ تو میں وہ پڑھ دیتا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہ تو ہو سکتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، میں وہ:

''کیا یہ درست ہے......''

مرزا ناصر احمد: ٹھیک ہے، ہاں۔

جناب یحیٰی بختیار: ''......مرزا غلام احمد نے مندرجہ ذیل تحریرات کے ذریعے تمام مسلمانوں کی تکفیر اور ان پر کفر کا فتویٰ لگایا ہے......''

Somebody asked this question.

اس میں ہے جی:

''کہ تمام اہل اسلام دائرہ اسلام سے خارج ہیں......''

مرزا ناصر احمد: اہل اسلام بھی ہیں اور دائرہ اسلام سے خارج بھی ہیں، وہ تو پہلے صاف ہو گیا مسئلہ۔

جناب یحیٰی بختیار: ہاں، تو یہی میں کہہ رہا ہوں کہ paradoxical جو ہے......

مرزا ناصر احمد: نہیں، paradoxical نہیں۔ یہ ہم نے دو اصلاحیں لیں............ ملت اسلامیہ اور دائرہ اسلام......

جناب یحیٰی بختیار: نہیں جی، میں یہ پوچھ رہا ہوں......

مرزا ناصر احمد: ......ایک شخص دائرہ اسلام سے خارج ہونے کے باوجود ملت اسلامیہ میں رہتا ہے۔

جناب یحیٰی بختیار: جب یہ کہتے ہیں:

''کہ تمام اہل اسلام دائرہ اسلام سے خارج ہیں''

تو تمام اہل اسلام میں احمدی شمار ہیں کہ نہیں؟

مرزا ناصر احمد: جو فرقہ بول رہا ہو وہ اپنے آپ کو شامل نہیں کیا کرتا۔

جناب یحیٰی بختیار: اچھا!

مرزا ناصر احمد: یہ تو اگر کوئی ......مثلاً ہمارے جس وقت بول رہے تھے محمد بن عبدالوہاب رحمتہ اللہ علیہ کہ تہتر فرقے، سوائے ایک کے، سارے فی النار ہیں، تو اپنے آپ کو انہوں نے مستثنیٰ کیا تھا۔ یعنی یہ تو ہمارا روزمرہ کا طریق ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی سوائے احمدیوں کے سارے اہل اسلام کافر ہیں اس کیٹگری کے جو ملت سے باہر نہیں؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، ملت سے باہر نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: دائرہ اسلام سے خارج ہیں؟

مرزا ناصر احمد: ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: سارے کے سارے اہل اسلام؟

مرزا ناصر احمد: یہ اصل میں بات یہ ہے، میں نے ایک دفعہ کہہ دیا ہے، دہراتا ہوں......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، آپ verify نہ کریں......

مرزا ناصر احمد: ......کوئی حوالہ، جو یہاں پڑھ کے مجھے سنایا جائے، اس کی نہ میں تصدیق کر سکتا ہوں نہ تردید کر سکتا ہوں۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ نے پہلے فرمایا، میں نے پھر آپ کو ''انوار صداقت'' سے پڑھ کے سنایا، پھر آپ نے تصدیق کی اس کی......

مرزا ناصر احمد: نہ، میں نے کسی کی تصدیق نہیں کی۔ میں نے جواب دیا۔

جناب یحییٰ بختیار: میں پھر آپ کو پھر دے دیتا ہوں۔ میرا تو یہ impression تھا کہ جب آپ کو پورا علم تھا......

مرزا ناصر احمد: ناں، ناں......

جناب یحییٰ بختیار: ......آپ کو پورا علم تھا، آپ نے کہا کہ آپ سے یہ سوال منیر انکوائری کے وقت بھی پوچھا گیا، ہم نے یہ جواب دیا۔ تو you did not deny it. But if you take it that way that I have to put it to you pointedly every time, then I will do that.

مرزا ناصر احمد: جو تو......

جناب یحییٰ بختیار: اگر آپ......نہیں جی، یہ تو چونکہ ریکارڈ ہے، evidence کی بات ہے، you are giving evidence on oath۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، یہ......

جناب یحییٰ بختیار: اگر ''انوار صداقت'' کے page 93 پر مرزا بشیر الدین صاحب کا statement ہے ہی نہیں، ''انوار خلافت''......

مرزا ناصر احمد: 93 کو تو تسلیم کر لیا۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، نہیں، میں یہی کہہ رہا تھا۔ آپ نے کہا کہ میں تو......

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، اس کو تسلیم کر لیا۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں۔ Thank you

مرزا ناصر احمد: اور جواب بھی دے دیا۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، تو میں یہی سمجھا ہوں کہ جب اپ نے جواب دے دیا تو آپ......

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہ ٹھیک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......تو آپ کہہ سکتے تھے کہ بھئی......

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، اس کو تسلیم کیا، اس کو تسلیم کیا۔

جناب یحییٰ بختیار: تو یہ statement ہے جی کہ:

''تمام اہل اسلام دائرہ اسلام سے خارج ہیں''۔ (آئینہ صداقت، صفحہ ۳۵)

آپ نوٹ کر لیجئے، پھر بعد میں آپ دیکھ لیجئے،

مرزا ناصر احمد: ہاں، نہیں، اس کو میں اس طرح بھی پڑھ سکتا ہوں۔

''کہ تمام وہ لوگ جو دائرہ اسلام سے خارج ہیں، اہل اسلام میں شامل ہیں''، یہی فقرہ، اس کو الٹ کے پڑھیں تو یہ بنتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اس میں یہ ہو گیا کہ آپ اہل اسلام میں احمدیوں کو نہیں شامل کرتے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں،......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں آپ سے پوچھ رہا ہوں کہ آپ کہتے ہیں جب کہ وہ اپنے آپ کو نہیں اس میں شمار کرتے......

مرزا ناصر احمد: جب اس فرقے کا اعلان ہو۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جب،......کہ تمام اہل اسلام دائرہ اسلام سے خارج ہیں، اس کا مطلب......

مرزا ناصر احمد: ہر فرقہ یہ اعلان کرتا ہے۔ ہماری ان اصطلاحوں کے لحاظ سے ہر فرقے کا یہ اعلان ہے کہ ہم ملت اسلامیہ میں بھی ہیں اور دائرہ اسلام میں بھی ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ تو ٹھیک ہے،......

مرزا ناصر احمد: ٹھیک ہے، تو اس واسطے یہ understood ہے بات۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مگر جب یہاں یہ مرزا صاحب نے کہا کہ 'تمام اہل اسلام دائرہ اسلام سے خارج ہیں، تو میں نے آپ سے پوچھا......

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ تو understood ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......کہ تمام دائرہ اسلام میں احمدی شامل ہیں؟ آپ نے کہا جو خود کہتا ہے وہ اپنے آپ کو......

مرزا ناصر احمد: ہاں، محمد بن عبدالوہابؒ کی میں نے مثال دی۔

جناب یحییٰ بختیار: اس کا conclusion یہ ہوتا ہے کہ آپ اپنے آپ کو دائرہ اسلام میں شامل نہیں سمجھتے......

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں،......

جناب یحییٰ بختیار: ......یا اسے خارج نہیں سمجھتے؟

مرزا ناصر احمد: یعنی ڈبل (double) سمجھتے ہیں، ملت اسلامیہ میں بھی سمجھتے ہیں......

جناب یحییٰ بختیار: یہ دو جگہ استعمال ہوا ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، ملت اسلامیہ میں بھی سمجھتے ہیں اور دائرہ اسلام میں بھی......

جناب یحییٰ بختیار: اور یہاں......

مرزا ناصر احمد: ......اور ہر فرقہ یہی سمجھتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہاں آپ اپنے کو اہل اسلام میں شامل کرتے ہیں مگر خارج والوں میں نہیں آتے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: مطلب یہ ہوا۔

پھر مرزا صاحب نے یہ کہا ہے کہ:

''غیر احمدیوں سے دینی امور میں الگ رہو''۔

in all religious matters.

مرزا ناصر احمد: Now جو مختلف فرقے دینی امور سمجھتے ہیں......

جناب یحییٰ بختیار: کہا گیا ہے۔ ''نہج المصلیٰ'' صفحہ نمبر 382، حاشیہ ''تحفہ گولڑویہ'' صفحہ نمبر 27۔ وہ تو اوپر کا ہے۔ میرا خیال ہے دوسرے نا ہے، یہی ہے۔ نہج المصلیٰ'' صفحہ 3۔

مرزا ناصر احمد: یہ کس کا حوالہ ہے؟ کس کتاب کا؟

جناب یحییٰ بختیار: یہ جی ''نہج المصلیٰ'' صفحہ نمبر 382۔

مرزا ناصر احمد: یہ کس کی لکھی ہوئی ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: یہ کہتے ہیں سوال کرنے والے کہ یہ مرزا صاحب، مرزا غلام احمد صاحب نے یہ کہا، اور انہوں......

مرزا ناصر احمد: نہیں، یہ کتاب جو ہے یہ اتھارٹی نہیں ہے ہمارے لئے۔

جناب یحییٰ بختیار: ''نہج المصلیٰ''؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، جو بھی ہے۔ یہ کسی اتھارٹی کی لکھی ہوئی نہیں ہے ہماری جماعت کی۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ کی جماعت......

مرزا ناصر احمد: ہاں، کسی بزرگ کی نہیں لکھی ہوئی۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی، آپ accept نہیں کرتے، آپ کے کسی opponent نے لکھی ہے؟

مرزا ناصر احمد: ناں، ناں، ہو سکتا ہے کوئی احمدی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: احمدی ہو، but not authoritative?

مرزا ناصر احمد: ہاں، اتھارٹی نہیں ہے......

**Mr. Yahya Bakhtiar:** It is not an authoritative pronouncement?

مرزا ناصر احمد: ......کیونکہ بہت سارے اپنے ذاتی مسئلے بیچ میں لکھ جاتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں......

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ authoritative نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں مرزا صاحب! I accept your authoritative.........

مرزا ناصر احمد: یہ authoritative نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: کیا یہ جو انہوں نے quote کیا ہے مرزا صاحب کو یہ......

مرزا ناصر احمد: یہ جب تک چیک نہ کر لیں نہیں کہہ سکتے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، you cannot verify it?

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب چیئرمین: کتاب ہے ہمارے پاس؟ The book may be shown to the witness.

جناب یحییٰ بختیار: اور پھر جی ایک ہے کہ:
''تمہیں دوسرے فرقوں کو جو دعوئ اسلام کرتے ہیں بہ کلی ترک کرنا پڑے گا۔''

مرزا ناصر احمد: یہ اُسی کتاب کا ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، یہ دوسری کتاب ہے۔ مجھے تو ______ حاشیہ میں لکھا ہے ''تحفہ گولڑویہ'' صفحہ ۲۷۔

مرزا ناصر احمد: یہ چیک کر کے تو جواب دیں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ تو آپ کی اپنی جماعت کی ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔ لیکن حوالہ چیک کرنا پڑے گا۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، حوالہ چیک کر لیں۔ اگر یہ درست ہے تو:
''تمھیں دوسرے فرقوں کو جو دعوئ اسلام کرتے ہیں بہ کلی ترک کرنا پڑے گا۔''

مرزا ناصر احمد: یعنی حوالہ جو ہے وہ چیک کرنے والا ہے۔ جو مضمون ہے اس کے متعلق یہ یاد رکھنا چاہیے کہ میں نے یہ اس میں بھی لکھا ہے کہ اس قسم کے عقائد کا اظہار ان کی مسلمہ کتب کے اندر ہے جن کو ہم subscribe نہیں کر سکتے۔ اس واسطے ہمیں ان سے علیٰحدہ...... مثلاً قبروں پر سجدہ کرنا، مثلاً پیر کو اپنے سامنے حاضر ناظر جاننا، مثلاً......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مرزا صاحب! ''بہ کلی ترک کرنا'' جو ہوتا ہے اس کا مطلب آپ کیا لیں گے؟

مرزا ناصر احمد: اس کا مطلب یہ لیں گے کہ جو ان کے کلی عقائد ہیں 'کلی' ان کے اندر ایسی چیزیں ملی ہوئی ہیں کہ کلی طور پر ان کو تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔

جناب یحییٰ بختیار: اور''جو دعویٰ اسلام کرتے ہیں'' مطلب ہے وہ مسلمان نہیں ہیں، صرف دعویٰ کرتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، وہ تو پھر وہی آ گئی۔ وہ تو بیس دفعہ حل ہو گیا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، یہاں جو ہے ناں، چونکہ الفاظ ایسے آ گئے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ وہی ہے۔ وہ تو ایک بیان مستقل میں دے چکا ہوں کہ ملت اسلامیہ کے فرد ہیں اور اس حد تک وہ اسلام سے خارج ہیں۔ اس میں بھی یہ بڑا......یعنی یہ جو ہے ناں......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، ''دوسرے فرقوں کو جو دعویٰ اسلام کرتے ہیں'' You count them outside............?

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، دعویٰ اسلام کرتے ہیں، اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں، اس واسطے وہ 'مسلمان' کی تعریف میں آ جائیں گے، ملت کی۔ ہر وہ شخص جو یہ کہتا ہے کہ میں اسلام پر ایمان لایا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا وہ ملت اسلامیہ میں شامل ہو گیا۔ لیکن اس کے ساتھ بہت سارے وہ جو ایسے عقائد ہیں جن کو میں نے پڑھ کے بھی سنایا، ان کو نہ ہی دہراؤں تو زیادہ اچھا ہے۔ تکلیف ہوتی ہے۔ We cannot subscribe to those ideas.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No, but, Sir, if you say that you have to give them up altogether, if you give them up، بہ کُلی ترک کرنا altogether............

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، میں نے بتایا 'بہ کلی ترک کرنے' کا مطلب یہ ہے کہ بہ کلی تسلیم نہیں کر سکتے ان کو۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی تسلیم نہ کرنا ایک اور بات ہے۔ یعنی you have nothing to do with them, you have no relation with them, you have no connection with them..........

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، ''یہ کلی تسلیم نہیں.....'' ان عقائد کو subscribe نہیں کر سکتے۔ یہ عقائد کی بات ہے۔ کلی طور پر، بحیثیت مجموعی ہم ان کو تسلیم نہیں کر سکتے۔ باقی یہ ہے کہ ان میں سے جو توحید کا اعلان کرتے ہیں، یہ مطلب تو نہیں ہے کہ ہم تردید کر دیں گے توحید کی۔

جناب یحییٰ بختیار: اور ایک جگہ یہ کہا گیا ہے کہ:

''کیا یہ درست ہے کہ مرزا غلام احمد نے اپنی کسی تحریر میں یہ کہا ہے کہ:

''کفر کی دو قسمیں ہیں: ایک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے انکار دوسرے مسیح موعود سے انکار۔ دونوں کا نتیجہ اور ماحصل ایک ہے۔''۔''

مرزا ناصر احمد: یہ کون سا حوالہ ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: ''حقیقت الوحیٰ'' صفحہ 185۔

مرزا ناصر احمد: یہ ایک دفعہ پھر پڑھ دیں، میں پوری طرح کیچ نہیں کیا۔

جناب یحییٰ بختیار: ''کیا یہ درست ہے کہ مرزا غلام احمد صاحب نے اپنی کسی تحریر میں یہ کہا ہے کہ:

''کفر کی دو قسمیں ہیں: ایک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے انکار اور دوسرے مسیح موعود سے انکار۔ دونوں کا نتیجہ اور ماحصل ایک ہے۔''۔''

مرزا ناصر احمد: کسی کتاب میں یہ نہیں لکھا۔

جناب یحییٰ بختیار: تو یہاں انہوں نے کہا ہے: ''حقیقت الوحی'' صفحہ 185۔

مرزا ناصر احمد: یہ الفاظ...... جو اصل بنیادی لفظ تھے وہ چھوڑ گئے۔ اس واسطے میں کہتا ہوں کہ کسی کتاب میں یہ نہیں لکھا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں......

مرزا ناصر احمد: یہ الفاظ کسی کتاب میں نہیں لکھے گئے۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ تو verify کرالیں گے because...... کیا کہا ہے۔ تو اسے......

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: ...... مگر یہ کہ میری information کے لئے انہوں نے mention کیا ہوا ہے کہ ''حقیقت الوحی''۔ تو میں نے آپ کو کہا کہ یہ mention کیا ہوا ہے۔

مرزا ناصر احمد: تو میں پڑھ دوں کیا کہا گیا ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، پڑھ دیجیے۔ پوزیشن clarify کرنی ہے۔ خواہ یہ پڑھیں یا وہ پڑھیں۔

مرزا ناصر احمد: آپ نے یہ لکھا ہے:

''کفر دو قسم پر ہے۔ ایک یہ کفر کہ ایک شخص اسلام سے ہی انکار کرتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا کا رسول نہیں مانتا۔ (دوم) دوسرے یہ کفر کہ مثلاً (یہ مثال دی ہے) وہ مسیح موعود کو نہیں مانتا (اور اگلا فقرہ جو یہاں چھٹا ہوا ہے وہ اصل تھی چیز اس میں) اور اس کو (مسیح موعود کو) باوجود اتمام حجت کے جھوٹا جانتا ہے۔''

یہ تو میں نے آپ کو پہلے صبح بتایا تھا کہ ایک شخص.....حضرت مسیح موعود علیہ السلام والصلوٰۃ کا انکار کرنے والے دو قسم کے ہیں۔ ایک وہ ہے جو کھڑے ہو کے یہ کہتا ہے کہ میں سمجھ گیا ہوں کہ آپ سچے ہیں اور خدا کی طرف سے آئے ہیں، لیکن میں باغی ہونے کی حیثیت سے باوجود اس بات کے.....

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، وہ تو ٹھیک ہے۔ آپ نے صبح.....

مرزا ناصر احمد: نہیں۔ ..... دوسرے وہ جو..... یہاں ''حقیقت الوحیٰ'' میں وہ پہلی کیٹگری، اتمام حجت کے بعد وہ انکار کرتا ہے.....

جناب یحییٰ بختیار: یعنی جو ایک دفعہ کہے کہ آپ نبی ہیں اور.....

مرزا ناصر احمد: ناں، ناں، ناں۔ ''اتمام حجت'' کا مطلب یہ ہے کہ وہ یہ کہے کہ میں یہ بات سمجھ گیا ہوں کہ یہ شخص اپنے دعویٰ میں سچا ہے، لیکن پھر بھی وہ انکار کرتا ہے اور باغیانہ ترین راہوں کو اختیار کرتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: باوجود اتمام حجت کے.....

مرزا ناصر احمد: ہاں، باوجود اتمام حجت کے۔

جناب یحییٰ بختیار: .....جھوٹا جانتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، باوجود اتمام حجت کے۔

جناب یحییٰ بختیار: ایسا شخص بھی کوئی ہے جو کہے کہ مرزا غلام احمد صاحب سچے نبی ہیں اور میں نہیں مانتا مسلمان انہیں؟

مرزا ناصر احمد: میں نہ بہتوں سے سنا یہ کہتے ہوئے کہ اگر اللہ آ کے ہمیں کہے گا تب بھی نہیں مانیں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ اس بنا پر کہہ رہے ہیں ناں جب کہ قرآن مجید میں لکھا ہوا ہے ______ ان کی interpretation کے مطابق ______ کہ کوئی نبی نہیں آئے گا، ختم نبوت، اس لئے وہ کہہ رہے ہیں۔ اور اللہ میاں کا اور جو ہے اس کے بعد کوئی نہیں......

مرزا ناصر احمد: اور......نہیں، نہیں، وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ اگر اللہ خود آ کر قرآن مجید کی interpretation کرے تو ہم یہ کہیں گے کہ ہماری interpretation صحیح ہے اور اے خدا! تیری interpretation صحیح نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: کیونکہ ان کے مطابق اللہ میاں آ ہی نہیں سکتا اور پھر interpretation نہیں کرتا۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، میرا مطلب یہ ہے......

جناب یحییٰ بختیار: یعنی ان کی understanding یہ ہے۔

مرزا ناصر احمد: مطلب یہ ہے کہ اتمام حجت کے بعد۔ اور آگے اس کی وضاحت کی ہے آپ نے اسی کتاب میں آپ نے فرمایا:

''اور اس کو باوجود اتمام حجت کے جھوٹا جانتا ہے جس کے ماننے اور سچا جاننے کے بارے میں خدا و رسول نے تاکید کی ہے اور پہلے نبیوں کی کتابوں میں بھی تاکید پائی جاتی ہے''۔

**Mr. Chairman:** That will do for the present, yes.

So the Delegation is permitted to leave, to report back at 6.00.

The honourable members may keep sitting.

*(The Delegation left the Chamber)*

---

## ARRANGEMENTS FOR PRODUCTION OF BOOKS AND REFERENCES

جناب چیئرمین: میں ایک چیز آنریبل ممبرز کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جن ممبر صاحبان نے سوالات دیئے ہیں، ساتھ حوالہ جات کا حوالہ دیا ہے، تمام کتابیں ہم اس طرف لگوا دیں گے۔ آپ یہ تمام کتابیں ادھر لگا ئیں۔ آپ کراس کرتے ہیں اٹارنی جنرل اور witness کے درمیان۔ ایک سیکنڈ جی۔ .For your convenience اور یہ ساتھ والی جو row ہے یہ ان لوگوں کے لئے مخصوص کریں جنہوں نے حوالہ جات دیئے ہیں۔ ان کو باقاعدہ فلیگ کریں۔ اگر witness کسی چیز سے انکار کرے تو فوراً کتاب ان کے سامنے پیش کی جا سکے۔ یہ طریقہ کار بالکل غلط ہے کہ ایک حوالہ کو تلاش کرنے میں آدھ گھنٹہ لگتا ہے۔ میں کل کا بھی یہی کہہ رہا ہوں کہ یہ میز جو ہے اس پر کتابیں یہاں رکھیں۔ یہاں ہم چار پانچ کرسیاں لگا دیتے ہیں تاکہ جن ممبر صاحبان نے اپنے حوالہ جات تلاش کرنے ہیں ان کرسیوں پر بیٹھ کر کر سکیں۔ اور ادھر بھی۔ اب صرف وہ حضرات جنہوں نے حوالہ جات دیئے ہیں وہ ادھر آ کے بیٹھیں۔ books جو ہیں وہ ریڈی ہونی چاہئیں تاکہ اٹارنی جنرل کو difficulty نہ ہو اور ٹائم waste نہ ہو۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: سر! اجازت ہو تو ایک بات عرض کر دوں؟

مولوی مفتی محمود: جناب والا! ان کا یہ ہے کہ جلدیں مختلف ہوتی ہیں۔ ہم صفحہ اور لکھتے ہیں اور کتاب ہمارے پاس دوسری قسم کی آ جاتی ہے۔ ہمارے پاس تین حوالے تھے، اب وہ ٹٹول رہے ہیں......

جناب چیئرمین: اب ٹائم ہے آپ حوالہ جات شروع ہو گئے ہیں۔ اچھا، میں......

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: نہیں، وہ اصل میں......

جناب چیئرمین: اب حوالہ جات شروع ہو چکے ہیں۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: جی ہاں۔

جناب چیئرمین: اب وہ جنرل جو تھی......ایک سیکنڈ۔ مجھے ختم کر لینے دیں۔ ایک سیکنڈ۔ مجھے بات تو کر لینے دیں۔ مجھے بات تو کر لینے دیں ناں، سر! تو ایک جنرل جو تھا ایگزامینیشن، وہ ختم ہو چکا ہے تقریباً، وہ چلتا رہے گا لیکن زیادہ بات اب حوالہ جات کی شروع ہو چکی ہے۔ اور دو تین حوالہ جات نہیں مل سکے۔ اس واسطے جب شام کی sitting ہو گی تو ادھر چار پانچ کرسیاں اور لگ جائیں گی۔ تمام حضرات اپنے اپنے جتنے بھی حوالہ جات ہیں وہ فلیگ کر کے، اگر دو تین ایڈیشن ہیں تو جس ایڈیشن کا انہوں نے حوالہ دیا ہو وہ دیں تاکہ فوراً اٹارنی جنرل صاحب جو ہیں گواہ کو یہ کہیں کہ یہ آپ کی کتاب ہے۔ And members will not come. اسمبلی کے سٹاف کا آدمی ہو گا جو کہ کتاب ان کو پیش کرے گا۔

جی، مولانا غلام غوث ہزاروی!

مولانا غلام غوث ہزاروی: میں عرض کروں کہ ہم حوالہ اس وقت تیار رکھیں جب ہم کو اٹارنی جنرل صاحب کی طرف سے علم ہو کہ اب وہ کون سے سوالات کریں گے۔ ایک تو یہ چیز ہے۔ دوسرے میں مفتی صاحب کے بارے میں کہتا ہوں کہ اگر تین مطبوعوں میں کتابیں چھپی ہیں تو ان کے پاس وہ کتاب ہونی چاہئے جس کا یہ حوالہ دے رہے ہیں۔ ان کے پاس اسی مطبع کی کتاب ہو اور وہ نکال کر پڑھ دیں۔ وہ انکار نہیں کر سکیں گے۔

جناب چیئرمین: مولانا شاہ احمد نورانی!

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: جی ہاں، مولانا صاحب نے جو ارشاد فرمایا ہے، وہ صورت حال مفتی صاحب نے جو کہی ہے وہ صحیح ہے۔ اصل میں ہم لوگوں کے پاس جو کتاب تھی مثلاً ''حقیقت الوحی''۔ انہوں نے اس کا انکار کیا کہ نہیں ہے......

جناب چیئرمین: اس کا......

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: ......بعد میں آپ نے ملاحظہ فرمایا ہے کہ اسی وقت وہ کتاب ان کو پیش کر دی گئی۔

جناب چیئرمین: نہیں، اس کا حل میں بتاتا ہوں۔ مثلاً مولانا! آپ کے پاس پہلا ایڈیشن ہے یا دوسرا ایڈیشن ہے......

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: جی ہاں۔

جناب چیئرمین: ......تو آپ کہیں ۱۹۰۵ء کا مطبوعہ، تیسرا ایڈیشن صفحہ فلاں۔ اس حوالہ کو اسی وقت پیش کر دیں نا جی۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: وہ ان کو کہا گیا تھا مگر انہوں نے انکار کر دیا۔

جناب چیئرمین: اگر اصل کتاب......

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: بعد میں آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ حوالہ دے دیا گیا۔

جناب چیئرمین: اگر اصل کتاب ہے تو پھر تو ضرورت ہی نہیں، چاہے کون سا ایڈیشن ہو۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: کتاب کا difference وہ پرنٹ کا ہے۔

جناب چیئرمین: مختلف پرنٹ ہو لیکن گواہ انکار نہیں کر سکے گا۔

مولانا غلام غوث ہزاروی: مناظرے کی......جناب! میں عرض کروں اصول مناظرت ایک یہ ہے کہ جب تک فریقین کو ایک چیز مسلّم نہ ہو اس سے استدلال نہیں کیا جا سکتا۔ جب ہم مرزا کو مسیح موعود نہیں مانتے تو یہ کہتے ہیں کہ اتمام حجت کے بعد وہ کافر ہو گا۔ تو ہم تو پہلے اس کو مسیح موعود نہیں مانتے۔ ہم تو......اتمام حجت ہم پر نہیں ہے۔ یہی تو مسئلہ متنازعہ فیہ ہے۔ جو متنازعہ فیہ مسئلہ ہو وہ فریقین کے لئے حجت نہیں ہو سکتا۔ جس چیز کو فریقین مانتے ہوں وہ دلیل ہو سکتی ہے۔

جناب چیئرمین: یہ تو بحث کی بات ہے ناں۔ یہاں ضابطے کی بات ہو رہی ہے۔

The House is adjourned to meet again at 6.00 p.m.

Thank you very much.

---

*[The Special Committee adjourned for Lunch Break to re-assemble at 6.00 p.m.]*

---

*[The Special Committee re-assembled after Lunch Break, Mr. Chairman (Sahibzada Farooq Ali) in the Chair.]*

---

**Mr. Chairman:** Mian Attaullah must sit with the حوالہ جات. That would be better for Mian Attaullah and for others also.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: ان کو لے آئیں۔

*(The Delegation entered the Chamber)*

**Mr. Chairman:** Yes, Mr. Attorney-General.

---

CROSS-EXAMINATION OF THE QADIANI GROUP DELEGATION

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Mirza Sahib, you were explaining when I asked this question:

"کیا یہ درست ہے کہ مرزا غلام احمد صاحب نے اپنی کسی تحریر میں یہ لکھا ہے کہ:

"کفر کی دو قسمیں ہیں، ایک آنحضور علی اللہ علیہ وسلم سے انکار اور دوسرے مسیح موعود سے انکار۔ اور دونوں کا نتیجہ اور ما حصل ایک ہے۔""

And then after that 'Haqeequt-ul-Wahi' was quoted and you observed, you know that after a person has been told - اتمام حجت - that I am not clear how you interpreted it, but as far as I could follow - even if a man is convinced that there is a Prophet, and he denies his prophethood and his being a Nabi, then he becomes a Kafir?

مرزا ناصر احمد: اس کی یہ عبارت جو ہے یہ آگے چلتی ہے اور خود اپنے آپ کو واضح کرتی ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

"دوسرے یہ کفر مثلاً وہ مسیح موعود کو نہیں مانتا اور اس کو باوجود اتمام حجت کے جھوٹا جانتا ہے جس کے ماننے اور سچا جاننے کے بارے میں خدا اور رسول نے تاکید کی ہے......"۔

یعنی وہ سمجھتا ہے کہ اللہ نے اور رسول نے تو تاکید کی ہے کہ مانا جائے، اس کے باوجود انکار کرتا ہے۔

"...........اور پہلے نبیوں کی کتابوں میں بھی تاکید پائی جاتی ہے پس اس لئے کہ وہ خدا اور رسول کے فرمان کا منکر ہے، کافر ہے"۔

اس لئے کہ وہ خدا اور رسول کے......

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Yes, Sir, I will come to that part. I only wanted the meaning of اتمام حجت ?

مرزا ناصر احمد: ہاں، 'اتمام حجت' کا یہ معنیٰ ہے کہ اس پر یہ واضح ہوگیا ہے کہ مدعی اپنے دعویٰ میں سچا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: "واضح ہوگیا ہے" کا مطلب یہ ہے کہ ان کو explain کر دیا گیا، ان کو پوری طرح explain کر دیا گیا؟

مرزا ناصر احمد: نہیں:

و جاھدو بھا و سیکنت انفسھم

قرآن کریم نے فرمایا ہے کہ بعض لوگ ایسے بھی ہیں دنیا میں جو صداقت کاانکار کرتے ہیں باوجود اس کے کہ ان کے دل اس یقین سے پُر ہوتے ہیں کہ یہ سچا ہے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No, that...... what I wanted to know is

کہ 'اتمام حجت' کا یہ مطلب ہے کہ......

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......کہ جانتا ہو کہ یہ سچ کہہ رہا ہے......

مرزا ناصر احمد: ہاں، وسیکنت اَنفسہم۔ پھر بھی انکار کرتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: مگر اگر ایک مسلمان، اس کو یہ آپ یقین دلانے کی کوشش کریں، بحث سے، پوری بحث کے بعد، حجت کے بعد، argument کے بعد، reasoning کے بعد، کہ مرزا غلام احمد صاحب نبی تھے، اور وہ convince نہیں ہوتا، honestly convince نہیں ہوتا ......

مرزا ناصر احمد: convince نہیں ہوتا......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں ہوتا۔ اس کے دل میں یہ یقین نہیں ہے کہ یہ سچا نبی تھا۔ اس کو بھی آپ کافر کہیں گے؟

مرزا ناصر احمد: اس کو وہ دوسری قسم کا کافر۔ وہ تو واضح ہو گیا ہے ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: دوسری قسم کا؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، ملت اسلامیہ کے لحاظ سے وہ کافر نہیں، مسلمان کہلائے گا......

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، آپ نے......

مرزا ناصر احمد: ......ملت اسلامیہ کا فرد سمجھا جائے گا۔

جناب یحییٰ بختیار: اتمام حجت کے باوجود؟ آپ نے......

مرزا ناصر احمد: اگر وہ convince نہیں، اگر تو اس کو پتہ لگ گیا وسیکنت انفسہم، تو وہ پھر ملت مسلمہ سے نکل گیا......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جب، اگر پتہ لگ گیا......

مرزا ناصر احمد: ......اور اگر نہیں پتہ لگا......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، دیکھیں ناں جی، دو reasons ہیں، ایک آدمی کو پتہ لگ جائے honestly، اور پھر بھی کہے کہ نہیں، نبی نہیں، وہ تو بڑی rare چیز ہے......

مرزا ناصر احمد: نہیں، اگر وہ......

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، وہ تو exceptional بات ہوتی ہے کہ باوجود اس کے کہ اس کو یقین بھی ہے......

مرزا ناصر احمد: ......جانتا بھی ہے اور وہ انکار کرتا ہے......

جناب یحییٰ بختیار: ......کہ اللہ کا حکم ہے۔ وہ تو rare ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہی ملت اسلامیہ سے نکلتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور باقی جتنے مسلمان ہیں، جن کو آپ نے یہ اچھی طرح سمجھایا......

مرزا ناصر احمد: ......نہیں سمجھ سکے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......وہ نہیں سمجھ سکے یا آپ نہیں سمجھا سکے یا ان کو یقین نہیں آیا......

مرزا ناصر احمد: ہاں ٹھیک ہے، ہم نہیں سمجھا سکے یا......

جناب یحییٰ بختیار: ......بہر حال وہ سمجھتے ہیں کہ جھوٹا نبی ہے، سچا نبی نہیں۔

مرزا ناصر احمد: ......تو وہ ملت اسلامیہ سے نہیں نکلتا، لیکن ہمارے نزدیک دائرہ اسلام سے نکل گیا۔

جناب یحییٰ بختیار: دائرہ اسلام سے خارج ہے، ملت میں رہتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، ملت میں رہتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اب مرزا صاحب! یہ آپ کے اور باقی مسلمانوں کے درمیان اختلافات جو ہیں، وہ اس بات پر ہو گئے کہ وہ مرزا غلام احمد کو نبی نہیں مانتے - main جو ہے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں جی، main یہ ہے ہمارے نزدیک کہ بہت سارے غلط عقائد - ہمارے نزدیک - ان کے اندر داخل ہو گئے ہیں، جن کی مثالیں محضر نامہ میں سب نے دی تھیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، اگر وہ سب باتیں آپ کی طبیعت کے مطابق، آپ کے عقائد کے مطابق ہوں، اور وہ مرزا غلام احمد صاحب کو نبی نہ مانیں.....

مرزا ناصر احمد: نہیں، آپ یہ extreme مثالیں لے آتے ہیں۔ میرے ذہن میں نہیں بات واضح ہوتی۔ میں معذرت چاہتا ہوں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، پھر میں دوسری مثال دیتا ہوں کہ آپ کے اور ان کے کلمہ میں کوئی فرق ہے؟

مرزا ناصر احمد: کوئی فرق نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نماز میں کوئی فرق ہے؟

مرزا ناصر احمد: کوئی فرق نہیں، سوائے اس فرق کے _______ اُن، جب آپ کہتے ہیں ناں تو مختلف فرقے ہیں۔ مثلاً یہ پہلا ہی فرق ہے کہ کوئی ہاتھ چھوڑ کے پڑھتا ہے، کوئی باندھ کے پڑھتا ہے، کوئی آمین بالجہر کہتا ہے، کوئی نہیں کہتا بالجہر۔ تو یہ تو نماز میں جو فرق ہیں، مثلاً شیعہ حضرات ہیں، ان کے تھوڑے سے فرق ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ تو خیر formality کی بات ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہ تو understood ہے۔ باقی وہی پانچ وقت کی فرض نماز......

جناب یحییٰ بختیار: ......وہی کلمہ ہوتا ہے، وہی......

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ مرزا صاحب! خطبہ ہے مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کا۔ اس سے ایک quotation ہے کہ:

''حضرت مسیح موعود کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ میرے کانوں میں گونج رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا ہے کہ یہ غلط کہ دوسرے لوگوں سے ہمارا اختلاف صرف سطحی اور چند مسائل میں ہے۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی ذات، رسول کریم ﷺ، قرآن، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، غرض یہ کہ آپ نے تفصیل سے بتایا ہے کہ ایک ایک چیز میں ان سے اختلاف ہے''۔

مرزا ناصر احمد: جی، اس کے دو جواب ہیں۔ اور یہ پہلے منیر انکوائری کمیٹی میں یہ سوال پیش ہوا اور اس کا جواب دیا گیا۔ ایک یہ ہے کہ جس وقت یہ خطبے دیئے جاتے تھے اور چھپتے تھے، اس وقت ایسا کوئی انتظام نہیں تھا کہ صحیح الفاظ جو ہیں وہ محفوظ کئے جا سکیں۔ تو ڈائری نویس نے بعض الفاظ دیئے ہیں جن میں بعض غلطیاں بھی ہو سکتی ہیں۔ دوسرے- یہ تو ویسے لفظی جواب ہے- ہم جب یہ کہتے ہیں کہ ہمارا کلمہ اور وہابی دوسرے حضرات، ہمارے دوست جو ہیں، یا اہل حدیث جتنے فرقے ہیں، ان کا کلمہ اور ہے، تو ہم لفظی معنیٰ میں نہیں کہتے، یعنی یہ نہیں کہ کلمہ کے الفاظ اور ہیں۔ اس کے معنیٰ میں کہتے ہیں کہ جو کلمہ کا مفہوم ہمارے دماغوں میں ہے وہ اس سے مختلف ہے جو ان کے دماغوں میں ہے۔ یہ مثلاً میں نے محضر نامے میں، جو اسلام کا تصور اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں،

ہمارے نزدیک، ہمیں دیا ہے، انسان کو، اس پر جو بانی سلسلہ احمدیہ نے لکھا کہ اللہ جو ہے، یہ ہے، اس کے میں نے حوالے دیئے تھے۔ اگر آپ اس کے مقابلہ میں...... اگر مجھے اجازت دیں تو میں حوالہ دیئے بغیر کہہ دوں، کہ وہ......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، ٹھیک ہے۔

مرزا ناصر احمد: نہیں جی، اپنا حوالہ نہیں، جب میں اس کے مقابلے میں کسی دوسرے کسی فرقے کا حوالہ دوں تو فرقے کا نام نہ لوں؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، ٹھیک ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں۔ اگر وہ خدا جو سبحان اللہ وبحمدہٖ - سبحان اللہ بھی اس کے متعلق آتا ہے اور الحمد للہ بھی اس کے متعلق آتا ہے______ اس کا تصور یہ ہے کہ وہ ہر قسم کے عیوب اور نقائص اور کمزوریوں سے پاک اور مبرا ہے، منزہ ہے، اور تمام تعریفیں جو ہیں وہ اسی کی ہیں اسی کو جاتی ہیں، تمام صفات حسنہ سے وہ متصف ہے، اور ہر قسم کی برائی اور عیب سے وہ پاک ہے۔ یہ اس سے یہ ابتدا ہے، عنوان بن جاتا ہے اللہ تعالیٰ کے تصور کا۔ جس وقت ہم اس کی کوئی عیب...... ہمیں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے بتایا ہے کہ کوئی عیب جو انسانی دماغ میں کبھی آ سکتا ہے، آتا رہا ہے یا آئندہ آئے گا، اللہ تعالیٰ کی ذات میں وہ عیب نہیں پایا جاتا۔ اور ہر قسم کی خوبی اور بڑائی جو ہے اس کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات بنتی ہے، کسی اور مخلوق کی وہ ذات ہی نہیں بنتی۔ اب یہ تصور - میں نے بڑا مختصر کیا ہے کیونکہ اچھے لمبے حوالے میں نے اپنے محضر نامے میں یہاں پیش کر دیئے ہیں - اس تصور کے مقابلہ میں اگر ہمیں کسی ایسی کتاب میں، جس کا تعلق کسی دوسرے فرقے کے ساتھ ہے، یہ لکھا ہوا ملے کہ اللہ تعالیٰ نعوذ باللہ چوری کر سکتا ہے، تو جب یہ ملے، ہم کہیں گے کہ ہمارا لا الہ الا اللہ لفظ وہی ہیں لیکن ہمارا لا الہ الا اللہ مختلف ہے۔ اور

جس وقت...... یہ ایک حصہ میں نے لیا ہے، ایک مثال دی ہے صرف۔ دوسرا حصہ ہے محمد رسول اللہ۔ کلمہ کے اس حصے میں بھی ہمارا معنوی اختلاف بنتا ہے۔ جو شان اور جو عظمت اور جو جلال ہمیں حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ کی طرف سے تعلیم کے لحاظ سے، زور دے کر نبی اکرم ﷺ کے جلال اور عظمت اور شان کا، ہمیں علم ہوا ہے، جس وقت ہم مقابلہ کرتے ہیں دوسروں کے ساتھ تو زمین و آسمان کا فرق ہے۔ مثلاً اگر اس کے مقابلہ میں ہمیں کوئی ایسا فرقہ نظر آئے جو یہ کہے کہ محمد ﷺ کی شان کو حاصل کرنے کے لئے چار دفعہ متعہ کر لین کافی ہے تو ہم کہیں گے کہ ہمارا محمد رسول اللہ اور ہے اور اس فرقے کا اور ہے۔ تو یہ جو ہے کہ "ہمارا کلمہ اور ہے" معنوی لحاظ سے ہے، لفظی لحاظ سے نہیں۔ اتنا فرق ہے کہ ہم we cannot subscribe to those notions ۔ ورنہ لفظی لحاظ سے تو ایک ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا interpretation جو ہے نماز، روزہ، حج، زکوۃ، ہر......

مرزا ناصر احمد: ارکان کے متعلق۔

جناب یحییٰ بختیار: ......ارکان کے متعلق مختلف ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، مختلف ہے۔ اور باقی فرقوں کا بھی باہمی اختلاف ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ایک اور کچھ غلط فہمی سی شاید ہے کہ نائجیریا میں مسجد ہے۔ اس پر کلمہ جو لکھا ہوا ہے، اس کی فوٹو آئی تھی اخباروں میں، اور 'AFRICA SPEAKS' میں کہ "لا الہ الا اللہ احمد رسول اللہ" ایسا impression پڑتا ہے۔ Maybe it is "محمد رسول اللہ"

: but the general impression is at first sight____I did see it____

"احمد رسول اللہ"

مرزا ناصر احمد: جی، جو ایک مسجد اتیجے بودے(Ijebuode) نائیجریا میں، وہاں جامع مسجد کے اوپر کلمہ لکھا گیا، جو وہاں کے لوگوں نے لکھا، اس کے متعلق یہاں یہ شور مچایا گیا......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، "AFRICA SPEAKS" آپ کی پبلیکیشن ہے، اس میں quote ہوا ہے۔

مرزا ناصر احمد: ٹھہر جائیں جی، میں آ رہا ہوں میں اُسی میں ہوں،...... اس کے متعلق یہاں شور مچایا گیا کہ یہ دیکھو یہ کلمہ مختلف ہے۔ اول تو یہ ہے کہ ہم نے سینکڑوں مساجد بنائیں اور ان میں سے صرف ایک مسجد کو منتخب کر کے یہ شور مچانا کہ ان کا کلمہ مختلف ہے، یہ تو دل کو نہیں لگتی بات۔ لیکن ابھی میری بات نہیں ختم ہوئی۔ میں اس کو reinforce کرتا چلا جاؤں گا جب تک کہ آپ قائل نہیں ہو جاتے۔ اب یورپ میں ہماری مساجد ہیں، خود نائیجیریا میں بیسیوں ہماری مساجد ہیں، گھانا میں مساجد ہیں، وغیرہ،وغیرہ۔ دوسرے یہ کہ جن لوگوں میں، نائجیریا میں، اس کے اس علاقے میں ۔ ایک سٹیٹ کا اچھا بڑا ٹاؤن ہے یہ اتیجے بودے، وہاں یہ مسجد ہے، وہاں کے کسی عالم نے یہ اعتراض نہیں کیا کہ کلمہ اور لکھ دیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: وہاں احمدیوں کے علاوہ اور بھی مسلمان ہیں؟

مرزا ناصر احمد: وہاں احمدی شاید پانچ، دس پرسنٹ ہوں گے۔ اور بڑے بڑے علماء ہیں، ان کی تنظیمیں ہیں۔ شہر ہے وہاں۔ یہ چھوٹا سا گاؤں نہیں، شہر ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: انہوں نے اس بات پہ اعتراض نہیں کیا کہ "لا الہ الا اللہ احمد رسول اللہ" کیوں لکھا ہے آپ نے؟

مرزا ناصر احمد: انہوں نے یہ اعتراض ہی نہیں کیا کہ کوئی ذرا سا شوشہ بھی غلط ہو کلمہ کا۔ کیا ہی نہیں۔ جن کے...... ہر وقت وہ مینارہ ان کے سامنے ہے جس کے اوپر یہ لکھا ہوا ہے۔ میں وہاں گیا، میں نے اس کا افتتاح کیا، اسی وجہ سے وہ آئی۔ اور اُس میرے اِس جلسے میں کم از کم دو، تین ہزار ایسے دوست تھے ہمارے جو احمدی نہیں تھے اور ان کے سامنے وہ کلمہ لکھا ہوا تھا اور انہوں نے وہاں اعتراض نہیں کیا۔ اور سب سے آخر میں میں یہ کہتا ہوں کہ رابطۂ عالم اسلامی نے اس پر کوئی اعتراض نہیں کیا بلکہ انھوں نے ______ یہ رابطۂ عالم اسلامی کا یہ مجلّہ ہے مئی کا ______ اور اس میں یہ مسجد کی تصویر شائع کر دی۔ یہ تصویر شائع کر دی اور ایک نوٹ لکھا اور اس نوٹ میں کوئی یہ اعتراض نہیں اٹھایا گیا کہ یہ کلمہ بدلا ہے۔ بلکہ بالکل صاف پڑھا جاتا ہے "محمد رسول اللہ" ایک اور رسم الخط میں۔ بات یہ ہے کہ قرآن کریم صرف اس رسم الخط میں نہیں لکھا گیا......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ پوچھنا چاہتا تھا مرزا صاحب! کہ یہ "محمد رسول اللہ" actually لکھا گیا ہے؟

مرزا ناصر احمد: یہ ہے ہی، بغیر شبہ کے یہ آپ دیکھ لیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، مجھے تو کوئی......

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، یہ رابطۂ عالم اسلامی کا ہے مجلّہ، یہ ہمارا نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، 'AFRICA SPEAKS' کا میں ذکر کر رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، وہی ہے تصویر۔ وہی تصویر رابطۂ عالم اسلامی نے شائع کی ہے، اُسی مسجد کی وہی تصویر۔ لکھا ہوا ہے کہ یہ احمدیوں نے یہ تصاویر شائع کی ہیں، وہیں سے ہم نے لی ہیں۔ یہ مکّہ سے نکلتا ہے یہ رسالہ۔

جناب یحییٰ بختیار: دیکھیں جی، مجھے تو یہ "لا الہ الا اللہ احمد رسول اللہ" معلوم ہوتا ہے ابھی۔

مرزا ناصر احمد: بات سنیں، میں نے تو یہ کہا ہے کہ اس میں جو نوٹ ہے اس میں بھی اعتراض نہیں کیا گیا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ میں نہیں کہہ رہا ہوں، مگر......

مرزا ناصر احمد: رسم الخط ہے یہ۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں یہ کہ وہ اگر محمد کو اس طریقے سے لکھیں کہ میم کو نیچے سے شروع کر کے......

مرزا ناصر احمد: نیچے سے اٹھاتے ہیں، نیچے وہ میم کا موٹا ہے......

جناب یحییٰ بختیار: پھر ہو سکتا ہے کہ وہ محمدؐ ہو۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، اس میں......

جناب یحییٰ بختیار: مگر میرے خیال میں impression جو پڑتا ہے......

مرزا ناصر احمد: یہ ایک ہے خط کوفی۔ وہ میرے خیال میں اگر یہاں قرآن کریم آئے تو ایک شخص بھی اس کو صحیح نہ پڑھ سکے۔ ایک ہے خط مراکو۔ ابھی چند ہفتے ہوئے......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مرزا صاحب! میرا خیال یہ تھا کہ actually یہ "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" لکھا ہوا ہے؟ یہ میں clarify کرانا چاہتا تھا۔

مرزا ناصر احمد: actually یہی لکھا ہوا ہے۔ وہاں جو لوگ رہتے ہیں، ہمارے ساتھ اختلاف رکھنے والے بھی، انہوں نے اعتراض نہیں کیا۔ رابطۂ عالم اسلامی نے اس پر اعتراض نہیں کیا۔ ساتھ ایک نوٹ دیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ بھی ممکن ہوسکتا ہے مرزا صاحب! کہ جو وہاں ہیں وہ actually دیکھ سکتے ہیں، ان کو میم نظر آتا ہوگا، مگر فوٹو سے صاف نظر نہیں آتا۔

مرزا ناصر احمد: بات یہ ہے کہ اس فوٹو میں بھی یہ جو محمدؐ کی میم ہے دوسری، اُس کے اوپر تشدید نظر آ رہی ہے۔ تو احمد پر وہ تشدید کہاں ہوتی ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مگر یہاں جو ہے وہ الف پر......

مرزا ناصر احمد: یہاں جو ہے اس کے اوپر تشدید......(مداخلت) نہیں، نہیں، یہ وہ ہے رسم الخط، یوں اوپر لے جا کے......(مداخلت) ہاں، مختلف ہے، ہمارے سے رسم الخط مختلف ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، تو پھر میم......(مداخلت) ہاں، ایسے کر کے......

مرزا ناصر احمد: مختلف ہے، ہمارے سے رسم الخط مختلف ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ صرف پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ ''احمد'' نہیں ہے ''محمدؐ'' ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہو ہی نہیں سکتا 'احمد' صرف ایک جگہ ہم نے یہ 'احمد' بنا دیا تھا؟ جبکہ دنیا کی ہر مسجد ''محمدؐ، محمدؐ'' پکار رہی ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: یہاں یہ امپریشن تھا کہ you are beginning now, slowly, you are....

**Mirza Nasir Ahmad:** ہاں , we are beginning from Ijebuode where we are only 5 to 10 percent!

**Mr. Yahya Bakhtiar:** That was the impression given to me; that is why I wanted a clarification.

مرزا ناصر احمد: کوئی رسم الخط کا بھی میم نیچے سے اوپر اٹھتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، نہیں جی، میں یہ پوچھ رہا تھا......

مرزا ناصر احمد: یہ مراکو کا یہ ایک وہاں سے تحفہ آ گیا تھا مجھے۔ ساتھ یہ بھی آیا تھا کہ عام آدمی جو ہے وہ اس کو پڑھ کر دکھائے تو ہم جانیں ہمارا رسم الخط......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مرزا صاحب! میں صرف یہی کہنا چاہتا تھا کہ آپ clarify کر دیں کہ یہ صرف ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' ہے، بس۔

مرزا ناصر احمد: ہے ہی یہ۔ جب سے ہم پیدا ہوئے، ہوش نہیں سنبھالی تھی تو ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' ہمیں سکھایا گیا۔ اور اب یہ اعتراض ہو گیا، عجیب بات ہے!

جناب یحییٰ بختیار: مرزا صاحب! میں آپ سے یہ جو سوالات پوچھ رہا ہوں، صبح سے، کہ احمدی اپنے آپ کو باقیوں سے علیحدہ سمجھتے ہیں، ان کے اختلافات ہیں، اور آپ نے explain کیا کہ کس حد تک اختلافات ہیں، تو اسی میں کیا جب آپ کہتے ہیں: ''ہم ایک علیحدہ قوم ہیں'' تو اس کا sense کیا ہوتا ہے؟ مطلب؟ آپ کہتے ہیں جی کہ ''ہم ایک علیحدہ قوم ہیں''؟

مرزا ناصر احمد: دیکھیں ناں، ہم مثلاً......

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی، میں......

مرزا ناصر احمد: ہاں جی، میں بتا رہا ہوں ہم علیحدہ بھی ہیں اور ذبیحہ دوسرے فرقوں کا کھانا جائز بھی سمجھتے ہیں۔ اور ابھی میں نے پہلی sitting میں بتایا تھا کہ وہ ذبیحہ بھی حرام۔ ہم علیحدہ قوم بھی ہیں۔ اور دوسروں کا آپس میں فتویٰ یہ ہے کہ اگر ایک دوسرے سے شادی ہو جائے، مختلف — احمدیوں سے باہر دو فرقوں کی — تو اولاد جو ہے وہ محروم الارث ہے، وراثت سے محروم ہو جائے گی۔ لیکن ہم، باوجود اس کے کہ — یہ پسند نہیں کرتے کہ ہماری بیٹی دوسرے میں جائے یا دوسرے کی بیٹی یہاں آئے — لیکن وراثت سے ہم محروم نہیں کرتے۔ ہمارا جو ہے فتویٰ — وہ شرعی نہیں ہے — وہ تمام حقوق جو شرع

نے دیئے ہیں وہ اس کے باوجود کہ شادی جو ہے وہ ہمارے نزدیک پسندیدہ نہیں، وہ ان کو سارے حقوق ملتے ہیں۔ ذبیحہ ہم کہتے ہیں کہ جائز ہے بالکل، حالانکہ آپس میں دوسرے فرقوں کے فتاویٰ جو ہیں اس میں ذبیحہ حرام کر دیا ہے، محروم الارث کر دیا ہے، تو ہمارے اختلاف باقیوں سے اس کی نسبت کم ہیں جو باقیوں کے باہمی اختلافات ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: آپ کے ان سے اختلافات interpretation پر ہیں essentials of Islam جتنے بھی ہیں؟

مرزا ناصر احمد: interpretation میں ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، یہی آپ نے ابھی کہا۔

مرزا ناصر احمد: اور عملاً جو...... interpretation کا اختلاف عملاً جو ظاہر ہوا وہ اس سے کم اختلاف ہے جو دوسرے فرقوں کا باہمی اختلاف ہے۔ یہ اس سے زائد میں نے کہا۔

جناب یحییٰ بختیار: اور پھر آپ نے یہ بھی فرمایا کہ آپ ان کو کافر بھی سمجھتے ہیں کسی ایک sense میں......

مرزا ناصر احمد: ایک sense میں۔

جناب یحییٰ بختیار: ......کہ وہ دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔

مرزا ناصر احمد: لیکن ملت اسلامیہ سے خارج نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اب سوال یہ آتا ہے کہ جب مسلمان......اگر آپ یہ کہتے ہیں کہ مسلمان کافر ہیں، دائرہ اسلام سے خارج ہیں جو مرزا غلام احمد صاحب کو نبی نہیں مانتے......

مرزا ناصر احمد: اور امت محمدیہ کے فرد ہیں اور مسلمان ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، وہ امت محمدیہ کے فرد رہتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، فرد رہتے ہیں، لیکن مسلمان نہیں ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اگر مسلمان، جو مرزا غلام احمد صاحب کو نہیں مانتے نبی، اور وہ کہتے ہیں: ''جو ان کو نبی مانتا ہے وہ کافر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے'' تو اس کا بھی وہی مطلب ہوا؟

مرزا ناصر احمد: اور..... نہیں، یہ مطلب تو اس کا وہ بتائیں گے۔ کسی اور کے لئے میں مطلب نہیں بتا سکتا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، اگر آپ کسی کو کافر کہیں وہ آپ کو کافر کہہ سکتا ہے۔ کوئی آپ کو کافر کہے آپ ان کو کافر کہہ سکتے ہیں۔ آپ کہتے جی کہ فتوے لوٹتے رہتے ہیں ایک دوسرے کے خلاف۔ اگر آپ ان کو کہیں ''کافر ہیں'' اور وہ اسمبلی میں یہ ریزولیشن پاس کریں کہ آپ کافر ہیں......

مرزا ناصر احمد: ہم نے کسی کو......

جناب یحییٰ بختیار: .........But اس sense میں کہ اسلام کے دائرے سے خارج لیکن مِلّت میں رہیں، تو آپ کو تو اعتراض نہیں ہوگا؟

مرزا ناصر احمد: مجھے یہ اعتراض نہیں ہوگا کہ وہ کہتے کیوں ہیں، مجھے اعتراض یہ ہوگا کہ وہ غلط کیوں کہتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، غلط، تو وہ بھی کہہ رہے ہیں کہ آپ غلط کہہ رہے ہیں۔ یہ تو ان کا بھی اعتراض ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، پھر interpretation میں جانا پڑے گا ناں۔ میں نے جان کے یہ لفظ بولا ہے۔ interpretation میں جانا پڑے گا ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ تو وہ ہے:

من ترا حاجی بگویم

تو مرا حاجی بگو

بھی آپ مجھے کافر کہیں اور میں آپ کو کافر کہوں تو یہ تو سلسلہ چلتا رہتا ہے۔ تو اس لئے
You cannot deny me the right if you claim this right?

مرزا ناصر احمد: پھر نتیجہ کیا نکلا؟

جناب یحییٰ بختیار: تو آپ کو تو اعتراض نہیں ہونا چاہیے اگر یہ اسمبلی یہ ریزولیشن پاس کر دے کہ احمدی دائرہ اسلام سے خارج ہیں، مسلمان نہیں؟

مرزا ناصر احمد: اگر یہ......نہیں، اس واسطے کہ وہ mislead کرے گا۔ میں یہ کہتا ہوں کہ آپ کو اس میں کیا اعتراض ہو گا کہ اگر یہ اسمبلی یہ ریزولیشن پاس کر دے کہ سارے دوسرے فرقے غیر مسلم اکثریت ہیں؟ دوسری طرف بھی ساتھ ہی آپ غور کریں ناں۔

جناب یحییٰ بختیار: اختلاف اتنے زیادہ ہیں کہ یا ہم نام بدلیں یا آپ نام بدلیں، اس پر تو آپ agree کرتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، آپ ایک طرف کی بات کرتے ہیں، اس کا جو دوسرا رخ ہے وہ سامنے نہیں لاتے۔ جب آپ یہ کہتے ہیں کہ ہمیں کیا اعتراض ہے اگر یہ اسمبلی ہمیں غیر مسلم اقلیت قرار دے، تو ساتھ آپ کو یہ بھی سوچنا چاہیے آپ کو......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں نے، میں نے......(مداخلت)

مرزا ناصر احمد: دوسرا یہ ہے کہ دوسروں کو کیا اعتراض ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......میں نے ''غیر مسلم اقلیت'' نہیں کہا، میں نے کہا "outside the pale of Islam".

مرزا ناصر احمد: یعنی ملت اسلامیہ سے باہر؟

جناب یحییٰ بختیار: outside the pale of Islam، یعنی اسلامی دائرے سے خارج۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، وہ تو ملت اسلامیہ سے خارج بنتا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: میں نے یہ ٹرانسلیشن...... "outside of pale of Islam" کا اردو میں ٹرانسلیشن کیا کریں گے؟

مرزا ناصر احمد: ملت اسلامیہ سے خارج۔

جناب یحییٰ بختیار: اور "دائرہ اسلام سے خارج" کا انگریزی میں ترجمہ کیا کریں گے؟

**Mirza Nasir Ahmad:** Out of the circle.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Out of the circle of Islam?

مرزا ناصر احمد: ہاں۔ دائرے کے معنی ہی سرکل ہیں۔'Pale' کہاں سے آ گیا دائرہ اسلام کا معنیٰ؟

**Mr. Yahya Bakhtiar:** All right. If the National Assembly passes a resolution that Ahmadis are outside the circle of Islam, you have no objection?

**Mirza Nasir Ahmad:** No, with the addition of phrase that 'they are within the pale of Islam'.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Within the pale of Islam but outside the circle of Islam?

**Mirza Nasir Ahmad:** Outside the circle of Islam and.......

پھر اس کے ساتھ ساتھ ہر فرقے کے متعلق یہی کہیں۔ نہیں، ہمارے فتوے کے لحاظ سے نہیں، آپس کے باہمی فتاویٰ کے لحاظ سے۔ نہیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں۔ آپ ایک فرقے کو چن کے۔ جب سارے فرقہ ہائے اسلامیہ کے حالات ایک جیسے ہیں۔ تو آپ کہتے ہیں کہ ایک فرقے کے متعلق ہم یہ پاس کر دیتے ہیں......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، نہیں، مرزا صاحب!......

مرزا ناصر احمد: ......اور دوسروں کے متعلق نہیں کریں گے۔ That is not fair

جناب یحییٰ بختیار: ......میرا مطلب یہ ہے کہ اگر سارے فرقے مل جائیں اور یہ کہیں جی کہ بریلوی کریں تو ٹھیک ہے؟ اگر سارے فرقے نہیں ملیں تو میں تو نہیں کر سکتا ہوں ناں۔

مرزا ناصر احمد: سارے فرقے مل گئے ہیں؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہاں تو اسمبلی میں یہ impression مجھے ملتا ہے کہ......

مرزا ناصر احمد: اسمبلی، اسمبلی جو ہے......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں سر! ان کے لئے یہ سب پروگرام ہے۔ اگر وہ کہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں جی، اور کوئی دو گاؤں مل کے اپنا فتویٰ دے دیں......

جناب یحییٰ بختیار: یہ تو ناممکن ہے......

مرزا ناصر احمد: ......اور، اور یہ جو ہیں افریقہ کے ممالک، وہ اپنے فتوے دے دیں......

جناب یحییٰ بختیار: اگر ایک مولوی صاحب کسی مسجد میں فتویٰ دے دیتے ہیں، I do not attach importance; but if it is National Assembly of Pakistan, I do.

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، نائجیریا والے کیا فتویٰ دیں گے؟

جناب یحییٰ بختیار: وہ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ساری دنیا کے مسلمانوں کا فتویٰ ضروری ہے that will also be considered by the National Assembly۔ اگر آپ کا یہ خیال ہے کہ اسمبلی نہیں بلکہ دنیا کے مسلمان......

مرزا ناصر احمد: ہاں، سارے دنیا کے ممالک کا فتویٰ۔ نیشنل اسمبلی جو ہے وہ پاکستان کے مسلمانوں کی نمائندہ نہیں،......

جناب یحییٰ بختیار: ٹھیک ہے۔

مرزا ناصر احمد: ...... یہ پاکستان کے عوام کی نمائندہ ہے۔ یہ عوامی نیشنل اسمبلی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ آپ درست فرما رہے ہیں۔ جہاں تک میرے علم میں ہے......

مرزا ناصر احمد: اگر دنیا کے سارے ممالک کی Assemblies اس بات پر اتفاق کر لیں یعنی یو۔ این۔ او۔ میں ہو جائے تو پھر ہم سمجھیں گے کہ ہم اس معاملے کو خدا پر چھوڑتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ابھی ایک دنیا کے مسلمانوں کی ایک representative باڈی ______ if you consider it موتمر عالم اسلامی نے تو یہ......

مرزا ناصر احمد: رابطہ عالم اسلامی، موتمر نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: رابطہ علام اسلامی۔ انہوں نے ایک فتویٰ دیا ہے......

مرزا ناصر احمد: انہوں نے فتویٰ جو دیا ہے، وہ......اس میں یہ کہا ہے کہ سارے مسلمانوں والے کام کرتے ہیں۔ یہ ابھی جو آپ کے پاس ہے وہ؟ آپ رکھیں گے؟

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، مجھے...... میں نے......

مرزا ناصر احمد: اچھا، ہاں، پڑھ لیجئے۔

جناب یحییٰ بختیار: انہوں نے کہا ہے کہ they are outside the pale of Islam; that is what I understand.

مرزا ناصر احمد: وہ، وہ، ان کا جو ہے، وہ کہتے ہیں کہ لبادہ اسلام کا ہی اوڑھا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ اس میں اور کوئی اعتراض نہیں ہے۔ مساجد بنا رہے ہیں، ہسپتال کھول رہے ہیں، یتامیٰ کی خبر گیری کر رہے ہیں، یہ قرآن کریم کی اشاعت کر رہے ہیں، وغیرہ، وغیرہ، لیکن سب ظاہر ہے، اندر سے تو کافر ہیں۔ یہ کوئی دلیل ہے؟ اندر سے تو کافر ہیں:

**ھل شق عقد قلبہ**

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا آپ نے اس کا دل چیرا تھا؟ کون ہے دنیا کی طاقت جو دل چیر کر فتویٰ دے؟

جناب یحییٰ بختیار: میں مرزا صاحب! reasoning میں نہیں جا رہا ہوں۔ ایک فتویٰ جب آ جاتا ہے تو......

مرزا ناصر احمد: well، اگر reasoning میں نہیں جا رہے تو میں تو بغیر reasoning کے بات نہیں کرتا۔

جناب یحییٰ بختیار: میں یہ کہتا ہوں کہ فی الحال - انہوں نے فتویٰ دیا ہے - reasoning پر میں نہیں کہتا کہ میں...... نانہیں...... اس سٹیج پر۔ انہوں نے فتویٰ دیا ہے۔ اس کی reasoning اس کے بعد میں آتی ہے۔ وہ short order ان کا یہ ہے......

مرزا ناصر احمد: اور وہ جو بیں فتوے ان کے متعلق ہیں، شیعہ کے متعلق، اور جو حرمین شریف کے فتاویٰ، محمد بن عبدالوہاب اور ان کے متبعین کے خلاف، بارہ سال انہوں نے حج نہیں کرنے دیا وہابیوں کو۔ ساری اپنی تاریخ بھول جائیں گے ہم؟ اب جلدی میں ایک فیصلہ کرنے کے لئے تاریخ کے اوراق بھول جائیں گے ہم؟

جناب یحیٰ بختیار: نہیں، تو آپ یہ کہتے ہیں کہ مسلمانوں کی اسلامک Summit وغیرہ کوئی فیصلہ کر دے تو پھر آپ مانیں گے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، میں یہ کہتا ہوں۔ اصل جو میں کہتا ہوں - کوئی اسلامک Summit کا میں نے نام نہیں لیا - میں نے کہا ہے کہ دنیا کے ممالک کی اکثریت کی Legislative Assemblies اگر فیصلہ کر دیں تو ہم اس معاملہ کو غلط سمجھتے ہوئے بھی اللہ پر چھوڑ دیں گے۔

جناب یحیٰ بختیار: تو پھر ان کا تو یہ فیصلہ کرنے کے کوئی معنی نہیں، accept پھر بھی نہیں کریں گے آپ۔

مرزا ناصر احمد: وہ چیز جو میرا دل نہیں مانتا، وہ کیسے میں accept کرلوں گا؟

جناب یحیٰ بختیار: تو پھر تو اس کا سوال نہیں پیدا ہوتا ناں جی۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، تو پھر نہ کریں کوشش۔

جناب یحیٰ بختیار: پھر اسی اسمبلی پر چھوڑا جائے گا۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، وہ ٹھیک ہے، میں تو اس اسمبلی پر حاکم نہیں ہوں۔ میں تو ایک نہایت عاجز انسان ہوں۔

جناب یحیٰ بختیار: اسمبلی نے ابھی فیصلہ کرنا ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ کسی ایسے فیصلے پر پہنچیں کہ کسی کو کوئی نقصان نہ پہنچے، کسی کو کوئی تکلیف نہ ہو، ملک کو فائدہ پہنچے، ملک کو نقصان نہ پہنچے۔ یہ ہر ایک کی کوشش ہے۔ ورنہ ہم آپ کو کیوں کوئی تکلیف دیتے؟

مرزا ناصر احمد: ہماری بھی کوشش یہی ہے۔ ہماری دعائیں بھی یہی ہیں کہ ملک کو نقصان نہ پہنچے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** The question does not arise. We are making an effort to see if we can come to some solution.

مرزا ناصر احمد: نہیں، آپ if کے بعد صرف اپنے نشانے کا ہدف جماعت احمدیہ کو کیوں بناتے ہیں، جب دوسرے فرقوں کے بالکل وہی حالات ہیں فتاویٰ کے لحاظ سے، اور زیادہ سخت ہیں؟

جناب یحییٰ بختیار: وہ علیحدگی کے بارے میں مرزا صاحب! میں آپ سے ذکر کر رہا تھا:

''کیا مسیح ناصری نے اپنے پیروؤں کو یہودیوں سے الگ نہیں کیا؟'' یہ بھی مرزا بشیر الدین محمود صاحب کا ہے:

> ''کیا مسیح ناصری نے اپنے پیروؤں کو یہودیوں سے الگ نہیں کیا؟ کیا وہ انبیاء کن کے زمانے کا علم ہم تک پہنچا ہے اور ہمیں ان کے ساتھ جماعتیں بھی نظر آتی ہیں، انہوں نے اپنی جماعتوں کو غیروں سے الگ نہیں کیا؟ ہر شخص کو ماننا پڑے گا کہ بے شک کیا ہے۔ پس اگر حضرت مرزا صاحب نے جو کہ ایک نبی اور رسول ہیں، اپنی جماعت کو منہاج نبوت کے مطابق غیروں سے علیحدہ کر دیا ہے تو نئی اور انوکھی بات کون سی ہے۔''

یہاں جو ''علیحدہ کر دیا ہے'' this is what I wanted to clarify

مرزا ناصر احمد: ہاں۔ ''علیحدہ کر دیا'' کے صرف یہ معنی ہیں کہ دوسروں کے اثر قبول کرنے سے بچانے کی کوشش کی گئی۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ ایک separate امت؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، امت کا یہاں تو نام ہی نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں اس کا کہہ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، بالکل نہیں، قطعاً، سوال ہی کوئی نہیں پیدا ہوتا۔

جناب یحییٰ بختیار: پھر آگے آتا ہے جی:

''جس دن سے کہ تم احمدی ہوئے تمہاری قوم تو احمدیت ہوگئی۔ شناخت اور امتیاز کے لئے اگر کوئی پوچھے تو اپنی قوم یا ذات بتا سکتے ہو۔ ورنہ اب تو تمہاری قوم تمہاری گوت تمہاری ذات احمدی ہی ہے۔ پھر احمدیوں کو چھوڑ کر غیر احمدیوں میں کیوں قوم تلاش کرتے ہو؟''

''کیوں غیر احمدیوں میں قوم تلاش کرتے ہو؟''

مرزا ناصر احمد: ''غیر احمدی'' کی phrase غلط ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں......

مرزا ناصر احمد: آپ یہ کہا کریں وہابی، اہل حدیث، وغیرہ، وغیرہ۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، آپ کی quotation ہے جی، اس واسطے میں کہہ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: یہ کہاں کی ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: ''ملائکۃ اللہ'' صفحہ 46-47 مصنفہ مرزا بشیر الدین محمود احمد۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ تو جب تک میں اس کو دیکھ نہ لوں......

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، آپ چیک کر لیجئے، آپ verify کر لیجئے۔ یہاں ہے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، یہاں تو نہیں ہمارے پاس۔

جناب یحییٰ بختیار: اور یہ مرزا غلام احمد صاحب سے منسوب کیا گیا ہے، آپ verify کر لیں:

''میری امت کے دو حصے ہوں گے، ایک وہ جو مسیحیت کا رنگ اختیار کریں گے اور تباہ ہو جائیں گے اور دوسرے وہ جو......''

مرزا ناصر احمد: ''ایک وہ جو وحییت کا رنگ''؟

جناب یحییٰ بختیار: ''مسیحیت''۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، ''مسیحیت کا رنگ''۔

جناب یحییٰ بختیار: ''......اختیار کریں گے اور تباہ ہو جائیں گے۔ دوسرے وہ جو مہدویت کا رنگ اختیار کریں گے۔''

یہ ''الفضل'' میں شائع ہوا ہے، ۲۶ جنوری ۱۹۱۶ء میں۔

مرزا ناصر احمد: ۲۶ جنوری ۱۹۱۶ء کے ''الفضل'' میں؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی۔

مرزا ناصر احمد: یہ کوئی مضمون شائع ہوا ہے جس میں......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، وہ جو quotations ہوتی ہیں ناں مرزا صاحب، اس میں ہے۔

مرزا ناصر احمد: اچھا۔

جناب یحییٰ بختیار: اور پھر آگے ان کی quotation ہے جی کہ:

''جو شخص نبوت کا دعویٰ کرے گا اس دعویٰ میں ضرور ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کی ہستی کا اقرار کرے اور نیز یہ بھی کہے کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے میرے پر وحی نازل ہوتی ہے اور نیز، خلق اللہ کو وہ کلام سنا دے جو اس پر خدا تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا ہے۔ اور ایک امت بنا دے جو اس کو نبی سمجھتی ہو، اور اس کی کتاب کو کتاب اللہ جانتی ہو۔''

This is reference to himself or to Holy Prophet Muhammad (Peace be upon him)? تو کیونکہ......

مرزا ناصر احمد: جی؟

جناب یحییٰ بختیار: ...... یہ جو ہے ناں مرزا صاحب کا......

مرزا ناصر احمد: ہاں جی۔

جناب یحییٰ بختیار: ''......جو شخص......''

مرزا ناصر احمد: نہیں، یہ کس کے...... کس کی طرف ضمیر کرتی ہے اس کی؟

جناب یحییٰ بختیار: مرزا غلام احمد صاحب کی یہ ہے جی ''آئینہ کمالات''۔

مرزا ناصر احمد: ان کی تحریر ہے؟ ان کی تحریر ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی، ہاں جی۔

مرزا ناصر احمد: اور ضمیر کرتی ہے کس کی طرف؟

جناب یحییٰ بختیار: صفحہ ۳۴۴ پر جی، ''آئینہ کمالات اسلام'' Page 344۔

**Mirza Nasir Ahmad: 344?**

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی۔ تو اس میں ہے جی کہ:

''جو شخص نبوت کا دعویٰ کرے گا اس دعویٰ میں ضرور ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کی ہستی کا اقرار کرے اور نیز یہ بھی کہے کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے میرے پر وحی نازل ہوتی ہے اور نیز خلق اللہ کو وہ کلام سناوے جو اس پر خدا تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا ہے۔ اور ایک امت بناوے جو اس کو نبی سمجھتی اور اس کی کتاب کو کتاب الٰہی جانتی ہو۔''

تو یہ ریفرنس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہے ان کا یا اپنے سے مراد ہے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، یہ تو چیک کریں گے۔ یہ تو...... نہیں، یہ تو context میں، اصل میں......

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، میں یہی کہہ رہا ہوں کہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی طرف ان کا......

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: ...... کیونکہ انہوں نے یہ نہیں کہا......

مرزا ناصر احمد: یہ تو context سے پتہ لگے گا کہ کیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور مرزا صاحب! آپ نے کل فرمایا تھا کہ امتی نبی جو ہوتا ہے وہ شریعت اس کی نہیں ہوتی، وہ غیر شرعی ہوتا ہے، he does not bring his own law?

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ ایک اس کی صفت ہے، اور بھی ہیں اس میں۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** نہیں as far as law is concerned.........,

**Mirza Nasir Ahmad:** As far as law is concerned, جہاں تک شریعت کا تعلق ہے......

جناب یحییٰ بختیار: ......وہ interpret کرتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں۔ اپنی کوئی شریعت نہیں رکھتا۔

جناب یحییٰ بختیار: اور اگر وہ شریعت والا ہو تو پھر وہ امتی نہیں ہو گا؟ He will have to start his own Ummat?

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔ بالکل۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ ایک جی مرزا صاحب سے منسوب ہے کہ:

''یہ بھی تو سمجھو کہ شریعت کیا چیز ہے جس نے اپنی وحی کے ذریعے سے چند اوامر و نہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا وہی صاحب الشریعت ہو گیا۔ پس اس تعریف کی رو سے بھی ہمارے مخالف ملزم ہیں کیونکہ میری وحی میں امر بھی ہیں اور نہی بھی۔''

مرزا ناصر احمد: اس میں ''ہمارے مخالف منکر ہیں'' سے پتہ لگتا ہے کہ کسی اعتراض کا جواب دیا جا رہا ہے۔ اور اس اعتراض کو سامنے رکھ کر پھر وہ سارے صفحات پڑھے جائیں تب صحیح مطلب مل سکتا ہے، ورنہ نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں پھر آپ کے سامنے:

''یہ بھی تو سمجھو......''

''اربعین'' نمبر۴ صفحہ۶۔ آپ نے دیکھ لیا؟

مرزا ناصر احمد: ہاں جی دیکھ لیا۔ اس میں آپ نے حاشیے میں یہ لکھا ہے کہ:

''میں شریعت محمدیہؐ کے اوامر ونواہی کی تجدید کے لئے آیا ہوں۔''

آپ نے دوسری جگہ فرمایا کہ:

''قرآن کریم کا ایک شوشہ بھی نہیں بدل سکتا''

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ پوچھ رہا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہاں تو میں نے بتا دیا ناں آپ کو۔

جناب یحییٰ بختیار: یہاں انہوں نے لکھا ہوا ہے کہ......

مرزا ناصر احمد: ''اوامر ونواہی'' کے آگے نیچے حاشیے میں لکھا ہے کہ ان قرآن کریم کے جو اوامر ونواہی ہیں۔ متن میں بھی ہے اور اس میں بھی۔ قرآن کریم کی شریعت جو ہے اس کا ایک شوشہ بھی ہمارے نزدیک منسوخ نہیں ہو سکتا۔ اور جو امر اور نہی حضرت بانیٔ سلسلہ کے الہامات میں ہیں وہ یہ حکم دیتے ہیں کہ قرآن کریم کی شریعت کے اوامر و نواہی پر عمل کرواؤ۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں یہ پوچھ سکتا ہوں آپ سے کہ کیا مرزا غلام احمد صاحب نے شرعی نبی ہونے کا دعویٰ کیا؟ یا آپ ان کو accept کرتے ہیں کہ وہ اپنی شریعت لائے؟

مرزا ناصر احمد: نہ آپ شریعت لائے، نہ آپ نے شرعی نبی ہونے کا دعویٰ کیا۔ اس کے برعکس بارہا، متعدد بار بہ آواز بلند یہ کہا کہ قرآن کریم کامل اور مکمل شریعت ہے اور آپ کو اللہ تعالیٰ نے الہاماً بتایا:

''الخیر کلہ فی القرآن''

ہر قسم کی بھلائی کا منبع اور سرچشمہ قرآن عظیم ہے۔ اور جن اوامر ونواہی کا ذکر ہے آپ کی تحریر میں یا الہامات میں، وہ وہ اوامر ونواہی ہیں جو قرآن کریم میں پائے جاتے ہیں۔ یہ حکم ہے کہ لوگوں کی توجہ ان اوامر ونواہی سے ہٹ گئی ہے، ان کی تجدید کرو اور احیاء کرو۔ یہ ''ازالہ اوہام'' کا ہے یہ اقتباس:

''اور ہم پختہ یقین کے ساتھ اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ قرآن شریف خاتم کتب سماوی ہے اور ایک شوشہ یا نقطہ اس کی شرائع اور حدود اور احکام اور اوامر سے زیادہ نہیں ہو سکتا اور نہ کم ہو سکتا ہے۔ اور اب کوئی ایسی وحی یا ایسا الہام من جانب اللہ نہیں ہو سکتا جو احکام فرقانی کی ترمیم یا تنسیخ یا کسی ایک حکم کے تبدیل یا تغیر کر سکتا ہو۔ اگر کوئی ایسا خیال کرے تو ہمارے نزدیک جماعت مومنین سے خارج اور ملحد اور کافر ہے''

جناب یحییٰ بختیار: یہ ''الفضل'' ۲۶ جنوری ۱۹۱۵ء کی کوٹیشن ہے، یہ مرزا بشیر الدین محمود صاحب کی ہے:

''مسیح موعود کو احمد نبی اللہ تسلیم نہ کرنا اور آپ کو امتی قرار دینا، امتی گروہ سمجھنا گویا آنحضرت وسید المرسلین اور خاتم النبیین ہیں، امتی قرار دینا امتوں میں داخل کرنا ہے، جو کفر عظیم اور کفر در کفر ہے۔''

مرزا ناصر احمد: یہ تو فقرہ لگتا ہے بظاہر ویسے ہی ٹوٹا پھوٹا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ٹائپ میں ہے۔ میں پھر پڑھ دیتا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، اس کو ہم وہ چیک کریں گے ناں۔

جناب یحیٰ بختیار: ہاں یہ ہے ناں جی ''الفضل'' ۲۹؍جنوری ۱۹۱۵ء:

''مسیح موعود کو احمد نبی اللہ تسلیم نہ کرنا..............''

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ میں چیک کرلوں گا جی۔

جناب یحیٰ بختیار:

''..........اور آپ کو امتی قرار دینا، امتی گروہ سمجھنا گویا آنحضرت (مرزا صاحب) کو جو سید المرسلین اور خاتم النبیین ہیں، امتی قرار دینا، امتوں میں داخل کرنا ہے، جو کفر عظیم اور کفر در کفر ہے۔''

مرزا ناصر احمد: یہ تو جو آپ نے اقتباس پڑھا ہے، اپنے الفاظ میں، اس کو سہو کتابت بھی میں نہیں کہہ سکتا۔ یعنی یہ ویسے چیک کرنے والا ہے۔

جناب یحیٰ بختیار: ہاں، اس کو چیک کر لیجئے......

مرزا ناصر احمد: ہاں، چیک کرنے والا ہے۔

جناب یحیٰ بختیار: ......کیونکہ اس میں......

مرزا ناصر احمد: ہاں، اس میں تو بہت کچھ لکھ دیا۔

جناب یحیٰ بختیار: ہاں، یہ بالکل departure ہو جاتا ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، بالکل صحیح ہے۔ میں چیک کروں گا، انشاء اللہ۔ یہ جو آپ فرما رہے ہیں ناں چیک کرنے کا، تو چیک کر کے......

جناب یحیٰ بختیار: ہاں، اسی لئے مرزا صاحب!......

مرزا ناصر احمد: ہاں، صبح۔ صبح انشاء اللہ اس کے اوپر کریں گے بات۔ چیک اس واسطے بھی ضروری ہے کہ وہ جو انگریزی میں کل آپ نے کہا تھا ناں کہ ہم سے

بے احتیاطی سے تذلیل کا کوئی پہلو نکل آیا مودودی صاحب کی۔ تو وہ جو اردو میں - اصل میری زبان - جو میں نے خطبہ دیا تھا وہ چیک کیا تو اس میں ''مودودی صاحب'' بھٹو صاحب......

جناب یحییٰ بختیار: اچھا؟ تو انہوں نے ''مسٹر'' کر دیا؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، اُن ترجمہ کرنے والوں نے ''مسٹر'' کر دیا۔

جناب یحییٰ بختیار: اسی لئے میں نے کہا......

مرزا ناصر احمد: اور یہ ہے یہاں......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہ misunderstanding دور ہو جائے تو اچھا ہے ناں جی۔

مرزا ناصر احمد: ''......اور مفتی محمود صاحب''۔ ہمارے لئے تو سارے صاحب ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں جی، misunderstanding دور ہو جائے تو اچھا ہی ہے۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔

جناب یحییٰ بختیار: وہ بھی میں نے معلوم کیا جو لندن میں بلیک برن کا تھا ریزولیوشن۔ وہ مجھے اطلاع ملی کہ وہاں سے شاید ہماری ایمبیسی نے بھیجا ہے کہ یہ ریزولیوشن ڈسٹری بیوٹ ہوا۔ After being passed in the meeting, this was distributed. میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ اخبار میں آیا ہے یا نہیں آیا۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہ تو وہاں چلا جائے گا۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، تو وہ آپ کو ضرور کاپی آئی ہو گی، آپ کے لئے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، مجھے کوئی کاپی نہیں آئی۔

جناب یحییٰ بختیار: یہاں کیا آپ منگوا سکتے ہیں، پوچھ سکتے ہیں ان سے؟

مرزا ناصر احمد: مجھے کاپی کوئی نہیں آئی، لیکن میں پوچھوں گا ضرور۔

جناب یحییٰ بختیار: کیونکہ وہاں بہت سے لوگ موجود تھے جن کو دیا گیا ہے یہ، اخباروں کو بھی دیا گیا ہے۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، اس کے جو الفاظ ہیں وہ بھی مشتبہ ہیں 'کہ سارے احمدی اس میں شامل ہوئے'۔ اور یہ جماعت ہماری اتنی چھوٹی ہے کہ میرے ذہن میں نام بھی نہیں آ رہا تھا اس کا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، دیکھیں ناں جی، چھوٹی جماعت' پانچ چھ آدمی بھی ریزولیوشن پاس کر سکتے ہیں کہ 'we Ahmadi Muslims.........'

مرزا ناصر احمد: نہیں، اس کے الفاظ جو ہیں، اور دوسری جگہ احمدیوں کو بھی خالی پاکستانی لکھا ہوا ہے اور مسلم کا ساتھ نام نہیں اُسی ریزولیوشن میں۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، وہ تو ٹھیک ہے، اگر ایسا کرتا تو کوئی اعتراض کی بات نہیں تھی۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، اُسی ریزولیوشن میں دوسری جگہ......

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، اُس میں لکھا ہے۔ اُس میں کو اعتراض کی بات نہیں۔ مگر آگے چل کر کہتے ہیں......

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، وہ ٹھیک ہے، نہیں، بہر حال وہ چیک ہونے والی بات ہے، اس میں تو کوئی جھگڑا نہیں؟

**Mr. Yahya Bakhtiar:** "We Ahmadi Muslims.................... non-Ahmadi Pakistanis".

مرزا ناصر احمد: وہ ٹھیک ہے، وہ چیک کریں گے۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** This was pointed out to me اور پھر میں نے......

مرزا ناصر احمد: یہ ٹھیک ہے، آپ نے یہ مجھے پوائنٹ آوٹ کر دیا پہلی بار۔

جناب یحییٰ بختیار: اور مرزا صاحب! آپ نے کل کہا تھا کہ مرزا صاحب کا بائیوڈیٹا (bio-data) آپ......

مرزا ناصر احمد: جی، ہو ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اگر وہ ہے، آپ سنا دیجئے تا کہ ریکارڈ پر آ سکے۔

مرزا ناصر احمد: بہت اچھا جی، میں سناتا ہوں۔

جناب یحییٰ بختیار: اگر ہے تیار ابھی۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں، تیار ہے۔ ابھی سنانا ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: اگر مختصر ہے تو پڑھ دیں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، اتنا مختصر تو نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: میں تو صرف وہ dates وغیرہ چاہتا تھا۔

مرزا ناصر احمد: اگر کہیں تو اس کو بدل دیں گے، اس کو بدل دیں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، کیونکہ صرف ریکارڈ کے لئے، جیسے آپ نے اپنا بائیوڈیٹا دیا۔

مرزا ناصر احمد: میں نے تو مختصر دے دیا، آپ کے لئے۔

جناب یحییٰ بختیار: چونکہ مرزا صاحب کے بارے میں کتابیں ہیں، بڑا لٹریچر ہے۔

مرزا ناصر احمد: میں تو بڑا عاجز انسان ہوں۔ بانئ سلسلہ احمدیہ کا مقام اور ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، میں تو صرف ان کے جو bare facts ہیں......باقی ان کی تعلیمات پر تو، اس پر تو بہت لمبی چیز ہو جاتی ہے۔

مرزا ناصر احمد: جی، ہم نے ویسے اسی خیال سے......ویسے تو بڑی بڑی کتابیں لکھی ہوئی ہیں۔ ایک کتاب میں آپ نے آٹو بائیوگرافی لکھی ہے اپنی۔ تو اس کو ہم نے نقل کر دیا تھا۔ اور ابتدا میں تاریخ پیدائش اور آخر میں تاریخ وفات......

جناب یحییٰ بختیار: ہاں، اس کا ریفرنس دے دیجئے۔

مرزا ناصر احمد: اور اس کو مختصر کر دیتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: کسی قدر مختصر کر دیں۔

مرزا ناصر احمد: کتنا؟

جناب یحییٰ بختیار: وہ آپ پر depend کرتا ہے I am not objecting even to this. But I said brief record, کیونکہ sometime the whole thing may have to be published. So, it should ...........

مرزا ناصر احمد: ہاں، وہ تو کوئی وقت آئے گا، انشاء اللہ۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں۔ تو اس لئے میں کہہ رہا ہوں کہ یہ چیز جو ہے ناں، ریکارڈ پر رہے۔ تو پھر کل صبح سہی؟

مرزا ناصر احمد: یہ کوئی ۱۵ - ۲۰ صفحے ہوں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ زیادہ ہو گیا؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، زیادہ ہے۔ تو صبح سنا دیں گے۔

جناب یحییٰ بختیار: صبح، یا اس کو کچھ مختصر کر کے آپ......

مرزا ناصر احمد: ہاں، دیکھ لوں گا، میں دیکھ لوں گا، جتنا ہو سکے۔

**Mr. Chairman:** So, that will do for the present, Mr. Attorney-General, Maghreb prayer's time. You would take about five minutes more or..........?

**Mr. Yahya Bakhtiar:** I just want to ask one or two questions.

**Mr. Chairman:** All right.

جناب یحییٰ بختیار: جب مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ:

''میری وحی میں امر بھی ہے اور نہی بھی''

"My revelation contains does and does not___laws........"

مرزا ناصر احمد: امر جو ہے......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جی، literal مطلب تو یہی ہے۔ وہ تو......

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں۔ امر جو ہے......

جناب یحییٰ بختیار: ......آرڈر......

مرزا ناصر احمد: ......حکم ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ......حکم ہے۔

مرزا ناصر احمد: حکم یہ ہے کہ شریعت محمدیہ کو قائم کرو۔ اس کا یہ مطلب تو نہیں کہ شریعت نئی نازل ہوگی۔ اور حکم ہے......

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، وہ تو قرآن مجید میں موجود ہے۔ کہتے ہیں:

''میری وحی میں ہے''۔

مرزا ناصر احمد: جو آپ کو الہام یہ ہو کہ شریعت محمدیہ کو قائم کرو، تو آپ کی وحی میں حکم ہوگیا ناں ایک۔ لیکن وہ شریعت نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، اگر ان کی وحی میں یہ ہے کہ 'مسلمان کافر ہیں، ان کو لڑکیاں مت دو'۔ یہ بھی تو قانون ہوگیا ناں؟

مرزا ناصر احمد: یہ نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ نہیں ہے؟

مرزا ناصر احمد: بالکل نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: 'ان کے ساتھ نماز مت پڑھو' یہ بھی نہیں ہے؟

مرزا ناصر احمد: بالکل نہیں ہے۔ بالکل نہیں ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: کوئی ایسا لاء (law) نہیں ہے ان کا اپنا؟

مرزا ناصر احمد: قرآن کریم کے علاوہ، اس سے باہر، اس سے زائد، یا اس کو کم کرنے والا، سوال ہی کوئی نہیں ہے، ہے ہی کچھ نہیں۔ ہمارے لئے صرف قرآن کافی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: اور یہ کہ وہ نبی ہیں، یہ ان کی وحی میں ہے؟

مرزا ناصر احمد: وحی میں یہ ہے...... ساری وحی تو...... نبی کے متعلق، کہ:

''وہ مہدی جس کی بشارتیں حضرت خاتم الانبیاء محمد ﷺ نے دی تھیں کہ وہ اس زمانہ میں، آخری زمانہ میں پیدا ہوگا، جس کا ذکر قرآن کریم میں بھی ہے، اس کا مصداق میں ہوں۔''

جناب یحییٰ بختیار: یہ یعنی ان کی وحی ہے؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ ان کی وحی ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: قرآن شریف میں نہیں کہ مرزا غلام احمد جو ہیں وہ نبی ہیں یا ہوں گے۔

مرزا ناصر احمد: یہ تو پھر وہ بحث ناموں کی تو لمبی ہو جاتی ہے۔ کسی کتاب میں بھی کسی نبی کا نام اس طرح نہیں آیا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں جب، پرانے جو نبی تھے، ان کے بارے میں تو کچھ کا ذکر آیا ہے باقاعدہ اس میں۔

مرزا ناصر احمد: نہیں، میرا مطلب ہے کہ قرآن کریم سے پہلے جو گزرے ہیں، جو حالات تھے انبیاء کے، قرآن نے خود کہا ہے کہ 'بہتوں کا ہم نے ذکر نہیں کیا، اور بعض کا ذکر کر دیا تمہارے علم کو بڑھانے کے لئے۔' اور دوسرے روحانی فوائد ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اور مرزا صاحب! ایک اور لفظ استعمال ہوتا ہے کہ مجازی نبی، کہ حقیقی نبی، بروزی نبی......

مرزا ناصر احمد: ہاں، بروزی اور مجازی، یہ......

جناب یحییٰ بختیار: ......ان کی کیا interpretation ہے آپ کی؟

مرزا ناصر احمد: صوفیاء کا جو interpretation ہے......

جناب یحییٰ بختیار: ......یعنی آپ 'حقیقی' کس کو کہتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: ہم 'حقیقی نبی' اس کو کہتے ہیں جو شریعت لائے اور جس نے یہ جو نبوت کا مقام ہے وہ کسی کی کامل اتباع سے حاصل نہ کیا ہو، مستقل حیثیت میں......

جناب یحییٰ بختیار: یعنی جو اپنی شریعت لائے اور کسی اور نبی کی مہر اس پر نہ ہو؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، بعض شرعی آئے ہیں، بعض غیر شرعی آئے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: یعنی 'غیر شرعی' بھی حقیقی ہو سکتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: مستقل نبی۔ یہ 'حقیقی' اور 'مستقل' ان کی دو علیحدہ معانی ہیں۔ 'حقیقی' وہ ہے جو۔ ہمارے نزدیک۔ ہاں 'حقیقی نبوت' وہ ہے جو شریعت لے کے آ رہا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: شریعت لے کے آ رہا ہے؟

مرزا ناصر احمد: شریعت لے کے آ رہا ہے۔ اور 'مستقل نبوت' یہ ہے کہ دوسرے کے فیض سے نہیں، بلکہ اس کو اللہ تعالیٰ نے کسی اور کے افادہ کے نتیجے میں نہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اس کو مستقل کہتے ہیں؟

مرزا ناصر احمد: ہاں، اس کو مستقل کہتے ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: مرزا غلام احمد صاحب مستقل نبی ہیں آپ کے؟

مرزا ناصر احمد: نہیں، نہیں، وہ نہیں، امتی نبی ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: اور حقیقی؟

مرزا ناصر احمد: نہ۔ 'حقیقی' تو شریعت والا ہے۔ ہم تو کہتے ہیں کہ قرآن کریم کا ایک شوشہ بھی منسوخ نہیں ہو سکتا۔ اور 'مستقل' نہیں۔ کیونکہ ہم کہتے ہیں جو شخص اتباع نبویؐ نہ کرے اسے نبوت کیا، صدیقیت اور صالحیت اور شہادت کا مقام بھی نہیں مل سکتا، عام نیکی کا مقام بھی نہیں مل سکتا۔

جناب یحییٰ بختیار: 'مجازی' کیا ہوتا ہے؟ So many words have been used.

مرزا ناصر احمد: 'بروزی' اور 'مجازی' یہ ہے...... صوفیاء کی ہیں...... اور 'ظلی'۔ اس کے وہ نوٹ اگر کہیں تو میں تیار کر کے دے دوں گا۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یعنی generally، یعنی brief اس کا کہ......

مرزا ناصر احمد: 'ظلی نبوت' کے معنی یہ ہیں...... بانیٔ سلسلہ احمدیہ نے 'ظلی نبوت'...... جس کے معنی ہیں محض فیض محمدی سے وحی پانا......

جناب یحییٰ بختیار: اور 'مجازی' بھی اسی کو کہیں گے؟ یا وہ مختلف ہے؟

مرزا ناصر احمد: یہ اصل میں صوفیاء کی اصطلاحات ہیں۔

جناب یحییٰ بختیار: نہیں، یہ میں یہاں ایک آپ کو کوٹیشن پڑھ کر سناتا ہوں......

مرزا ناصر احمد: ہاں، یہ ہماری کتابوں میں بھی آیا ہے۔

جناب یحییٰ بختیار: ہاں۔ یہ ہے جی کہ:

''پس شریعت اسلامی نبی کے جو معنی کرتی ہے اس کے معنی سے حضرت غلام احمد صاحب ہرگز مجازی نہیں بلکہ حقیقی نبی ہیں۔''

That is, his Shariat, as you say..........

مرزا ناصر احمد: یہ کہاں کا حوالہ ہے؟

جناب یحییٰ بختیار: یہ ہے جی 'حقیقت النبوۃ' صفحہ ۱۷۴۔

مرزا ناصر احمد: یہ 'بچ بچ' اور 'بناوٹی' وہ بھی آیا ہے۔ یعنی یہ لغوی طور پر لفظ استعمال ہوئے ہیں۔

جناب یحیٰی بختیار: وہ پھر آپ دیکھ لیجئے۔

(To Mr. Chairman) We will continue tomorrow.

**Mr. Chairman:** Tomorrow.

The delegation is permitted to go and to be here tomorrow at 10.00 a.m..

The honourable members may keep sitting.

مرزا ناصر احمد: یہ رسالہ آپ رکھیں گے؟

جناب یحیٰی بختیار: ہیں جی؟

مرزا ناصر احمد: یہ موتمر عالم اسلامی والا؟

جناب یحیٰی بختیار: نہیں جی، وہ آپ کو دے رہے ہیں۔ کل دے دیں گے جی وہ نوٹ کر کے۔

*(Interruption)*

**Mr. Chairman:** There is nothing to say. Only the House is adjourned after the Delegation has left.

*(The Delegation left the Chamber)*

**Mr. Chairman:** Any honourable member has to say anything?

Maulana Zafar Ahmad Ansari!

I will request the members to be in their seats.

## PHOTOGRAPH OF THE MOSQUE IN IJEBUODE, NIGERIA AND ITS CAPTIONS

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: جناب والا! یہ ایک رسالہ جو انہوں نے دیا ہے، اس سے ہاؤس کے لوگوں کو بھی کچھ غلط فہمی ہو سکتی ہے۔ میں چونکہ خود اس میں موجود تھا، میرے سامنے یہ سارا قصہ ہوا - وہ تو الگ بات ہے، کسی وقت اس کو عرض کر دوں گا......

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: ان کی بات تو سن لیں۔

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: لیکن پہلی چیز یہ ہے کہ انہوں نے یہ کیا ہے:

''اور مسجد کا یہ نقشہ دیا ہے، اس پر کوئی اعتراض نہیں کیا''۔

آپ اس کی سرخی دیکھیں، عربی میں ہے، میں اس کا اردو ترجمہ سنا دوں؟

*(Interruption)*

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: اچھا ٹھیک ہے۔ پہلا؟ (مداخلت) نہیں، نہیں۔ پہلا وہ ہے۔ یعنی top کی جو پہلی سرخی ہے وہ یہ ہے:

''حتی لا ننسیٰ ما مراہ القادیانیت صند عقیدتنا''

(Lest we ignore the conspiracies of Qadyanis against our belief.)

یہ پہلی سرخی ہے۔ دوسری سرخی اس میں یہ ہے:

''ھئولآءِ یُحاربوننا فی افریقیتہ مختلف الوسائل والاخالید فیتغلغون فی اوساط الرسمیہ بہ اسم الاسلام''۔

(It is these people who are fighting us in Africa by means of various methods and infiltrating the Muslim people in the name of Islam.)

تیسری سرخی یہ ہے، اسی صفحے پر:

''لقد ناکش موتمر المنظمات الاسلامیہ فی العالم المنعقد بہ مکتہ المکرمہ فی ربیع الاوّل موازی ھم کان من ابرازھا معالحتہ الطیارتہ الفکریہ الموثرہ

المعادیه لِلاسلام و کانته القادیانیه فی مقدمته هذه الطیارته الحدامه التی

نوح کشد و درست وراثته

(This conference of Islamic Organisations held at Mecca on 14th to 18th Rabi-ul-Awal discussed very important subjects. Prominent among there was how to meet the contemporary anti-Islamic movements. Qadianism came at the top of these subversive movements which were fully discussed. Its dangers to the Islamic World were exposed, as also the deceitful and disruptive methods employed by it.)

**Mr. Chairman:** You put it to the witness.

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: ذرا میں اور واضح کر دوں۔

**Mr. Chairman:** No, no, you put it to the witness. آپ گواہ کو یہ put کریں۔ (مداخلت) نہیں، نہیں، ایک سیکنڈ۔

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: میں ذرا اور واضح کر دوں اس کو۔
اب اُس کے بعد صرف مسجد ہی نہیں جس پر اعتراض کیا ہے......

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: ایک منٹ ذرا سن لیں ناں جی۔ جی، ایک سیکنڈ۔

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: صرف مسجد نہیں، بلکہ آگے افریقہ میں جو یہ کام کر رہے ہیں ان کی تصویر بھی دی ہے۔ ان کی جماعت کے فوٹو گراف بھی دیئے ہیں یہ دکھانے کے لئے۔ اور سرخی یہ ہے کہ:

''ہم اس سے غافل نہ ہو جائیں کہ قادیانی کیا کر رہے ہیں''

اس کام کے لئے انہوں نے ان کی مسجد کو بھی دکھایا ہے اور ان کی اپنی تصویر بھی دکھائی ہے۔ اور نائیجریا میں دوسری...... یہ اس میں نہیں لکھا، وہ تو ظاہر ہے۔

**Mr. Chairman:** Ansari Sahib, this ..........

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: یہ آگے دیکھ لیں۔ تو ممکن ہے کہ......

جناب چیئرمین: میری عرض سنیں ناں جی۔

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: لیکن جب یہ ڈسکشن میں آیا تھا تو یہ چیز آئی تھی......

جناب چیئرمین: میری عرض سنیں۔..........Now this

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: ایک سیکنڈ میری بات سن لیں۔

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: ......تا کہ تصویر دیکھ کر کسی کو اعتراض نہ رہے۔

جناب چیئرمین: سنیں ناں جی ایک سیکنڈ۔ ایک سیکنڈ میری بات سنیں ناں، انصاری صاحب!
The document has been produced by the witness himself to contradict the question of the Attorney-General. The witness relies on this document. You can put to any of this........extracts of this document, yes. So, tomorrow it can be put. This you can discuss with the Attorney-General.

جناب عبدالعزیز بھٹی: یہ رسالہ جو ہے، کیوں نہ ریکارڈ پر رکھا جائے؟

جناب چیئرمین: ریکارڈ پر آ جائے گا۔ It is on the record that it has been produced by the witness as his own defence. So, this will remain on the record and the honourable members can see it, if any. I think it should not be passed on. It should not be passed on. It should remain, it shall remain in my Chamber till it is translated and everything. And from 9.00 to 10.00 tomorrow, the members can see it in my chamber, yes. آپ ویسے بھی آتے رہتے ہیں، رسالہ دیکھنے کے بہانے آ جائیں گے۔ From 9.00 to 10.00 in my Chamber, all the members can see it 9.00 to 10.00 a.m.

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: جناب والا دوسری چیز......

**Mr. Chairman:** It will be handed over to Maulana Sahib for translation and tomorrow Maulana Sahib will hand it over to me at 9.00.

---

## SUPPLY OF COPIES OF THE PROCEEDINGS, RELATING TO CROSS-EXAMINATION TO MEMBERS/ATTORNEY-GENERAL

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: دوسری یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی تصویروں پر جو کچھ انہوں نے کہا ہے......

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: اس کی فوٹو سٹیٹ کاپی......

مولانا محمد ظفر احمد انصاری: ......جو کچھ انہوں نے کہا ہے ان کے جوابات کا ریکارڈ ہمیں مل جائے تاکہ ہم آگے کے لئے تیاری کر سکیں۔

جناب چیئرمین: جی، میں کر رہا ہوں۔ جتنی جلدی ہو سکتا ہے ناں جی، I am trying to get 250 copies of these proceedings so that these may be distributed among the members as soon as possible, within a few days.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: میں عرض کروں جی، چوھدری صاحب!......

چوھدری ظہور الٰہی: دیکھیئے، میری عرض سن لیجئے......

*(Interruption)*

چوھدری ظہور الٰہی: دوسو پچاس بالکل نہ دیں، لیکن پانچ سات، یہ تو جب تک نہ ملیں شام تک تو......

**Mr. Chairman:** You will....... the Attorney-General will get it; and the rest within..........

جناب یحییٰ بختیار: کیونکہ بعض پوائنٹ ایسے ہیں......

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، ہو جائے گا۔

چوہدری ظہور الٰہی: ان کے لئے تو فوری چاہیے۔

جناب چیئرمین: بالکل۔ The Attorney-General needs it

جناب محمد ظفر احمد انصاری: جیسا لکھا ہے ویسے ہی دے دیں۔

**Mr. Chairman:** I will ask the Secretary to deliver the copies as.........

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Whatever is prepared that will do, that will be sufficient.

**Mr. Chairman:** Yes, copies of the proceedings to the Attorney-General at least - جتنی بھی ٹرانسکرپشن ہو - at least one copy should be given to the Attorney-General, because tomorrow's brief cannot be prepared without today's proceedings. So, even if you have to put more time or over-time, one copy has to be prepared.

So, the House is adjourned to meet tomorrow at 10.00 a.m.

Thank you very much.

---

*[The Special Committee of the whole House adjourned to meet at ten of the clock, in the morning, on Wednesday, the 7th August, 1974.]*

---

PCPPI—1090 (10) NA—12-2-2011—400.